بھلا کون بے قرار کی التجا قبول کرتا ہے جب وہ اس سے دعا کرتا ہے اور (کون) اس کی تکلیف دور کرتا ہے۔

اضافہ شدہ ایڈیشن

وظائف الصالحین

گھریلو پریشانیوں الجھنوں اور بیماریوں کیلئے

مجربات کا نادر ذخیرہ

مؤلف

(مولانا) حافظ اقبال قریشی

روحانی معالج

پسند فرمودہ

مولانا ابو القاسم نعمانی مدظلہ
مہتمم دار العلوم دیوبند انڈیا

مولانا محمد سلمان الحسنی مدظلہ
داماد شیخ الحدیث مولانا زکریا نور اللہ مرقدہ
ناظم جامعہ مظاہر العلوم سہارنپور انڈیا

الشیخ عبد الرحمٰن الشیبی مدظلہ
کلید بردار کعبۃ اللہ

مولانا محمد مکی حجازی مدظلہ
شیخ حرم بیت اللہ

متصل مرکزی جامع مسجد (لال مسجد) اسلام آباد

0334-5451794

Website: www.alshaibitrust.org

وظائف الصالحین

مؤلف حافظ اقبال قریشی

وظائف الصالحین

گھریلو پریشانیوں، الجھنوں اور بیماریوں کیلئے مجربات کا نادر ذخیرہ

مؤلف

(مولانا) پیر حافظ اقبال قریشی روحانی معالج

مولانا پیر حافظ اقبال قریشی صاحب کی طرف سے اس کتاب کے تمام وظائف پڑھنے کی عام اجازت ہے۔

❁ اسماء الحسنیٰ کے فضائل ❁ منزل ❁ درود شریف سے مشکلات کا حل
❁ متفرقات ❁ رحمتوں والے اعمال ❁ رزق میں برکت کے اعمال ❁ مسنون استخارہ

پسند فرمودہ

حضرت مولانا نذر الرحمٰن مدظلہ العالی (مقیم رائیونڈ مرکز لاہور پاکستان)

شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب اکوڑہ خٹک

مولانا عبد العزیز صاحب خطیب لال مسجد اسلام آباد

شیخ الحدیث مفتی حمید اللہ جان صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور

برائے صدقہ جاریہ

جو احباب اپنے مرحوم والدین عزیز و اقارب اور دوستوں کے ایصال ثواب کیلئے یا اپنے دوست احباب میں فری تقسیم کروانا چاہتے ہوں یا اپنے اہل و عیال کیلئے صدقہ جاریہ کے طور پر چھپوانا چاہتے ہوں وہ خصوصی رعایت کیلئے درج ذیل پتہ پر رابطہ فرمائیں۔

مرکزی جامع مسجد شیبی، مورگاہ، راولپنڈی

0334-5451794 - 0300-5802404

نام کتاب ...... وظائف الصالحین

مؤلف .... مولانا پیر حافظ اقبال قریشی 0300-5802404

ناشر .... مکتبہ شہید اسلام لال مسجد اسلام آباد 0334-5451794

پرنٹر .... دی آرمی پریس، اسلام آباد 0333-5204111

قیمت .... 350 روپے

یہ کتاب پشتو، فارسی، انگلش اور عربی میں بھی دستیاب ہے۔

اشاعت	تعداد
اوّل 8 جولائی 2009	1000
دوئم 18 جولائی 2009	1000
سوئم 25 جولائی 2009	3000
چہارم 30 اگست 2009	1000
پنجم 10 ستمبر 2009	1000
ششم 28 ستمبر 2009	1000
ہفتم 12 نومبر 2009	1000
ہشتم 20 دسمبر 2009	1000
نہم 25 جنوری 2010	1000
دہم 18 فروری 2010	1000
پندرھویں 07 جنوری 2011	5000
سولھویں 17 اگست 2011	3000
سترھویں 28 جولائی 2011	3000
اٹھارویں یکم مارچ 2012	3000
اُنیسویں جولائی 2012	5000
بیسویں 15-2014	8,000
اکیسویں 2016	4,000
بائیسویں اکتوبر 2017	4,000
تیئسویں ستمبر 2018	2,000
چوبیسویں اکتوبر 2019	2,000

ملنے کے پتے

مکتبہ اجمیریہ متصل مرکزی جامع مسجد الشیبی مورگاہ، راولپنڈی

مکتبہ شہید اسلام، لال مسجد اسلام آباد

مسٹر بکس، سپر مارکیٹ اسلام آباد

شاہین کیمسٹ، راولپنڈی، اسلام آباد

جامعہ فریدیہ، E-7، اسلام آباد

تاج کمپنی، لیاقت روڈ، راولپنڈی

مکتبہ رشیدیہ، کمیٹی چوک، راولپنڈی

احمد بک کارپوریشن، اقبال روڈ، راولپنڈی

مکتبہ سید احمد شہید، اکوڑہ خٹک

اسلامی کتاب گھر، خیابان، راولپنڈی

مکتبہ رحمانیہ، اردو بازار، لاہور

مکتبہ حسن، اردو بازار، لاہور

مکتبہ ادارۃ الحرم، اردو بازار، لاہور

مکتبہ عمر فاروق شاہ فیصل کالونی کراچی

اشرف بک، کمیٹی چوک، راولپنڈی

عرضِ ناشر

بفضل تعالیٰ مکتبہ شہید اسلام عرصہ دراز سے اسلامی تعلیمات کی ترویج واشاعت میں مصروف عمل ہے جوشہید اسلام مولانا محمد عبداللہ شہیدؒ کی یادگار ہے۔

حالات کی نزاکت، کفر کے تندوتیز طوفانوں اور اسلام دشمن قوتوں کے مکروہ عزائم کے باوجود مکتبہ شہیدِ اسلام اسلامی تعلیمات کی روشنی چارسو پھیلانے کی سعی کر رہا ہے۔

اسی سلسلے کی ایک کڑی جادو، بندش، نظربد، جناتی اثرات اور دیگر روحانی بیماریوں کے حل کیلئے لکھی گئی زیر نظر کتاب "وظائف الصالحین" ہے۔ جو کہ اس سلسلے میں یقیناً ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ مولف کتاب مولانا اقبال صاحب بلند پایہ عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بہترین ماہر عملیات بھی ہیں۔ انہوں نے اپنے تجربات کی روشنی میں اکابرین کی تعلیمات کو سامنے رکھتے ہوئے اوراد و وظائف کی ایک بہترین کتاب تالیف کی ہے۔ جو نذر قارئین ہے۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب کو شرف قبولیت سے نوازے اور مؤلف موصوف اور ناشر کیلئے ذریعۂ نجات اور قارئین کیلئے نافع اور کارآمد بنائے۔ آمین

والسلام

عمر فاروق مکتبہ شہید اسلام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میرے مربی و محسن، استاد، ذی وقار عالم با عمل اور عامل کامل، پیکر اخلاص، داعی الی اللہ حضرت مولانا حافظ محمد اقبال قریشی صاحب دامت برکاتہم العالیہ کو اللہ ربّ العزّت احسن جزا دے ان احسانات کی جو انہوں نے بندۂ عاجز پر کئے ہیں۔

بندۂ ناچیز دینی و دنیاوی تعلیم کے بعد عرصہ تقریباً ۱۲ بارہ سال سے عملیات اور طب کے شعبہ سے وابستہ ہے۔ اس سلسلہ میں پاکستان، انڈیا، ایران، بنگلہ دیش وغیرہ کے حکیموں اور عاملوں سے ملا لیکن عملیات میں جو شرح صدر حضرت مولانا اقبال قریشی صاحب پر ہوا وہ کسی اور پر نہ ہوسکا اسکی وجہ ان کا اخلاص، تقویٰ، سچائی، بے لوث دکھی انسانیت کی خدمت اور صحیح علم و عمل ہے روحانی امراض کے علاج میں ان کا علم، تجربہ اور بے حد مہارت ہے۔ پھر اس میں تاثیر، قبولیت اور مریضوں کا شفایاب ہونا یہ سب اللہ ربّ العزّت کی توفیق، مدد اور فضل کے بغیر ممکن نہیں ہوسکتا روحانی امراض کے علاج کے ساتھ ساتھ میرے محسن استادِ محترم نے عام لوگوں کے استخارہ کے لئے قرآنی آیات، دعائے ماثورہ اور اولیاء کرام کے وظائف پر مشتمل یہ کتاب "وظائف الصالحین" کے نام سے ترتیب دی تھی۔

اس صاحب کتاب کو الحمدللہ عصر حاضر کے اکابرین امت اور اولیائے کرام کی تائید و سرپرستی اور دعائیں حاصل ہیں جس کی وجہ سے اللہ ربّ العزت نے اس کتاب اور صاحب کتاب کو بڑی قبولیت اور مقبولیت عطا فرمائی اب تک یہ کتاب اردو، عربی اور انگریزی میں تقریباً ایک لاکھ کے قریب چھپ چکی ہے۔

اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ میں اتنے سالوں کی محنت اور کوشش کے بعد ان کے سامنے طفل مکتب ہوں اور ان کی شفقت اور علم کے فیض کا طلبگار ہوں ان سے تعلق کے بعد میں نے ان کے حکم پر اور اللہ ربّ العزّت کی رضا کے لئے تمام دنیاوی عہدوں کو خیر باد کہہ دیا اور ان کی دعاؤں اور سرپرستی سے اللہ کی مخلوق کی ہدایت اور خدمت کی کوشش کررہا ہوں اللہ ربّ العزّت بندۂ ناچیز کو ان تمام امیدوں پر پورا اترنے اور ان کے دامن سے وابستہ رہنے اور ان کیلئے صدقہ جاریہ بننے کی توفیق عطا فرمائے آمین

بندۂ عاجز و ناچیز قاری حکیم محمود الحسن توحیدی

سابق صوبائی نائب صدر (علماء ونگ) پاکستان مسلم لیگ (ق) پنجاب، سابق ممبر بین المذاہب صوبائی امن کمیٹی (حکومت پنجاب)، سابق ممبر بین الاالمذاہب ڈسٹرکٹ امن کمیٹی (پنجاب یونین)، سابق چیئرمین امن کمیٹی سول لائن ڈویژن لاہور (پنجاب پولیس)

فہرست عنوانات

طبِ نبوی علامہ ذھبیؒ

طب کی آٹھ سو سالہ قدیم کتاب جس میں دنیائے اسلام کے عظیم محدث علامہ ذھبی نے بے شمار مجرب طبی نسخے جمع کئے ہیں جن پر عمل کرنے سے ہر انسان بیماریوں سے بچ سکتا ہے الحمدللہ حضرت مولانا طارق جمیل صاحب مدظلہ کی خواہش پر بندہ نے اس کا ترجمہ کیا۔ پہلی بار وہ اردو زبان میں چھپی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Dr. Sher Ali Shah Almadani
P.H.D. (Gold Medalist) Madina University
Prof. of Hadith in Jamia Darul Uloom Haqqania
Akora Khattak, N.W.F.P. Pakistan
Ph: 0923-630731

الدکتور شیر علی شاہ المدنی
الدکتوراہ (بمرتبۃ الشرف الاولی)
من الجامعۃ الإسلامیۃ بالمدینۃ المنورۃ و مبعوثھا
استاذ الحدیث بجامعۃ دارالعلوم الحقانیہ اکورہ ختک
اقلیم سرحد - پاکستان

Date:.....................

التاریخ:-----------------

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

اما بعد ، ہمارے محترم مولانا حافظ محمد اقبال قریشی صاحب قابل صد ستائش وتحسین ہیں کہ انہوں نے قرآنی آیات ، احادیث نبویہ میں ذکر شدہ دعوات ماثورہ ، بزرگان دین ، اولیاء اللہ ، مشائخ عظام کے اوراد ووظائف ، مجربات ، عملیات کو مستند ومعتبر مصادر سے بہترین سلیقہ وترتیب سے کتابی شکل میں مرتب ومدون فرما کر امراض جسمانی ، روحانی میں مبتلا فرزندان اسلام کو اصل معنی کا بیش بہا ، وسیع شفابخش روح افزا تحفہ سے نوازا ہے ۔

(وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین) قرآن پاک جسمانی ، روحانی بیماروں کا علاج ہے ۔

سید الکائنات رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم بیمار پر اپنا دست مبارک پھیرتے اور یہ دعائیہ کلمات ارشاد فرماتے
أَذْهِبِ البَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا ،

حضرت عثمان بن ابی العاص نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں اپنے درد کا تذکرہ کیا تو آپ نے فرمایا کہ درد کی جگہ اپنا ہاتھ رکھ دو تین مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر سات دفعہ یہ کلمات پڑھ لیں ۔ أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ
اسی وقت درد ختم ہوا ۔

بارگاہ الہی میں دست بدعا ہوں کہ رب العالمین جل جلالہ محترم قریشی صاحب کے اس زریں ، وسیع تالیف کو شرف پذیرائی عطا فرما کر عوام وخواص مسلمان کو اس گنجینہ دعوات ، معمولات سے استفادہ کی توفیق بخشے

واسال اللہ تعالی ان یشفی جمیع مرضی المسلمین وھو الشافی بفضلہ وکرمہ بکشف الامراض والاسقام والاوھام والآلام

کتبہ شیر علی شاہ المدنی
۱۴۳۰/۶/۲ھ
خادم اھل العلم بجامعۃ دار العلوم حقانیہ ، اکوڑہ خٹک

جامعۃ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، ضلع نوشہرہ، صوبہ سرحد، پاکستان
Jamia Darul Uloom Haqqania Akora Khattak, Distt; Nowshera, N.W.F.P. Pakistan

Mufti Hameedullah Jan
Chairman Darul Ifta
AL JAMIATUL ASHRAFIA
Shahrah -e- Ferozpur, Lahore - Pakistan
Tel #: 042 - 7531581
Cell #: 0333 - 4241816

المفتی حمید اللہ جان
رئیس دار الافتاء
الجامعۃ الاشرفیہ
شارع فیروزپور روڈ لاہور پاکستان

Date ____________

تاریخ ۳ / جمادی الاخریٰ

باسمہ تعالیٰ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

آج کل امت مسلمہ مختلف مصائب کا شکار ہے۔ علماء کرام ہمیشہ ان کی ظاہری اور باطنی امراض کے علاج کیلئے فکرمند رہتے ہیں۔

چنانچہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی "وظائف الصالحین" ہے جو مولانا حافظ محمد اقبال قریشی صاحب نے اکابرین کے مجربات کو یکجا کر کے امت پر احسان فرمایا۔ اللہ کریم ان کی اس خدمت کو قبول فرما کر ذخیرہ آخرت بنا دے۔ آمین ثم آمین۔

فقط
حمید اللہ عفی عنہ خادم الحدیث والافتاء
جامعہ اشرفیہ لاہور

☎ 22429

دار العلوم دیوبند

Darul-Uloom, Deoband U.P.

حوالہ ---------- التاریخ ----------

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

محترم جناب اقبال قریشی صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

وظائف الصالحین کی انگلش ایڈیشن موصول ہوا۔ اس سے قبل اس کتاب کا اردو ایڈیشن بھی دستیاب ہوا تھا جس پر احقر نے کچھ مشورے بھی دئے تھے جنھیں آپ نے قبول فرمالیا۔

ماشاء اللہ آپ کا یہ اقدام بہت مستحسن ہے۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے۔ قرآنی دعائیں اور حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول وماثور دعائیں اقرب الی الاجابت ہیں۔ اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو اس کتاب سے کما حقہ استفادہ کی توفیق بخشیں، اور اپنے قرب ورضا کا ذریعہ بنائیں۔

والسلام

ابوالقاسم نعمانی غفرلہ

کارگزار مہتمم دارالعلوم دیوبند

۱۵ر جمادی الثانیہ ۱۴۳۲ھ

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله والصلاة على رسول الله وآله وصحبه أجمعين أما بعد فإني اطلعت ولله الحمد على كتاب وظائف الصالحين للشيخ حافظ إقبال قريشي جزاه الله عن الإسلام والمسلمين خير الجزاء فوجدته كتابا جليلا فيه من الأحاديث والفضائل شيء كثير ونافعا دنيا وآخرة وصلى الله على سيدنا محمد وآله وصحبه وسلم

عبد الرحمن صالح الشيبي
سادن الكعبة المشرفة

MADRASA
MAZAHIR ULOOM
SAHARANPUR-247001
(U.P.) INDIA
Ph. : (0132) 2655542 Fax : 2659912

Ref. No. .... Dated ....

کلمات قرآنیہ اور احادیث سے رقیہ، مشائخ کے تجربات کی روشنی میں

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

امابعد! قرآن واحادیث کے مبارک کلمات بیشک اپنا ایک اثر اور تاثیر رکھتے ہیں، اور زندگی کے مختلف مراحل میں ان سے رہنمائی اور استفادہ کیا جاتا ہے اور اس کی برکات کا مشاہدہ کیا جاتا ہے، اسی لئے مختلف ادوار میں اکابر علماء امت نے کلمات قرآنیہ اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے استفادہ فرماتے ہوئے مخصوص مواقع کے لئے کچھ اوراد ووظائف اپنے تجربات کی روشنی میں بتلائے ہیں، پیش نظر کتاب ''وظائف الصالحین''، جس کے مؤلف مولانا حافظ اقبال قریشی صاحب ہیں انھوں نے بزرگان دین کے انھیں تجربات کو کتابی شکل میں جمع کردیا ہے، دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالی اس کتاب کو امت کے لئے نافع بنائے اور قبول عام سے نوازے۔

مولانا سلمان الحسنی مدظلہ
(داماد شیخ الحدیث مولانا ذکریا نوراللہ مرقدہ)
ناظم جامعہ مظاہر علوم، سہارنپور انڈیا

فقط والسلام
ناظم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور
۱۲ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ

Muhammad Abdul Aziz
Khateeb:
Central Mosque Islamabad,
Government of Pakistan

محمد عبد العزیز
خطیب مرکزی جامع مسجد اسلام آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔

دعا کے قرآن و حدیث میں بہت فضائل ہیں دعا عبادت ہے دعا نبی محبوب اللہ رب العزت سے تعلق جوڑنے کا بہترین ذریعہ ہے دعا تمام پریشانیوں کا بہترین علاج ہے دعا سے پریشان دلوں کو سکون ملتا ہے دعاؤں اور وظائف پر مشتمل مولانا اقبال صاحب سلمہ نے ایک پیاری کتاب ترتیب دی ہے اللہ رب العزت اسکو آزمائشوں میں مبتلا امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے نفع کا باعث بنائے آمین ثم آمین

[illegible]
خطیب لال مسجد
۱۰ جمادی الثانی

Ph: 2277313, 2874313, 2273313, 2272313, 2822411 Fax: 2829373

حضرت مولانا نذر الرحمٰن مدظلہ العالی
(مقیم رائیونڈ مرکز، لاہور، پاکستان)

محترم مولانا حافظ اقبال قریشی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ صلاحیتیں عطا فرمائی ہیں علماء کرام اور اکابرین کے بے حد مداح اور خدمت گار ہیں بے شمار اکابرامت نے ان کو اجازت عطافرمائی ہے عملیات کے ساتھ لوگوں کو دعوت تبلیغ کی بھی ترغیب دیتے ہیں ان کی تالیف کردہ کتاب وظائف الصالحین کو اللہ تعالیٰ نے مقبولیت عطا فرمائی ہے عرب و عجم ان پر اعتماد کرتے ہیں مولانا جمشید ؒ کے علاج کے لئے بھی رائیونڈ مرکز تشریف لائے تھے میری دعاہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی صلاحیتوں میں مزید اضافہ فرمائے اور ان کی کتاب کو لوگوں کے نفع کا ذریعہ بنائے اور حاسدین اور مخالفین کے شر سے ان کی حفاظت فرمائے، ہم سب کا خاتمہ بالایمان فرمائے۔

العبد نذر الرحمٰن عفی عنہ

مقدمہ

ہر علم وفن کیلئے استاد کی ضرورت ہے دنیا میں جس قدر علوم وفنون پائے جاتے ہیں ان کے سیکھنے کیلئے ہم استاد کے محتاج ہیں علم وفن کی سینکڑوں کتابیں ہیں اور علم تصوف اور روحانیت پر جو کتابیں مرتب ہوئی ہیں ان کا بھی بڑا ذخیرہ ہمارے ہاں موجود ہے خصوصاً حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ و حضرت امام غزالیؒ و حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ اور حضرت مولانا اشرف علی تھانوی جیسے عظیم المرتبت بزرگوں نے اس موضوع پر کتابیں لکھ کر درحقیقت امت مسلمہ کی رشدوہدایت اور فلاح کا کافی معتبر مواد جمع کر دیا ہے مگر اصلاح نفس کیلئے پیرومرشد کی ضرورت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا بہر حال کتابوں کے مطالعہ سے عام طور پر کوئی عالم نہیں بن جاتا عالم فاضل بننے کیلئے ہمیں لازماً کسی درسگاہ میں پہنچ کر استاد کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پڑتے ہیں۔ عملیات کے سلسلے میں بھی ہمارے نیک باعمل اسلاف نے عظیم الشان خدمات انجام دی ہیں اور اس موضوع پر بھی کافی ذخیرہ موجود ہے مگر ان سے استفادہ کیلئے بھی اچھے استاد کی رہنمائی کی ضرورت ہے۔ بطور خود کوئی وظیفہ پڑھنا اور بغیر اجازت چلہ کشی کرنا ویسے بھی خطرہ سے خالی نہیں ہے قدیم زمانہ سے ہمارے بزرگوں کا یہ طریقہ رہا ہے جب طالب علم نے کسی فن کی کتابیں اول تا آخر پڑھ لیں اور دوسروں کو تعلیم دینے کا جذبہ رکھتا ہے تو اسے اپنے شیخ سے باقاعدہ اجازت حاصل کرنی پڑتی ہے اسی طرح کسی سے روحانی سلسلہ میں بیعت ہونے کے بعد آگے دوسرے لوگوں کی رہنمائی کے لئے مرشد سے اجازت لینی پڑتی ہے اگر مرشد اسے اجازت دے تو وہ مجاز اور خلیفہ کہلاتا ہے۔

عملیات کا فن جس کا خانقاہی زندگی سے ایک خاص ربط تھا استاد اور مرشد کی اجازت کے بغیر کوئی ایک قدم بھی نہیں اٹھاتا تھا لیکن افسوس اب نئی نسل کے عاملین کو ان تکلفات کی ضرورت نہیں رہی آج ہر شخص بے لگام ہے اسے کسی استاد کی ضرورت نہیں وہ خود اپنا استاد ہے جس کا دل چاہتا ہے خود ساختہ عامل بن بیٹھتا ہے نہ اسے کسی استاد کے پاس جاکر سیکھنے کی حاجت رہی اور نہ محنت و مشقت برداشت کرنے کی اور نہ چلہ کشی کی اور نہ ان ضرورتوں کو محسوس کرتا ہے اور اس سے بڑا ظلم یہ ہے کہ ایسا شخص جو عامل بھی نہیں ہے بلکہ خود کتابوں کا مطالعہ کرکے تعویذ لکھ کر لوگوں کو دینا شروع کردیتا ہے اور عامل کہلانا شروع کردیتا ہے۔ عملیات کی اصل بنیاد قرآن حکیم کی سورتیں اور آیات اور حضور ﷺ کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے کلمات ہیں جو دعاؤں اور نقوش کی شکل میں احادیث کی کتابوں میں موجود ہیں۔

عملیات کے میدان میں قدم رکھنے والے کیلئے جن علوم کی ضرورت ہے ان میں سب سے اہم علوم عربیہ سے واقف ہونا ہے کیونکہ عملیات کا ایک بڑا ذخیرہ عربی میں ہے اس کے علاوہ عامل کو علم نجوم اور ستاروں کی حرکات کا بھی علم ہونا ضروری ہے اس کے علاوہ اہم چیز جو عامل کے عمل میں تاثیر پیدا کرتی ہے وہ تقویٰ اور اتباع سنت ہے۔

ابوعبداللہ حافظ اقبال قریشی

۱۲ ربیع الاوّل ۱۴۳۰ھ

پیش لفظ

الحمدللہ و کفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی
وعلی الہ واصحابہ نجوم الھدیٰ امابعد

انسان کو اللہ تعالیٰ نے اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیا علیہ السلام اسی یاددھانی کیلئے دنیا میں تشریف لائے تاکہ انسان صراطِ مستقیم سے بھٹک نہ جائے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کی وجہ سے یہ ذمہ داری اب امت محمدیہ کے ذمہ لگی ہے۔ میں نے بھی سکول کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد دعوت و تبلیغ کے ماحول میں وقت لگایااس ماحول کی برکت سے حفظ قرآن کریم اور عالم کورس کرنے کا شوق پیدا ہوا حدیث کی تعلیم مکمل طور پر استاذالعلماء مولانا زین العابدین مدظلہ سے حاصل کی اور حفظ قرآن کی سعادت حضرت قاری غلام رسول مدظلہ سے حاصل کی روحانی علم کی جستجو میں سفر شروع کئے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور والدین کی دعاؤں سے بہت قلیل عرصہ میں مجھے مرشد کامل بھی مل گئے شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خانؒ کے استاد حضرت مولانا محمد جان (ٹیکسلا) کے صاحبزادے اور گوجرانوالہ نصرت العلوم کے استاد الحدیث حضرت مولانا مفتی عزیزالرحمٰن (نوراللہ مرقدہ) سے نسبت قائم ہوگئی۔ انہوں نے باقاعدہ ۵ چلے کروائے پھر سورہ مزمل کے چلہ کے ساتھ باموکل اجازت بھی عطافرمائی۔ کتاب پر موکل کی حاضری و کپڑے پر بالشت کا عمل اور تسبیح پر عمل بھی مختلف عاملین سے سیکھے۔ اس کے علاوہ جاگام کے پہاڑوں پر مصروف عبادت ۱۳۲ سالہ ولی اللہ قطب وقت

پیر کامل صندل بابا جی سے اجازت حدیث اور اجازت وظائف حاصل کی۔

اس کے علاوہ رومیٔ وقت، علم روحانی کے مالک اور ابدال وقت، پانچ زبانوں کے شاعر اور صاحب کشف بزرگ ہستی جن کی زیارت ہمارے اکابرین بھی سعادت جانتے تھے حضرت مولانا غلام النصیرالمعروف چلاسی بابا سے بھی اجازت کا شرف حاصل کیا۔ ان بزرگوں کے علاوہ کروڑوں لوگوں کی مخدوم شخصیت اور عالمی تبلیغی مرکزرائے ونڈ کے مقیم اور بزرگ ترین ہستی استاذالعلماءحضرت مولانانذرالرحمٰن دامت برکاتہم سے بھی اعمالِ قرآنی کی اجازت حاصل ہوئی ہے۔اس کے علاوہ ملک اور بیرونِ ملک کے کئی عاملین سے مختلف اعمال کی اجازت عطا ہوئی۔بیت اللہ کے کنجی بردار اور حضرت عثمان بن طلحہ صحابی کی اولاد میں حضرت عبدالرحمٰن الشیبی دامت برکاتہم سے بھی ان کے خاندانی وظائف اور مجربات اور قصیدۂ بردہ شریف کی اجازت کی سعادت عطاہوئی۔

ان تمام علوم سے لوگوں کی فیض یاب کرنا یہ ہمارا اصل مقصد ہےاس کے لئے میں راولپنڈی میں ایک خواتین کا مدرسہ بنام جامعہ امِّ حبیبہ اور ایک عالیشان مسجد بنام جامع مسجد الشیبیؒ جس کا سنگِ بنیادمتولی خانہ کعبہ نے کیا نگرانی کررہا ہوں۔روزانہ سینکڑوں لوگ تشریف لاتے ہیں الحمدللہ علاج کے ساتھ ان کے عقیدہ کی اصلاح بھی ہورہی ہے آج ہم جتنے مسائل کا شکار ہیں اس کا سبب ہماری دین سے دوری ہے اولاد کی نافرمانی، گھریلو ناچاقی، جسمانی اور ذہنی بیماریاں، اولادکے اچھے رشتے نہ ہونا، جادو اور جنات کے اثرات، لاعلاج بیماریوں کا آجانا،گھر میں خون کے چھینٹے آنا،الماری میں رکھے کپڑوں میں کٹ لگ جانا، گھرسے رقم کا چوری ہونا، گھرمیں آگ کا بھڑکنا، یہ جناتی یا جادو کے اثرات کی علامات ہیں ان کا حل کسی قرآن و سنت کے پابندعامل سے کرانا ضروری ہے۔

اس کے علاج کیلئے بدعتی اور بدعقیدہ کالے جادو کے ماہر عاملوں کے پاس جانا ایمان سے محرومی کی علامت ہے الحمدللہ مجھ سے شفایاب ہونے والے بے شمار لوگوں نے(جن میں اکثریت بیرون ملک مقیم ہے) بار بار خواہش کی کہ آپ اپنے اساتذہ اور بزرگوں کے مجربات کتابی شکل میں شائع کریں تاکہ تمام لوگ اس سے فائدہ اُٹھاسکیں۔میں نے اس کتاب کو مرتب کیا اور اس کا نام ''وظائف الصالحین'' رکھاالحمد للہ دو سال میں اس کو شرف قبولیت عطاہوا اور پچاس ہزار سے زائد کتب چھپ چکی ہیں، پھر انگلش، عربی، پشتواور فارسی ترجمہ میں بھی اس کتاب کی اشاعت ہو چکی ہے۔ میں کتاب پڑھنے والے تمام اہل ایمان مرد اور خواتین کو تمام وظائف کی دل سے اجازت عام دیتاہوں بشرطیکہ وہ نماز کی پابندی کریں وہ تمام وظائف کر سکتے ہیں۔ آخر میں وظائف کرنے والوں سے گزارش ہے کہ وہ جہاں اپنے لئے دعاکریں وہاں میرے لئے اور میری والدہ مرحومہ کیلئے بھی خصوصی دعاکریں۔

بندۂ عاجز
خاکپائے اصحابِ رسول ﷺ
حافظ اقبال قریشی نقشبندی
جامع مسجد الشیبیؓ، راولپنڈی
موبائل نمبر: +92-300-5802404
ای میل:saaleheen@gmail.com
ویب:www.alshaibitrust.com

سعد حسین شاہ لندن

حافظ اقبال قریشی صاحب سے میرا رابطہ 2009ء میں ہوا جب میں ایک شدید الجھن میں مبتلا تھا۔میرے گھر میں جادو کے ذریعے جنات چھوڑے گئے تھے۔جنہوں نے میری اور میرے بیوی بچوں کی زندگی اجیرن بنائی ہوئی تھی۔بے شمار عاملوں سے میں نے علاج کرایا لیکن افاقہ کی بجائے تکلیف بڑھتی رہی۔میرے ایک دوست حسین رضا صاحب جو بنگلہ دیش میں ہوتے ہیں وہ حافظ اقبال صاحب کو اپنا پیرو مرشد مانتے ہیں۔جب وہ انگلینڈ آئے اور میرے حالات کا ان کو پتہ چلا تو انہوں نے حافظ صاحب کا نمبر دیا۔میں نے حافظ صاحب سے رابطہ کیا اور انہیں اپنی پریشانی بتائی تو انہوں نے میرا اور میری والدہ کا نام اور ایڈریس لے کر الحمدللہ تین دن میں میرے گھر سے جنات نکال دیئے اور جادو کا اثر ختم کردیا۔میں اور میرے گھر کے تمام لوگ ان کے احسان مند اور معتقد ہیں اللہ ان کی کاوشوں اور اخلاص اور عمل میں برکت عطا فرمائے۔

سعد حسین شاہ

برسٹل روڈلندن

ڈاکٹر مزمل شاہ کراچی

میرا حافظ اقبال صاحب سے تقریباً دوسال سے تعلق ہے۔میری بیوی پر جناتی اثرات تھے جن کی وجہ سے ہماری شادی کو دس سال گزرنے کے باوجود ہمارے ہاں اولاد بھی نہ ہورہی تھی ۔مجھ سے صاحبزادہ نعیم شاہ صاحب نے ان کا تعارف کرایا اور پھر میں ان کے پاس مدرسہ ام حبیبہؓ مورگاہ راولپنڈی حاضر ہوا۔میں بے شمار عاملوں کے پاس سے علاج کراچکا تھااور عاملوں سے متنفر تھا لیکن حافظ صاحب کو میں نے نہایت منکسرالمزاج اور سنت کا پابند پایامیں ان سے بہت متاثر ہوا۔انہوں نے میرے سامنے کتاب پر موکل کو حاضرکیا اور میرے اور میری بیوی کے بارے میں سوال کیا ۔ایک طرف سے حافظ صاحب نے کتاب کو پکڑا اور دوسری طرف سے میں نے۔ جب آپ نے موکل سے میرے بارے میں سوال کیا تو کتاب بائیں کو تیزی سے گھوم گئی جوکہ نفی میں جواب کا اشارہ تھا لیکن جب میری بیوی پر جناتی اثر کا سوال کیا تو کتاب تیزی سے دائیں کو گھوم گئی جو اثبات کا اشارہ تھا۔الحمداللہ میری بیوی سے جناتی اثر ختم ہوا اوراللہ نے ہمیں ایک بیٹا بھی عطا کیا ہے اور حضرت کے پاس ہیپاٹائٹس،شوگر،بخار اور درد دل وغیرہ کے خاتمے کے اذن بھی ہیں۔جن سے لوگ فائدہ اٹھاتے رہتے ہیں اللہ ان کی صلاحیتوں سے ہمیں مستفید فرمائے۔

ڈاکٹر مزمل بٹ

کلینک ناظم آباد کراچی

ستارہ کیمیکل انڈسٹریز لمٹیڈ
32،کلومیٹر شیخوپورہ روڈ، فیصل آباد فون: 4689141-41-92+ فیکس 4689147-41-92+
ای میل: ceo@sitara.com.pk ویب سائٹ: www.sitara.com.pk

حافظ اقبال قریشی صاحب نے مختلف وظائف پر مشتمل کتاب وظائف الصالحین تالیف کی ہے جس کی آج کل کے دور میں بہت اہمیت ہے۔

یہ کتاب اسلامی تعلیمات اور ان کے ذریعے اپنی روحانی بیماریوں کو دور کرنے کے لئے بہترین مجموعہ ہے۔ میں نے اس کتاب کو پڑھنے کے بعد اس کی 10 ہزار کاپیاں چھپوا کر ہدیہ کے طور پر تقسیم کی ہیں تاکہ لوگ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنی پریشانیوں کا حل نکال سکیں جن کے متعلق اس کتاب میں قرآن سنت کی روشنی میں وظائف اور دعائیں موجود ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ رب کریم حافظ اقبال قریشی صاحب کے علم وعمل میں برکت عطا فرمائے اور ان کی تالیف سے سب کو مستفید ہونے کی توفیق بخشے۔ آمین

محمد ادریس

ستارہ کیمیکل انڈسٹریز لمٹیڈ

32 کلومیٹر شیخوپورہ روڈ، فیصل آباد

اسماء
الحسنٰی
مع معنی
اور
فضائل

اسماءُ الحُسنیٰ مع معنی اور فضائل

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۱	اَللّٰہُ ۶۶	خدا تعالیٰ کا ذاتی نام	جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ ”یَااَللّٰہُ“ پڑھے گا، ان شاء اللہ اس کے دل سے تمام شکوک وشبہات دُور ہوجائیں گے اور عزم ویقین کی قوت نصیب ہوگی۔جو لاعلاج مریض ہواور اس کے مرض سے اطباء عاجز آگئے ہوں وہ بکثرت ”یَااَللّٰہُ“ کا وِرد رکھے اور اس کے بعد شِفاء کی دُعا مانگے اس کو شِفاء نصیب ہوگی، بشرطیکہ موت کا وقت نہ آگیا ہو۔
۲	اَلرَّحْمٰنُ ۲۹۸	بے حد رحم کرنے والا	جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ ”یَارَحْمٰنُ“ پڑھے گااس کے دل سے ان شاء اللہ ہر قسم کی سختی اور غفلت دُور ہوجائے گی۔اگر کوئی شخص ”اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ“ کو لکھ کر اور دھو کر وہ پانی کسی درخت کی جڑمیں ڈال دے تو اس درخت کے پھل میں برکت ہو۔اسی طرح طالب ومطلوب کا نام مع والدہ کے لکھ کر باندھے تو مطلوب اس کی محبّت میں سرگرداں ہوجائے اوراگر کسی کو گھول کر پلائے تو اس کے دل میں کاتب کی محبّت ہو، بشرطیکہ محبّت جائز ہو۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۳	اَلرَّحِیۡمُ ۲۵۹	بڑا مہربان	جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ "یَارَحِیۡمُ" پڑھے گا اس کے قلب کی غفلت اور نسیان دفع ہوجائے گا، اور تمام دنیاوی آفتوں اور عملِ مکروہ سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا اور تمام مخلوق اس پر مہربان ہوجائے گی، اور اگر اس کو مشک وزعفران سے لکھ کر کسی محفوظ جگہ بد خلق آدمی کے گھر میں دفن کردیا جائے تو اس میں حیاء، ترحم اور مسکنت پیدا ہوجائے گی۔
۴	اَلۡمَلِكُ ۹۰	حقیقی بادشاہ	جو شخص روزانہ صبح کی نماز کے بعد "یَامَلِكُ" کثرت سے پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی فرمادیں گے، اور جو زوال کے وقت ایک سو بیس بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو صفائی قلب اور غناء ظاہری وباطنی سے سرفراز فرمائیں گے۔
۵	اَلۡقُدُّوۡسُ ۱۷۰	نقائص سے پاک ذات	جو شخص روزانہ زوال کے وقت اس اسمِ مُبارک کو کثرت سے پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا دل روحانی امراض سے پاک رہے گا۔ یعنی حسد، بغض، کینہ، حرص، خود غرضی اور ریاکاری وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔
۶	اَلسَّلَامُ ۱۳۱	بے عیب ذات	جو شخص کثرت سے اس اسمِ مُبارک کو پڑھتا رہے گا ان شاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر مریض کے پاس اسکے سرہانے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اُٹھا کر اس اسمِ مُبارک کو ۱۳۶ مرتبہ بلند آواز سے کہ مریض بھی سُن لے پڑھیں تو ان شاء اللہ اِس کو شفاء نصیب ہوگی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۷	اَلْمُؤْمِنُ ۱۳۶	امن وامان دینے والا	جو شخص کسی خوف کے وقت ۶۳۰ مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا، ان شاء اللہ ہر طرح کے خوف اور جانی ومالی نقصان سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کو پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے اس کا ظاہر وباطن اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔
۸	اَلْمُهَيْمِنُ ۱۴۵	نگہبان	جو شخص غسل کرکے دو رکعت نماز پڑھے اور صدقِ دل سے ۱۰۰ مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کا ظاہر وباطن پاک فرما دیں گے اور عُلوِّ ہمّتی پیدا ہوگی۔ اور جو شخص ۱۱۵ مرتبہ پڑھے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ پوشیدہ چیزوں پر مطلع ہوگا یعنی اس پر اسرارِ الٰہی منکشف ہونے لگیں گے۔
۹	اَلْعَزِيْزُ ۹۴	سب پر غالب	جو شخص چالیس دن تک چالیس مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو معزز و مستغنی بنادیں گے۔ اور جو شخص نمازِ فجر کے بعد ۴۱ مرتبہ پڑھے گا وہ ان شاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہوگا اور ذلّت کے بعد عزت پائے گا۔
۱۰	اَلْجَبَّارُ ۲۰۶	سب سے زبردست	جو شخص روزانہ صبح وشام ۲۲۶ مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ ظالموں کے ظلم و قہر سے محفوظ رہے گا، اور جو شخص چاندی کی انگوٹھی پر یہ اسمِ مُبارک نقش کرواکے پہنے گا اس کی ہیبت وشوکت لوگوں کے دلوں میں ان شاء اللہ پیدا ہوگی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۱۱	اَلْمُتَكَبِّرُ ۶۶۲	بڑائی اور بزرگی والا	جو شخص کثرت سے اس اسمِ مُبارک کا وِرد رکھے گا، اللہ تعالیٰ اسے عزّت وبڑائی عطا فرمائیں گے۔ اور اگر ہر کام کی ابتداء میں یہ اسمِ مُبارک بکثرت پڑھے گا تو ان شاء اللہ اس میں کامیاب ہو گا۔ شبِ زفاف میں بیوی کے پاس جاکر قبل مُباشرت دس بار ذکر کرے تو اولادِ نرینہ نیک بخت ہو۔
۱۲	اَلْخَالِقُ ۷۳۱	پیدا کرنے والا	جو شخص سات روز تک متواتر سو مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا ان شاءاللہ تعالیٰ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص ہمیشہ اسمِ مُبارک "اَلْخَالِقُ" پڑھتا رہے تو اللہ پاک ایک فرشتہ پیدا کردیتے ہیں جو اس کی طرف سے عبادت کرتا ہے اور اس کا چہرہ منور رہتا ہے۔
۱۳	اَلْبَارِئُ ۲۱۳	جان ڈالنے والا	اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد ۲۱ مرتبہ "اَلْبَارِئُ اَلْمُصَوِّرُ" پڑھے ان شاء اللہ اسے حمل قرار پاوے اور اولادِ نرینہ نصیب ہو۔
۱۴	اَلْمُصَوِّرُ ۳۳۶	صورت دینے والا	اس اسمِ مُبارک کے خواص وبرکات بھی وہی ہیں جو "اَلْبَارِئُ" کے ہیں۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۱۵	اَلْغَفَّارُ ۱۲۸۱	درگزر اور پردہ پوشی کرنے والا	جو شخص نمازِ جُمعہ کے بعد ۱۰۰ مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا ان شاء اللہ اس پر مغفرت کے آثار ظاہر ہونے لگیں گے، اور ہر تنگی رفع ہو گی اور بے شمار رزق حاصل ہو گا۔ اور جو شخص نمازِ عصر کے بعد روزانہ "یاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ" پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ان شاء اللہ بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کریں گے۔
۱۶	اَلْقَهَّارُ ۳۰۶	سب کو اپنے قابو میں رکھنے والا	جو شخص دُنیا کی محبت میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسمِ مُبارک کو پڑھے تو ان شاء اللہ دُنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے گی اور خدا کی محبّت پیدا ہو جائے گی۔ دشمنوں پر فتح حاصل ہو گی۔ اگر چینی کے برتن پر لکھ کر ایسے شخص کو پلایا جائے جو بوجہ سحر کے عورت پر قادر نہ ہو تو اس کی برکت سے سحر دفع ہو۔
۱۷	اَلْوَهَّابُ ۱۴	سب کچھ عطا کرنے والا	جو شخص فقروفاقہ میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں چالیس مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھا کرے تو ان شاء اللہ فقرو فاقہ سے اُسے حیرت انگیز طور پر نجات ملے گی۔ اور اگر کوئی خاص حاجت درپیش ہو تو گھر یا مسجد کے صحن میں تین بار سجدہ کر کے ہاتھ اُٹھائے اور ۱۰۰ مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہو جائے گی۔

خواص اور فوائد	معنی	اسماءِ حُسنیٰ	نمبر شمار
جو شخص نمازِ صبح سے قبل اپنے مکان کے چاروں کونوں میں دس دس مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھ کر دم کرے گا، اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے ان شاء اللہ کھول دیں گے اور بیماری و مُفلسی اس کے گھر میں ہرگز نہ آئے گی۔ یہ عمل قبلہ کی داہنی جانب سے شروع کیا جائے اور منہ قبلہ کی طرف ہی رہے	بہت بڑا روزی دینے والا	اَلرَّزَّاقُ ۳۰۸	۱۸
جو شخص نمازِ فجر کے بعد دونوں ہاتھ سینہ پر رکھ کر ۷۰ مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھا کرے گا ان شاء اللہ اس کا دل نورِ ایمان سے منور ہوجائے گا اور قلب میں طہارت پیدا ہوگی۔	بہت بڑا مشکل کُشا	اَلْفَتَّاحُ ۴۸۹	۱۹
جو شخص کثرت سے "یَاعَلِیْمُ" کا وِرد کرے گا، اللہ تعالیٰ اس پر ان شاء اللہ تعالیٰ علم و معرفت کے دروازے کھول دیں گے، اور اس کا حافظہ قوی ہو گا۔ جو شخص "رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا" کی تلاوت کرے گا ان شاء اللہ اس کے عِلم میں بے حد اضافہ ہو گا۔	بہت وسیع علم والا	اَلْعَلِيْمُ ۱۵۰	۲۰
جو شخص روٹی کے چار لقموں پر اس اسمِ مُبارک کو لکھ کر چالیس دن تک کھائے گا، بھُوک، پیاس، زخم اور دَرد وغیرہ کی تکلیف ان شاء اللہ محسوس نہ ہو گی۔	روزی تنگ کرنے والا	اَلْقَابِضُ ۹۰۳	۲۱
جو شخص نمازِ چاشت کے بعد آسمان کی جانب ہاتھ اٹھا کر روزانہ دس مرتبہ اس اسمِ مبارک کو پڑھے گا اور منہ پر ہاتھ پھیرے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی بنا دیں گے اور وہ کبھی کسی کا محتاج نہ ہو گا۔	روزی فراخ کرنے والا	اَلْبَاسِطُ ۷۲	۲۲

خواص اور فوائد	معنی	اسماءِ حُسنیٰ	نمبر شمار
جو شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ "یَاخَافِضُ" پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی حاجتیں پوری اور مشکلات دُور فرمادیں گے۔ جو شخص تین دن تک مسلسل روزے رکھے اور چوتھے روز ایک ہی مجلس میں بیٹھ کر ۷۰ بار "یَاخَافِضُ" پڑھے تو ان شاء اللہ دشمن پر فتح یاب ہو۔	پست کردینے والا	اَلْخَافِضُ ۱۴۸۱	۲۳
جو شخص ہر مہینہ کی چودھویں رات کو آدھی رات کے وقت ۱۰۰ مرتبہ "یَارَافِعُ" پڑھے تو اللہ پاک اسے ان شاء اللہ مخلوق سے بے نیاز کردیں گے اور تونگری عطا فرمائیں گے۔	بلند کردینے والا	اَلرَّافِعُ ۳۵۱	۲۴
جو شخص پیر یا جُمعہ کے دن بعد نمازِ مغرب ۴۰ مرتبہ "یَامُعِزُّ" پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو ان شاء اللہ لوگوں میں باعِزّت اور باوقار بنادیں گے اور اس کی ہیبت لوگوں کے دلوں میں پیدا ہوگی۔	عزت دینے والا	اَلْمُعِزُّ ۱۱۷	۲۵
جو شخص ۷۵ مرتبہ "یَامُذِلُّ" پڑھ کر سربسجود ہو کر دُعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو ان شاء اللہ حاسدوں، ظالموں اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھیں گے۔ اگر کوئی خاص دشمن ہو تو سجدہ میں اس کا نام لے کر کہ "اے اللہ! فلاں ظالم یا دشمن کے شر سے محفوظ رکھ۔" دُعا کرے ان شاء اللہ قبول ہوگی۔	ذلت دینے والا	اَلْمُذِلُّ ۷۷۰	۲۶

خواص اور فوائد	معنی	اسماءِ حُسنیٰ	نمبرشمار
جو شخص جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو یا ایک سو یا پچاس مرتبہ "یَاسَمِیْعُ" پڑھے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دُعائیں قبول ہوں گی۔ درمیان میں کسی سے بات ہرگزنہ کرے،اور جو شخص جُمعہ کے دن فجر کی سُنّتوں اور فرضوں کے درمیان سو مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ان شاء اللہ نظرِ خاص سے نوازیں گے۔	سب کچھ سننے والا	اَلسَّمِیْعُ ۱۸۰	۲۶
جو شخص نمازِ جُمعہ کے بعد سو مرتبہ "یَابَصِیْرُ" پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی نگاہ میں ان شاء اللہ روشنی اور دل میں نُور پیدا فرمادیں گے ۔ جو شخص جمعرات کے روز نمازِ فجر کی سُنتوں اور فرضوں کے درمیان اس اسمِ مُبارک کو سو مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو ہدایت سے منور فرمائیں گے۔	سب کچھ دیکھنے والا	اَلْبَصِیْرُ ۳۰۲	۲۸
جو شخص اخیر شب میں ۹۹مرتبہ باوضو یہ اسمِ مُبارک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو ان شاء اللہ تعالیٰ محل اسرارو انوار بنادیں گے۔اور جو شخص جُمعہ کی رات میں یہ اسمِ مُبارک اس قدر پڑھے کہ بے حال وبے خود ہوجائے تواللہ تعالیٰ اس کے قلب کو کشف والہام سے نوازیں گے۔	حاکم مطلق	اَلْحَکَمُ ۶۸	۲۹
جو شخص جُمعہ کے دن میں یا جُمعہ کی رات میں روٹی کے بیس ٹکڑوں پر "اَلْعَدْلُ" لکھ کر کھائے گا اللہ تعالیٰ مخلوق کو اس کے لئے مسخر فرمادیں گے۔	سرتاپا انصاف	اَلْعَدْلُ ۱۰۴	۳۰

خواص اور فوائد	معنی	اسماءِ حُسنیٰ	نمبر شمار
جو شخص ۱۳۳ مرتبہ "یَااَللَّطِیۡفُ" پڑھا کرے اس کے رزق میں ان شاء اللہ برکت ہو گی اور اس کے سب کام بخوبی پورے ہوں گے۔ جو شخص فقر وفاقہ، دُکھ، بیماری، تنہائی، کسمپرسی یا کسی اور مصیبت میں گرفتار ہو وہ اچھی طرح وضو کر کے دوگانہ پڑھے اور اپنے مقصد ومطلب کو دل میں رکھ کر سو مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھے، مقصد یقیناً پورا ہو گا۔	بڑا لطف و کرم کرنے والا	اَللَّطِیۡفُ ۱۲۹	۳۱
جو شخص سات روز تک یہ اسمِ مُبارک بکثرت پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اس پر پوشیدہ راز ظاہر ہونے لگیں گے۔ جو شخص خواہشاتِ نفسانی میں یا کسی موذی کے پنجہ میں گرفتار ہو وہ بکثرت اس اسمِ مُبارک کا وِرد کرے ان شاء اللہ ان سے رہائی نصیب ہو گی۔	باخبر اور آگاہ	اَلۡخَبِیۡرُ ۸۱۲	۳۲
جو شخص اس اسمِ مُبارک کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر جس چیز پر اس پانی کو چھڑکے یا ملے گا ان شاء اللہ اس میں خیر وبرکت ہو گی۔ اگر اوزاروں پر چھڑکے تو اس کی صنعت وحرفت میں برکت ہو۔ اگر کشتی پر چھڑکے تو غرق ہونے سے محفوظ رہے۔ جانور پر چھڑکا جائے تو تمام آفتوں سے وہ محفوظ رہیں۔ اگر کوئی امیر آدمی اس کی بکثرت تلاوت کرے تو اس کا عزو وقار برقرار رہے۔	بڑا بردبار	اَلۡحَلِیۡمُ ۸۸	۳۳
جو شخص اس اسمِ مُبارک کا بکثرت وِرد رکھے گا ان شاء اللہ اسے عزت و عظمت نصیب ہو گی اور وہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا۔ اس اسمِ مُبارک کے ۱۲ مرتبہ پڑھنے سے ہر آفت سے اَمن حاصل ہو گا۔	بڑا بزرگ	اَلۡعَظِیۡمُ ۱۰۲۰	۳۴

خواص اور فوائد	معنی	اسماءِ حُسنیٰ	نمبر شمار
جو شخص اس اسمِ مُبارک کا بکثرت ورد رکھے گا ان شاء اللہ اس کی تکلیفیں اور رنج و غم دُور ہو جائیں گے اور مال واولاد میں برکت ہو گی۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو سجدہ میں "یَارَبِّ اغْفِرْلِیْ" تین مرتبہ کہے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرمادیں گے (نماز کے سجدہ کے علاوہ)۔ اس کے علاوہ اس اسمِ مُبارک کو تین بار لکھ کر بُخار والے کو باندھ دیا جائے تو بُخار جاتا رہے، ان شاء اللہ۔	بہت بخشنے والا	اَلْغَفُوْرُ ۱۲۸۶	۳۵
جو شخص معاشی تنگی یا کسی اور دُکھ درد میں مبتلا ہو وہ اس اسمِ مُبارک کو ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھے، ان شاء اللہ اس سے رہائی نصیب ہو گی۔ اگر تکان یا گرانیٔ اعضاء ہو تو اس اسمِ مُبارک کو لکھ کر بدن پر پھیر دے اور پیئے تو آرام ہو اور اگر ضعیف البصر اپنی آنکھ پر پھیرے تو نگاہ میں ترقی ہو۔	قدر دان	اَلشَّکُوْرُ ۵۲۶	۳۶
جو شخص اس اسمِ مُبارک کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے اسے رُتبہ کی بلندی، خوشحالی اور مقصد میں کامرانی نصیب ہوگی۔ اگر اس اسمِ مُبارک کو لکھ کر بچے کو باندھ دیا جائے تو جلد جوان ہو۔ اگر مسافر اپنے پاس رکھے تو جلد اپنے عزیزوں سے ملے۔ اگر محتاج اپنے پاس رکھے تو غنی ہو جائے۔	بہت بلند و برتر	اَلْعَلِیُّ ۱۱۰	۳۷

نمبرشمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۳۸	اَلْکَبِیْرُ ۲۳۲	بہت بڑا	جو شخص اپنے عہدہ سے معزول ہو گیا ہو وہ سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ "یَا کَبِیْرُ" پڑھے وہ ان شاءاللہ اپنے عہدہ پر بحال ہو جائے گا اور بزرگی وبرتری نصیب ہوگی۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کی کثرت کرے گا اس پر عُلوم ومعرفت کے دروازے کُھل جائیں گے۔ اگر کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کرکے میاں بیوی کو کھلایا جائے تو باہم اُلفت پیدا ہو۔
۳۹	اَلْحَفِیْظُ ۹۹۸	سب کا محافظ	جو شخص بکثرت "یَاحَفِیْظُ" کاوِرد رکھے گا اور لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ ان شاء اللہ ہر طرح کے خوف وخطر اور نقصان وضرر سے محفوظ رہے گا چاہے وہ درندوں کے درمیان ہی کیوں نہ سوتا ہو۔
۴۰	اَلْمُقِیْتُ ۵۵۰	سب کو روزی و توانائی دینے والا	جو شخص خالی آبخورے میں سات مرتبہ یہ اسم مُبارک پڑھ کر دَم کرے گا، اور اس میں خود پانی پیئے یا کسی دوسرے کو پلائے یا سونگھے تو ان شاء اللہ مقصد حل ہو جائے گا۔ اگر روزہ دار اسے مٹی پر پڑھ کر یا لکھ کر اس کو تَر کر کے سونگھے تو قوت اور غذائیت حاصل ہو۔ اگر مسافر کوزہ پر سات بار پڑھ کر پھونکے اور پھر اس سے پانی پیا کرے تو وحشتِ سفر سے مامون ہو۔
۴۱	اَلْحَسِیْبُ ۸۰	سب کیلئے کفایت کرنے والا	جس شخص کو کسی بھی شخص یا چیز کا ڈر ہو وہ جمعرات سے شروع کرکے آٹھ روز تک صبح وشام ستر مرتبہ "حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ" پڑھے وہ ان شاء اللہ ہر چیز کے شر سے محفوظ رہے گا۔ جسے کوئی غم یا مصیبت واقع ہو وہ "حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ" کی کثرت کرے۔ اللہ تعالیٰ اسکی تمام دنیوی واُخروی پریشانیاں دُور فرمائیں گے۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۴۲	اَلْجَلِیْلُ ۷۳	بزرگ اور بلند مرتبہ والا	جو شخص مشک و زعفران سے اسمِ مُبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور بکثرت ''یَاجَلِیْلُ'' کاوِرد رکھے گا،ان شاء اللہ اس کو عزت و عظمت اور قدر ومنزلت حاصل ہو گی۔
۴۳	اَلْکَرِیْمُ ۲۷۰	بہت کرم کرنے والا	جو شخص روزانہ سوتے وقت ''یَاکَرِیْمُ'' پڑھتے پڑھتے سوجایاکرے تواللہ تعالیٰ اس کوعُلماءوصُلحاء میں عزت نصیب فرمائیں گے۔
۴۴	اَلرَّقِیْبُ ۳۱۲	بڑا نگہبان	جو شخص اپنے اہل و عیال و مال و منال پر سات مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھ کر روزانہ دم کیا کرے اور ''یَارَقِیْبُ'' کا وِرد رکھے ،ان شاء اللہ وہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔اگر حمل کے ضائع ہونے کا خطرہ ہو تو عورت اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر سات بار اس اسمِ مُبارک کو پڑھے،ان شاء اللہ بچہ ضائع ہونے سے محفوظ رہے گا۔اگر سفر میں کسی بال بچے کی طرف سے فکر ہو تو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر اس اسمِ مُبارک کو سات مرتبہ پڑھے،ان شاء اللہ وہ بچہ سفر میں محفوظ رہے گا۔
۴۵	اَلْمُجِیْبُ ۵۵	دُعائیں سننے اور قبول کرنے والا	جو شخص کثرت سے ''یَامُجِیْبُ''پڑھا کرے ان شاء اللہ اس کی دُعائیں بارگاہِ خداوندی میں قبول ہونے لگیں گی۔نیز دُعا کے ساتھ ذکر کرنا موجبِ قبولیتِ دُعاہے۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۴۶	اَلْوَاسِعُ ۱۳۷	وسعت والا	جو شخص بکثرت "یَاوَاسِعُ" کا ذکر کرے گا ان شاء اللہ اس کو ظاہری و باطنی غناء اللہ تعالیٰ عطا فرمائیں گے، اس میں حوصلگی و بردباری پیدا ہوگی۔
۴۷	اَلْحَکِیْمُ ۷۸	بڑی حکمتوں والا	جو شخص کثرت سے "یَاحَکِیْمُ" پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس پر علم و حکمت کے دروازے کھول دیں گے۔ جس کا کوئی کام پورا نہ ہوتا ہو تو وہ پابندی سے اس اسمِ مُبارک کو پڑھے ان شاء اللہ کام پورا ہوجائے گا۔
۴۸	اَلْوَدُوْدُ ۲۰	بڑا محبت کرنے والا	جو شخص ایک ہزار مرتبہ "یَاوَدُوْدُ" پڑھ کر کھانے پر دم کرے گا اور بیوی کے ساتھ بیٹھ کر وہ کھانا کھائے گا تو ان شاء اللہ میاں بیوں کا جھگڑا ختم ہوجائے گا اور باہمی محبت پیدا ہوگی۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کا ہزار بار ذکر کرے گا وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا محبُوب ہوجائے گا۔
۴۹	اَلْمَجِیْدُ ۵۷	بڑا بزرگ	جو شخص کسی موذی مرض آتشک، جذام یا برص وغیرہ میں گرفتار ہو، وہ (۱۳،۱۴،۱۵) تاریخ کے روزے رکھے اور افطار کے بعد اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے اور پانی دم کرکے پیئے، ان شاء اللہ وہ مرض دُور ہوجائے گا۔ چاہے اس کا ازالہ بلا سبب ہو یا اسباب دنیویہ یعنی علاج وغیرہ کے ساتھ ہو۔
۵۰	اَلْبَاعِثُ ۷۳	مُردوں کو زندہ کرنے والا	جو شخص روزانہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ایک سو ایک مرتبہ "یا بَاعِثُ" پڑھے کرے، ان شاء اللہ اس کا دل علم و حکمت سے زندہ ہوجائے گا۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۵۱	اَلشَّهِيدُ ۳۱۹	حاضر و ناظر	جس شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو وہ صبح کے وقت اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر ۲۱ مرتبہ "یَاشَهِيدُ" پڑھ کر دم کرے، ان شاء اللہ فرمانبردار ہوجائے گی۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کی کثرت سے تلاوت کرے گا، اس کا دل باطل سے متنفر ہوکر حق کی جانب مائل ہوگا۔
۵۲	اَلْحَقُّ ۱۰۸	برحق و برقرار	جو شخص چوکور کاغذ کے چاروں کونوں پر "اَلْحَقُّ" لکھ کر سحر کے وقت کاغذ کو ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف بلند کرکے دُعا کرے، ان شاء اللہ گمشدہ شخص یا سامان مل جائے گا اور نقصان و مصائب سے محفوظ رہے گا۔
۵۳	اَلْوَكِيلُ ۶۶	بڑا کارساز	جو شخص کسی بھی آسمانی آفت کے خوف کے وقت "یَاوَكِيلُ" کاوِرد کرے گا اور اس اسمِ مُبارک کو اپنا وکیل بنالے گا وہ ان شاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ جسے کوئی غم یا مصیبت واقع ہو وہ "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ" کی کثرت کرے، اللہ تعالیٰ اس کی تمام دنیوی واُخروی پریشانیاں دُور فرمادیں گے۔
۵۴	اَلْقَوِيُّ ۱۱۶	بڑی طاقت و قوت والا	جو شخص واقعی مظلوم، کمزور اور مغلوب ہو وہ اس ظالم اور طاقتور دشمن کو دفع کرنے کی نیت سے بکثرت اس اسمِ مُبارک کو پڑھے تو ان شاء اللہ اس سے محفوظ رہے گا۔ (بے محل اور ناحق یہ عمل ہرگز نہ کرے)۔
۵۵	اَلْمَتِينُ ۵۰۰	شدید قوت والا	جس عورت کے دودھ نہ ہو اس کو "اَلْمَتِينُ" کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائیں، ان شاء اللہ خوب دُودھ ہوگا۔ جو شخص لڑکا یا لڑکی پر "اَلْمَتِينُ" دس بار پڑھے گا تو وہ بچہ فسق وفجور اور گناہوں سے محفوظ رہے گا۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۵۶	اَلْوَلِیُّ ۱۳۷	مددگار اور حمایتی	جو شخص اپنی بیوی کی عادتوں، خصلتوں سے خوش نہ ہو وہ جب اس کے سامنے جائے تو اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے ان شاء اللہ نیک خصلت ہوجائے گی۔ جو شخص شب ِجُمعہ میں اس اسمِ مُبارک کو ایک ہزار بار پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اسے نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائیں گے۔
۵۷	اَلْحَمِیْدُ ۶۲	لائقِ تعریف	جو شخص ۴۵ دن تک متواتر ۹۳ مرتبہ تنہائی میں پڑھا کرے اس کی تمام بُری خصلتیں دُور ہوجائیں گی ان شاء اللہ۔
۵۸	اَلْمُحْصِیْ ۱۴۸	اپنے علم و شمار میں رکھنے والا	جو شخص روٹی کے بیس ٹکڑوں پر روزانہ بیس مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھ کر دم کرے اور کھائے تو ان شاء اللہ مخلوق اس کے لئے مسخر ہوجائے گی۔
۵۹	اَلْمُبْدِئُ ۵۶	پہلی بار پیدا کرنے والا	جو شخص سحر کے وقت حاملہ عورت کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ۹۹ مرتبہ ''یَامُبْدِئُ'' پڑھے گا، ان شاء اللہ حمل ضائع ہونے سے محفوظ رہے گا اور جب تک بچہ کامل نہ ہوگا وضع حمل نہ ہوگا۔
۶۰	اَلْمُعِیْدُ ۱۲۴	دوبارہ پیدا کرنے والا	گمشدہ شخص کو واپس بلانے کے لئے جب گھر کے سب آدمی سو جائیں تو گھر کے چاروں کونوں میں سترّ سترّ مرتبہ ''یَامُعِیْدُ'' پڑھے، ان شاء اللہ سات روز میں واپس آجائے گا یا پتہ چل جائے گا۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کا وِرد کرے گا اسے بھُولی ہوئی باتیں یاد آجائیں گی۔ اور جو شخص اس اسمِ مُبارک کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ اس کی حیرت دُور ہوجائے گی۔

خواص اور فوائد	معنی	اسماءِ حُسنیٰ	نمبر شمار
جو شخص بیمار ہو وہ کثرت سے ''اَلْمُحْیِیُ'' کا ورد رکھے یا اگر کسی بیمار پر دم کیا جائے تو ان شاء اللہ جلد صحت یاب ہوجائے۔جو شخص ۸۹ مرتبہ ''اَلْمُحْیِیُ'' پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرے،وہ ہر طرح کی قید وبند سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔	زندگی دینے والا	اَلْمُحْیِیُ ۶۸	۶۱
جس شخص کا نفس اس کے قابو میں نہ ہو وہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر''اَلْمُمِیْتُ''پڑھتے پڑھتے سوجائے تو ان شاء اللہ اس کا نفس مطیع ہوجائے گا۔اگر کسی میں اسراف کی عادت ہو تو وہ اس اسمِ مُبارک کی کثرت سے تلاوت کرے تو یہ عادتِ بد اس سے چھوٹ جائے گی اور شوقِ عبادت پیدا ہوجائے گا۔	موت دینے والا	اَلْمُمِیْتُ ۴۹۰	۶۲
جو شخص روزانہ تین ہزار مرتبہ ''اَلْحَیُّ'' کا وِرد رکھے گا وہ ان شاء اللہ کبھی بیمار نہ ہوگا۔جو شخص اس اسمِ مُبارک کو چینی کے برتن پر مشک اور گلاب سے لکھ کر شیریں پانی سے دھوکر پیئے گا یا کسی دوسرے بیمار کو پلائے گا تو ان شاء اللہ شفائے کامِل نصیب ہوگی۔	ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا	اَلْحَیُّ ۱۸	۶۳
جو شخص بکثرت اس اسمِ مُبارک ''یَاقَیُّوْمُ'' کاوِرد رکھے گا، ان شاء اللہ لوگوں میں اس کی عزت وساکھ زیادہ ہوگی، اور تنہائی میں بیٹھ کر وِرد کرے گا تو ان شاء اللہ خوشحال ہوجائے گا۔جو شخص صبح کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک ''یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ'' کا وِرد کیا کرے،ان شاء اللہ اس کی سُستی اور کاہلی دُور ہوجائے۔ان ہر دو اَسماء کی تلاوت سے نیند کا غلبہ دُور ہوجاتا ہے اور مستعدی پیدا ہوجاتی ہے۔	سب کو قائم رکھنے اور سنبھالنے والا	اَلْقَیُّوْمُ ۱۵۶	۶۴

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
٦٥	اَلْوَاجِدُ ۱۴	ہر چیز کو پانے والا	جو شخص کھانا کھاتے وقت "یَاوَاجِدُ" کا وِرد رکھے، غذا اس کے قلب کی طاقت و قوت اور نورانیت کا باعث ہو گی، ان شاء اللہ۔
٦٦	اَلْمَاجِدُ ۴۸	بزرگی اور بڑائی والا	جو شخص تنہائی میں اس اسمِ مُبارک کو اس قدر پڑھے کہ بے خود ہو جائے۔ تو ان شاء اللہ اس کے قلب پر انوار الٰہیّہ ظاہر ہونے لگیں گے۔
٦٧	اَلْوَاحِدُ ۱۹ اَلْاَحَدُ	ایک، اکیلا	جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ "اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ" پڑھا کرے گا، اس کے دل سے ان شاء اللہ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔ جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ اس اسمِ مُبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ ان شاء اللہ اس کو اولادِ صالح نصیب ہو گی۔
٦٨	اَلصَّمَدُ ۱۳۴	بے نیاز	جو شخص سحر کے وقت سجدہ میں سر رکھ ۱۱۵ یا ۱۲۵ مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا اس کو ان شاء اللہ ظاہری و باطنی سچائی نصیب ہو گی۔ اور جو شخص باوضو اس اسمِ مُبارک کا وِرد جاری رکھے وہ ان شاء اللہ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا اور کبھی ظالموں کے ہاتھ میں گرفتار نہ ہو گا اور جب تک اس اسمِ مُبارک کا ذکر کرتا رہے گا بھُوک کا اثر نہ ہو گا۔
٦٩	اَلْقَادِرُ ۳۰۵	قدرت والا	جو شخص دو رکعت نماز پڑھ کر ۱۰۰ مرتبہ "یَاقَادِرُ" پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکے دشمنوں کو ذلیل و رسوا فرمادیں گے (اگر وہ حق پر ہو گا)۔ اگر کسی شخص کو کوئی مشکل کام یا کسی کام میں دشواری یا دِقّت پیش آجائے تو ۴۱ بار "یَاقَادِرُ" پڑھے ان شاء اللہ وہ دشواری دُور ہو جائے گی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۷۰	اَلْمُقْتَدِرُ ۷۴۴	پوری قدرت رکھنے والا	جو شخص سو کر اٹھنے کے بعد بکثرت "یَامُقْتَدِرُ" کا وِرد کیا کرے یا کم از کم بیس مرتبہ پڑھا کرے ان شاء اللہ اس کے تمام کام آسان ہو جائیں گے۔
۷۱	اَلْمُقَدِّمُ ۱۸۴	پہلے اور آگے کرنے والا	جو شخص جنگ کے وقت کثرت سے "یَامُقَدِّمُ" پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اسے (پیش قدمی کی) قوت یقیناً عطا فرمادیں گے اور دشمنوں سے محفوظ رکھیں گے۔ اور جو شخص ہر وقت "یَامُقَدِّمُ" کاوِرد رکھے گا ان شاء اللہ وہ اللہ تعالیٰ کا مطیع اور فرمانبردار بن جائے گا۔
۷۲	اَلْمُؤَخِّرُ ۸۴۶	پیچھے اور بعد میں رکھنے والا	جو شخص کثرت سے "یَامُؤَخِّرُ" کا ورد رکھے گا اسے ان شاء اللہ سچی توبہ نصیب ہوگی،اور جو شخص روزانہ سو مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پابندی سے پڑھا کرے اس کو ان شاء اللہ حق تعالیٰ کا ایسا قرب نصیب ہوگا کہ اس کے بغیر چین نہ آئے گا۔
۷۳	اَلْاَوَّلُ ۳۷	سب سے پہلے	جس شخص کے لڑکا نہ ہوتا ہو وہ چالیس دن تک چالیس مرتبہ روز "یَااَوَّلُ" پڑھاکرے ان شاء اللہ اس کی مُراد پوری ہوگی۔جو شخص مسافر ہو وہ جُمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ "یَااَوَّلُ" پڑھے،ان شاء اللہ جلد وطن واپس بخیریت پہنچے گا۔
۷۴	اَلْاٰخِرُ ۸۰۱	سب کے بعد	جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ "یَااٰخِرُ" پڑھا کرے اسکے دل سے غیر اللہ کی محبت دُور ہوجائیگی اور ان شاء اللہ ساری عمر کوتاہیوں کا کفّارہ ہوجائے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۷۵	اَلظَّاهِرُ ۱۱۰۶	ظاہر و آشکارا	جو شخص نمازِ اشراق کے بعد پانچ سو مرتبہ "یَاظَاهِرُ" کا وِرد کیا کرے، اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں میں روشنی اور دل میں نور عطا فرمادیں گے۔ ان شاء اللہ۔
۷۶	اَلْبَاطِنُ ۶۲	پوشیدہ و پنہاں	جو شخص روزانہ ۳۳ مرتبہ "یَابَاطِنُ" پڑھا کرے گا ان شاء اللہ اس پر باطنی اسرار ظاہر ہونے لگیں گے اور اس کے قلب میں انس ومحبتِ الٰہی پیدا ہوگی۔ جو شخص دو رکعت نماز ادا کرکے "هُوَالْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْ ءٍ قَدِیْرٌ" پڑھا کرے، ان شاء اللہ اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور تمام خیالاتِ باطلہ دُور ہوجائیں گے۔
۷۷	اَلْوَالِیُ ۴۷	متولی اور متصرف	جو شخص کثرت سے "یَاوَالِیُ" کا وِرد رکھے گا وہ ناگہانی آفتوں سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔ کورے آبخورے پر یہ اسمِ مُبارک لکھ کر اس میں پانی بھر کر مکان میں چھڑکے گا تو وہ مکان بھی ان شاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی کو مسخّر کرنا چاہے تو گیارہ مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھے انشاءاللہ وہ فرمانبردار ہوجائے گا۔ اس اسمِ مُبارک کی کثرت بجلی کی کڑک سے بھی محفوظ رکھتی ہے۔
۷۸	اَلْمُتَعَالِ ۵۵۱	سب سے بلند و برتر	جو شخص کثرت سے "یَامُتَعَالِیُ" کا وِرد رکھے ان شاء اللہ اس کی تمام مشکلات رفع ہوجائیں گی۔ اور جو عورت حالتِ حیض میں کثرت سے اس اسمِ مُبارک کا وِرد رکھے، ان شاء اللہ اس کی تکلیف رفع ہوگی۔

خواص اور فوائد	معنی	اسماءِ حُسنیٰ	نمبر شمار
جو شخص (نعوذ باللہ) شراب نوشی اور زناکاری جیسے بدترین گناہوں میں مُبتلا ہو وہ روزانہ سات مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھے، ان شاء اللہ ان گناہوں کی رغبت جاتی رہے گی۔ جو شخص حُبِّ دُنیا میں مُبتلا ہو وہ اس اسمِ مُبارک کو بکثرت پڑھتا رہے، ان شاء اللہ دُنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے گی۔ جو شخص اپنے بچہ کے پیدا ہونے کے بعد ہی سات مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھ کر دم کرے اور اللہ کے سپرد کر دے، وہ بلوغ تک تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا اور نیک بخت اُٹھے گا۔	بڑا اچھا سلوک کرنے والا	اَلْبَرُّ ۲۰۲	۷۹
جو شخص نمازِ چاشت کے بعد ۶۳۰ مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے، ان شاء اللہ اسے سچی توبہ نصیب ہو۔ جو شخص کثرت سے اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے گا ان شاء اللہ اس کے تمام کام آسان ہوں گے۔ اگر کسی ظالم پر دس مرتبہ پڑھ کر پھُونکا جائے تو ان شاء اللہ اس سے خلاصی نصیب ہوگی۔	بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا	اَلتَّوَّابُ ۴۰۹	۸۰
جو شخص حق پر ہو اور دشمن سے بدلہ لینے کی اس میں قدرت نہ ہو وہ تین جُمعہ تک بکثرت "یَامُنْتَقِمُ" پڑھے، اللہ تعالیٰ خود اس سے انتقام لیں گے۔ (یہ عمل ناحق ہرگز نہ کیا جائے، بہت سخت گناہ ہے)۔	بدلہ لینے والا	اَلْمُنْتَقِمُ ۶۳۰	۸۱
جو شخص کثرت سے "یَاعَفُوُّ" پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو ان شاء اللہ معاف فرمادیں گے اور اسے رضائے الٰہی حاصل ہوگی۔	بہت زیادہ معاف کرنیوالا	اَلْعَفُوُّ ۱۵۶	۸۲

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۸۳	اَلرَّءُوۡفُ ۲۸۶	بہت بڑا مشفق	جو شخص بکثرت "یَارَءُوۡفُ" کا وِرد رکھے گا مخلوق اس پر مہربان ہوجائے گی اور وہ مخلوق پر۔اور جو شخص دس مرتبہ درود شریف اور دس مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے تو ان شاء اللہ اس کو غصہ رفع ہوجائے گا یا کسی غضبناک شخص پر دم کیا جائے تو اس کا غصہ رفع ہوجائے۔
۸۴	مَالِكُ الْمُلْكِ ۲۱۲	ملکوں کا مالک	جو شخص "یَامَالِكَ الْمُلْكِ" کو ہمیشہ پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اس کو غنی اور لوگوں سے بے نیاز فرمادیں گے اور وہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔
۸۵	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۱۱۰۰	عظمت و جلال اور اکرام والا	جو شخص کثرت سے "یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ" پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو عزت وعظمت اور مخلوق سے استغناء عطا فرمادیں گے۔
۸۶	اَلْمُقْسِطُ ۲۰۹	عدل و انصاف قائم کرنے والا	جو شخص روزانہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے گا وہ ان شاء اللہ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔اور اگر کسی خاص اور جائز مقصد کے لئے سات سو(۷۰۰) مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا ان شاء اللہ وہ مقصد حاصل ہوگا۔

خواص اور فوائد	معنی	اسماءِ حُسنیٰ	نمبر شمار
جس شخص کے اعزاء یا احباب منتشر ہو گئے ہوں وہ چاشت کے وقت غسل کر کے اور آسمان کی طرف منہ کر کے دس مرتبہ "یَاجَامِعُ" پڑھے اور ایک انگلی بند کر لے۔اسی طرح ہر دس مرتبہ پر ایک انگلی بند کرتا جائے۔آخر میں دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے، ان شاء اللہ جلد جمع ہو جائیں گے۔اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو "اَللّٰهُمَّ يَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِجْمَعْ ضَآلَّتِيْ" پڑھا کرے وہ چیز اُسے ان شاء اللہ مل جائے گی۔جائز محبت کے لئے بھی یہ دُعا بے مثال ہے۔	سب کو جمع کرنے والا	اَلْجَامِعُ ۱۱۴	۸۷
جو شخص روزانہ ستّر(۷۰)مرتبہ "یَاغَنِیُّ" پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے مال میں برکت عطا فرمائیں گے اور ان شاء اللہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔جو شخص کسی ظاہری و باطنی مرض یا بلا میں گرفتار ہو وہ اپنے تمام اعضاء و جسم پر پڑھ کر دم کیا کرے ان شاء اللہ نجات پائے گا۔	بڑا بے نیاز و بے پرواہ	اَلْغَنِیُّ ۱۰۶۰	۸۸
جو شخص اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ سو گیارہ مرتبہ وظیفہ کی طرح یہ اسمِ مُبارک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ظاہری و باطنی غناء عطا فرمائیں گے، صبح کی نماز کے بعد پڑھے یا عشاء کی نماز کے بعد پڑھے،اس کے ساتھ سُورۃ مُزّمِّل بھی تلاوت کرے۔اگر اس اسمِ مُبارک کو بیوی سے صُحبت سے پیشتر پڑھے تو بیوی کو اس سے محبت پیدا ہو جائے گی۔	بے نیاز و غنی بنا دینے والا	اَلْمُغْنِیُّ ۱۱۰۰	۸۹

خواص اور فوائد	معنی	اسماءِ حُسنیٰ	نمبر شمار
اگر بیوی سے جھگڑا یا ناچاقی ہو تو بستر پر لیٹتے وقت ۲۰ مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھا کرے ان شاء اللہ جھگڑا اور ناچاقی دُور ہو جائے گی اور باہمی انس و محبت پیدا ہو جائے گی۔ جو شخص بکثرت اس اسمِ مُبارک کا وِرد رکھے گا ان شاء اللہ ہر شر سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی خاص اور جائز مقصد کیلئے پڑھے تو ان شاء اللہ وہ حاصل ہو جائے گا۔	روک دینے والا	اَلْمَانِعُ ۲۰۱	۹۰
جو شخص شبِ جمعہ میں سو (۱۰۰) مرتبہ "یَاضَآرُّ" پڑھا کرے وہ ان شاء اللہ تمام ظاہری اور باطنی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور قربِ خداوندی اسے حاصل ہو گا۔	ضرر پہنچانے والا	اَلضَّآرُّ ۱۰۰۱	۹۱
جو شخص کشتی یا کسی اور سواری میں سوار ہونے کے بعد "یَانَافِعُ" کثرت سے پڑھتا رہے ان شاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ یا کسی بھی کام کے شروع کرتے وقت ۴۱ مرتبہ "یَانَافِعُ" پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ کام حسبِ منشا ہو گا۔ جو شخص بیوی سے جماع کے وقت یہ اسمِ مُبارک پڑھ لیا کرے اسے ان شاء اللہ اولادِ صالح نصیب ہو اور بیوی کو اس سے محبت ہو گی۔	نفع پہنچانے والا	اَلنَّافِعُ ۱۶۱	۹۲
جو شخص شبِ جُمعہ میں سات مرتبہ سُورۃ نور اور ایک ہزار ایک مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے تو ان شاء اللہ اس کا دل نورِ الٰہی سے منور ہو جائے گا۔	سراپا نور اور نور بخشنے والا	اَلنُّوْرُ ۲۵۶	۹۳

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۹۴	اَلْهَادِیُ ۲۰	سیدھی راہ دکھانے اور چلانے والا	جو شخص ہاتھ اُٹھ کر آسمان کی طرف مُنہ کر کے بکثرت "یَاهَادِیُ" پڑھے اور آخر میں چہرہ پر ہاتھ پھیرلے تو اس کو ان شاء اللہ کامل ہدایت نصیب ہوگی اوراہلِ معرفت میں شامل ہوگا۔یہ عمل اہلِ حکومت کے لئے بھی مناسب ہے۔
۹۵	اَلْبَدِیْعُ ۸۶	بے مثال چیزوں کو ایجاد کرنے والا	جس شخص کو کوئی غم یا مُصیبت یا کوئی بھی مشکل پیش آئے وہ ایک ہزار مرتبہ"یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ"پڑھے،ان شاء اللہ کشائش نصیب ہوگی۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کو باوضو پڑھتے ہوئے سوجائے توجس کام کاارادہ ہووہ یقیناًخواب میں نظر آجائے گا۔ جو شخص نماز عشاء کے بعد "یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ"بارہ سو بارہ مرتبہ بارہ دن پڑھے گا تو جس کام یا مقصد کے لئے پڑھے گا ان شاء اللہ وہ پورا عمل ختم ہونے سے پہلے حاصل ہوجائے گا۔(آزمودہ ہے)
۹۶	اَلْبَاقِیُ ۱۱۳	ہمیشہ ہمیشہ باقی رہنے والا	جو شخص اس اسمِ مُبارک کو ایک ہزار مرتبہ جمعہ کی رات میں پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو ہر طرح کے ضرر ونقصان سے محفوظ رکھیں گے اور ان شاء اللہ اس کے تمام نیک عمل مقبول ہوں گے۔
۹۷	اَلْوَارِثُ ۷۰۷	سب کے بعد موجود رہنے والا	جو شخص طلوع آفتاب کے وقت سومرتبہ "یَاوَارِثُ" پڑھے گاان شاءاللہ ہر رنج، غم، سختی اور مصیبت سے محفوظ رہے اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔جو شخص مغرب وعشاء کے درمیان ایک ہزار مرتبہ پڑھے ہر طرح کی تکلیف و پریشانی سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گااور حیرت دفع ہوگی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۹۸	اَلرَّشِیْدُ ۵۱۴	راستی اور نیکوکاری پسند کرنے والا	جس شخص کو اپنے کسی مقصد یا کام کی تدبیر سمجھ میں نہ آتی ہو وہ مغرب وعشاء کے درمیان ایک ہزار مرتبہ "یَارَشِیْدُ" پڑھے تو ان شاء اللہ خواب میں تدبیر نظر آجائے گی یا دل میں اس کا القاء ہو جائے گا۔ اگر روزانہ اس اسمِ مُبارک کا وِرد رکھے تو تمام مشکلات ان شاء اللہ دُور ہو جائیں گی اور کاروبار میں دن دُگنی رات چوگنی ترقی ہو گی۔ جو شخص عشاء کے بعد اس اسمِ مُبارک کو یومیہ سو بار پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کے اسباب پیدا فرمادیں گے ان شاء اللہ۔
۹۹	اَلصَّبُوْرُ ۲۹۸	بڑے صبر و تحمل والا	جو شخص طلوعِ آفتاب سے پہلے سو مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے وہ ان شاء اللہ اس دن ہر مُصیبت سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں، حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی۔ جو شخص کسی بھی طرح کی مُصیبت میں گرفتار ہو وہ ایک ہزار بیس مرتبہ اِس اسمِ مُبارک کو پڑھے ان شاء اللہ اس سے نجات پائے گا اور اطمینان قلب نصیب ہو گا۔

کتابوں میں تو ان اسماءِ مُبارکہ کے اور بھی بے شمار خواص اور فضیلتیں مذکور ہیں مگر اخلاص واعتقاد اور یقین وایمان کے ساتھ اس قدر بھی کافی ہیں۔ اللہ سُبحانہ وتعالیٰ ہمیں ان اسماءِ مُبارکہ کی برکات سے نوازے اور دُنیا اور آخرت میں انہیں ہماری نجات کا ذریعہ بنائے۔ آمین ثم آمین۔

نوٹ: اسماءِ حُسنیٰ کے کالم میں ہر اسمِ مُبارک کے نیچے اس اسمِ پاک کے اعداد ابجد لکھ دیئے گئے ہیں۔

منزل

منزل

حامدًا وّمُصلّیًا وّمُسلّمًا

ذیل میں جن قرآنی آیات کو ورد کیا گیا ہے وہ "منزل" کے نام سے معروف ہیں۔ نقش و تعویذات کے مقابلہ میں آیات قرآنیہ اور وہ دعائیں جو حدیث پاک میں وارد ہوئی ہیں یقیناً بہت زیادہ مفید و موثر ہیں۔ عملیات میں انہی چیزوں کا اہتمام کرنا چاہیے۔ فخر الرسل صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے دینی یا دنیاوی کوئی حاجت اور غرض ایسی نہیں چھوڑی جس کیلئے دعا کا طریقہ نہ تعلیم فرمایا ہو۔ اسی طرح بعض مخصوص آیات کا مخصوص مقاصد کیلئے پڑھنا مشائخ کے تجربات سے ثابت ہے۔

یہ منزل آسیب، سحر اور بعض دوسرے خطرات سے حفاظت کیلئے ایک مجرب عمل ہے۔ یہ آیات کسی قدر کمی بیشی کے ساتھ "القول الجمیل" اور "بہشتی زیور" میں بھی لکھی ہیں۔ القول الجمیل میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں: "یہ تینتیس (۳۳) آیات ہیں جو جادو کے اثر کو رفع کرتی ہیں اور شیاطین، چوروں اور درندے جانوروں سے حفاظت پناہ حاصل ہو جاتی ہے۔"

اور بہشتی زیور میں حضرت تھانوی نور اللہ مرقد تحریر فرماتے ہیں: "اگر کسی پر آسیب کا شبہ ہو تو آیات ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پر دم کر کے مریض پر چھڑک دیں اور اگر گھر میں اثر ہو تو ان کو پانی پر پڑھ کر گھر کے چاروں گوشوں میں چھڑک دیں۔"

حضرت مولانا محمد طلحہ صاحب کاندھلوی لکھتے ہیں: "ہمارے گھر کی مستورات کو یہ مشکل پیش آتی کہ جب وہ کسی مریضہ کیلئے اس منزل کو تجویز کرتیں تو اصل کتاب میں نشان لگا کر یا نقل کرا کر دینی پڑتی۔ اس لئے خیال ہوا کہ اگر اس کو علیحدہ ایک مستقل باب کی شکل میں طبع کرا دیا جائے تو سہولت ہو جائے گی۔"

یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ عملیات اور دعاؤں میں زیادہ دخل پڑھنے والے کی توجہ اور یکسوئی کو ہوتا ہے۔ جتنی توجہ اور عقیدت سے دعا پڑھی جائے اتنی ہی موثر ہوتی ہے۔ اللہ کے نام اور اس کے کلام پاک میں بڑی برکت ہے۔ واللہ الموفق

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۱﴾

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۲﴾ۙ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۳﴾ۙ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ﴿۴﴾ؕ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ﴿۵﴾ؕ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ﴿۶﴾ۙ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۬ۙ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ ﴿۷﴾ؑ

[سورۃ الفاتحہ،۱-۷]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿﴾

الٓـمّٓ ۚ﴿۱﴾ ذٰلِکَ الۡکِتٰبُ لَا رَیۡبَ ۚۖۛ فِیۡہِ ۚۛ ہُدًی لِّلۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۲﴾ۙ الَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَیۡبِ وَ یُقِیۡمُوۡنَ الصَّلٰوۃَ وَ مِمَّا رَزَقۡنٰہُمۡ یُنۡفِقُوۡنَ ﴿۳﴾ۙ وَ الَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ وَ مَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِکَ ۚ وَ بِالۡاٰخِرَۃِ ہُمۡ یُوۡقِنُوۡنَ ﴿۴﴾ؕ اُولٰٓئِکَ عَلٰی ہُدًی مِّنۡ رَّبِّہِمۡ ٭ وَ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۵﴾

[سورۃ البقرۃ،۱-۵]

وَ اِلٰـہُکُمۡ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ۚ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ ﴿۱۶۳﴾ؑ

[سورۃ البقرۃ،۱۶۳]

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا

خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ
وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ﴿٢٥٥﴾ لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ ۖ قَدْ تَّبَيَّنَ
الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ
فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۖ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ
وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٥٦﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِينَ اٰمَنُوا ۙ يُخْرِجُهُمْ
مِّنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّورِ ۗ وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَوْلِيَآؤُهُمُ
الطَّاغُوتُ ۙ يُخْرِجُونَهُمْ مِّنَ النُّورِ إِلَى الظُّلُمٰتِ ۗ
أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ﴿٢٥٧﴾

[سورۃ البقرۃ، ۲۵۵-۲۵۷]

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَإِنْ تُبْدُوا مَا
فِيٓ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۗ فَيَغْفِرُ
لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيرٌ ﴿٢٨٤﴾ اٰمَنَ الرَّسُولُ بِمَآ أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهِ
وَالْمُؤْمِنُونَ ۗ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهِ وَكُتُبِهِ
وَرُسُلِهِ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهِ ۚ وَقَالُوا
سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ﴿٢٨٥﴾

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ٚ وقفه وَاغْفِرْ لَنَا ٚ وقفه وَارْحَمْنَا ٚ وقفه اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ ع

[سورۃ البقرۃ، ۲۸۴-۲۸۶]

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا ۢ بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۷﴾ ط

[سورۃ آل عمران، ۱۸]

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

[سورۃ آل عمران، ۲۶، ۲۷]

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۠ قف يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ

يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًاۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

[سورۃ الاعراف، ۵۴-۵۶]

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾

[سورۃ الاسراء، ۱۱۰-۱۱۱]

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

[سورۃ المؤمنون، ۱۱۵-۱۱۸]

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝۱ فَالزّٰجِرٰتِ زَجۡرًا ۝۲ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكۡرًا ۝۳ اِنَّ اِلٰهَكُمۡ لَوَاحِدٌ ۝۴ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا وَرَبُّ الۡمَشَارِقِ ۝۵ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنۡيَا بِزِيۡنَةِ ۨالۡكَوَاكِبِ ۝۶ وَحِفۡظًا مِّنۡ كُلِّ شَيۡطٰنٍ مَّارِدٍ ۝۷ لَا يَسَّمَّعُوۡنَ اِلَى الۡمَلَاِ الۡاَعۡلٰى وَيُقۡذَفُوۡنَ مِنۡ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸ دُحُوۡرًا وَّلَهُمۡ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝۹ اِلَّا مَنۡ خَطِفَ الۡخَطۡفَةَ فَاَتۡبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰ فَاسۡتَفۡتِهِمۡ اَهُمۡ اَشَدُّ خَلۡقًا اَمۡ مَّنۡ خَلَقۡنَا ؕ اِنَّا خَلَقۡنٰهُمۡ مِّنۡ طِيۡنٍ لَّازِبٍ ۝۱۱

[سورۃ الصّافّات،۱-۱۱]

يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ اِنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ اَنۡ تَنۡفُذُوۡا مِنۡ اَقۡطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ فَانۡفُذُوۡا ؕ لَا تَنۡفُذُوۡنَ اِلَّا بِسُلۡطٰنٍ ۝۳۳ فَبِاَىِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۳۴ يُرۡسَلُ عَلَيۡكُمَا شُوَاظٌ مِّنۡ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنۡتَصِرٰنِ ۝۳۵

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَکَانَتْ وَرْدَةً کَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ج فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾ فَیَوْمَئِذٍ لَّا یُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾ج فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾

[سورۃ الرحمٰن، ۳۳-۴۰]

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ط وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۴﴾ع

[سورۃ الحشر، ۲۱-۲۴]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

قُلۡ اُوۡحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسۡتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الۡجِنِّ فَقَالُوۡۤا اِنَّا سَمِعۡنَا قُرۡاٰنًا عَجَبًا ۝۱ یَّہۡدِیۡۤ اِلَی الرُّشۡدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ ؕ وَلَنۡ نُّشۡرِکَ بِرَبِّنَاۤ اَحَدًا ۝۲ وَّاَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا ۝۳ وَّاَنَّہٗ کَانَ یَقُوۡلُ سَفِیۡہُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا ۝۴

[سورۃ الجن،۱-۴]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

قُلۡ یٰۤاَیُّہَا الۡکٰفِرُوۡنَ ۝۱ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۝۲ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۝۳ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۝۴ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ؕ ۝۵ لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ ۝۶

[سورۃ الکافرون،۱-۶]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمۡ یَلِدۡ ۬ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ۝۳ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

[سورۃ الإخلاص،۱-۴]

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

[سورۃ الفلق، ۱-۵]

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ۵ الۡخَنَّاسِ ۙ﴿۴﴾ الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

[سورۃ الناس، ۱-۶]

کام کاج صبح سویرے شروع کرو ان شاء اللہ برکت ہوگی۔

صخر الغاریؓ کا بیان ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے دعا فرمائی ہے کہ "اے اللہ! سویرے میں میری امت کیلئے برکت عطا فرما"۔ چنانچہ خود آنحضرت ﷺ جب کوئی لشکر جہاد کیلئے روانہ فرماتے تو صبح سویرے روانہ کرتے۔

کہتے ہیں کہ حضرت ضمرؓ ایک تاجر آدمی تھے وہ اپنا تجارتی مال ہمیشہ صبح سویرے بھیجا کرتے تھے اس کی برکت سے وہ خوش حال اور سرمایہ دار ہوگئے۔(ابن ماجہ)

قرآن پاک کی سورتوں کے فضائل

قرآن پاک کی سورتوں کے خواص

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ کی صداقت سے بھرپورالفاظ کی گواہی چودہ صدیاں گزرجانے کے باوجود تمام حقائق پورے شدومد کے ساتھ دے رہے ہیں۔قرآن واحد آسمانی کتاب ہے جو تحریف وترمیم سے مبراہے۔قرآن کا کھلا چیلنج ہے کہ تمام جن وانس ایک دوسرے کے مددگار ومعاون بن کر بھی اس کی مثل نہیں لاسکتے۔قرآن نے چیلنج کے طور پر ایک سورۃ کے الفاظ بھی استعمال کئے ہیں کہ کچھ نہیں تو اس کی مانند ایک سورت ہی بناکرلے آؤ۔

قرآن کی موجودہ ترتیب نزولی تو نہیں بلکہ توقیفی ہے جس کو حضوراکرم رسالت مآب حضرت محمد ﷺ نے اللہ کی رضاکے مطابق ترتیب دیاہے۔بالکل ایسے جیسے کوئی ماہر جوہری نگینہ میں تمام پتھروں کو مناسب ترین اور کامل ترین ترتیب میں جڑتا ہے۔

قرآن تمام بنی نوع انسان کے تمام مسائل اور مصائب کا حل احسن ترین طریقے سے پیش کرتا ہے۔قرآن پاک کی سورتوں اور بعض سورتوں کی آیات میں موجود سربستہ خزانے کی مشاہدات میں جھلک مندرجہ ذیل ہے۔

سورۃ الفاتحہ (۱)

سورۃ فاتحہ کو سر کے درد کیلئے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں اول و آخر درودشریف اور دم کریں تمام دردسر اور درد شقیقہ کو مفید ہے تین دن ایسا کریں ان شاءاللہ رحمت ہوگی۔پیٹ کے درد کیلئے نمک پر دم کرکے دیں درد والا مریض نمک کو تھوڑا تھوڑا چکھا کرے،بخار اوردرجہ حرات کیلئے سات بار پانی پر دم کرکے پلائیں۔ان شاء اللہ مفید ہوگا۔

مسخرات کیلئے اکتالیس بار بعد سنت فجر وقبل فرض اوّل وآخر درودشریف سات سات باردعا زاری سے کیا کریں۔فتح یابی کیلئے گیارہ بار پڑھ کر اپنے کام کو جاری رکھیں۔

مشکل کشائی کیلئے اکیس بارپڑھیں۔اگرزوجین کے درمیان محبت نہیں تو اکیس بارکسی شیرینی وغیرہ پرپڑھ کر چند ایام تک زوجین کو کھلادیں۔جس کو محبت ہے وہ دوسرے بے محبت پر بسم اللہ کے ساتھ تین بار پڑھ کر دم کرتا

رہے اس کو محبت ہو جائے گی۔اوّل و آخر درود شریف ہر کام کے ساتھ پڑھیں اور سورۃ الفاتحہ ہر دکھ کی دوا ہے۔

فوائد سورۃ البقرۃ و آلِ عمران(۲،۳)

جس گھر میں یہ سورتیں تین دن رات پڑھی جائیں جن و شیاطین اس گھر میں داخل نہ ہوں گے اور پڑھنے والے پر قیامت کے دن سایہ کریں گی۔جس پر سحر ہو چکا ہو وہ ان سورتوں کی کثرت سے تلاوت کرے سحر دور ہو جائے گا۔

جس گھر میں سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیتیں تین راتیں پڑھی جائیں اس میں شیطان قریب نہیں آتے، رات کو پڑھی جائیں اگر اس میں موت آگئی تو اس کی مغفرت ہو گی اور چور وغیرہ جیسی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

خواص آیت الکرسی

جو شخص ان آیتوں کو ہر روز ہر نماز کے بعد پڑھا کرے شیطان کے وسوسے اور سرکش شیطان کے مکر و فریب و ایذا سے محفوظ رہے گا۔اگر فقیر ہو گا تو مالدار ہو جائے گا۔ اور حق تعالیٰ اس کو ایسے طریق سے روزی عطا فرمائیں جس کا وہم و گمان بھی نہ ہو گا۔ صبح و شام اور گھر میں داخل ہوتے وقت اور بستر پر لیٹتے وقت ہمیشہ پڑھنے سے حر، سرق اوعرق سے محفوظ رہے گا۔صحت نصیب ہو گی اور ہر قسم کے خوف اور اندیشہ سے سالم رہے گا۔ اگر ان آیات کو ٹھیکری پر لکھ کر غلہ میں رکھ دیں تو وہ چوری اور گھن سے محفوظ رہے گا۔برکت ہو گی۔اس آیت کو دکان میں یا مکان میں اونچی جگہ رکھ دیں تو رزق میں زیادتی ہو گی۔فاقہ نہ ہو گا اور وہاں چور نہ آئے گا۔

آیۃ الکرسی ھم فیھا خالدون تک پڑھیں۔

آیۃ الکرسی کے ایک سو ستّر حروف ہیں جو شخص اس تعداد کے مطابق آیۃ الکرسی پڑھ کر حق تعالیٰ سے جو مراد مانگے گا ملے گی درجہ اور مرتبہ میں ترقی ہو گی۔رزق میں اضافہ ہو گا قرض ادا ہو جائے گا اور شیطان اور جنات کی شرارت سے محفوظ رہے گا۔عمر بھر عیش و آرام سے رہے گا۔اور کوئی شخص قول یا فعل سے کسی قسم کا ایذا نہ پہنچائے گا لوگوں کی نظروں میں معزّز و مکرم بن جائے گا۔

جو شخص بے روزگار ہو ملازمت نہ ملتی ہو یَاغَنِیُّ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ تین ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر آیت الکرسی ایک سو ستر مرتبہ پڑھے گا نوکری مل جائے گی۔

نمک کی چھوٹی چھوٹی کنکریاں لیں اور ہر کنکری پر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں ایک کنکری روزانہ چوسیں بلغم دور ہو گی۔

جو شخص ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے پاس شیطان نہ آئے گا اور کوئی شخص آیت الکرسی تیرہ سو مرتبہ پڑھے گا سب حاجتیں پوری ہوں گی اور ظالم و جابر حاکم مہربان ہو گا۔

مرگی کے مریض پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں تو اس کا دورہ دور ہو جائے گا۔

اگر رات کو سوتے وقت تین مرتبہ پڑھے تو گھر میں چور، ڈاکو، آسیب اور جن سے محفوظ رہے گا۔اور انسان ڈراؤنے خوابوں سے بچا رہے گا۔

خواص سورۃ النساء(۴)

اس سورۃ کی تلاوت سے گناہوں سے چھٹکارا حاصل ہو گا۔اگر کوئی عورت یا مرد زنا میں مبتلا ہوں اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور درمیان میں سات مرتبہ سورۃ النساء پڑھ کر اس کا پانی پلائے اس کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ نیک صالح ہو جائیں گے۔

خواص سورۃ المائدہ(۵)

اگر کوئی شخص باوضو ۱۴مرتبہ سورۃ المائدہ کو پڑھے تو اس کے گھر والے فاقہ سے محفوظ رہیں اور اس کا پڑھنے والا دنیا کے لوگوں کی نگاہ میں عزیز ہو گا۔ان شاء اللہ تعالیٰ

خواص سورۃ الانعام(٦)

جو شخص سورۃ الانعام کو باوضو اکتالیس مرتبہ پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہو گی اور ہر مقصد میں کامیابی ہو گی۔

خواص سورۃ الاعراف(۷)

اگر کوئی شخص باوضو عرق گلاب اور زعفران سے سورۃ الاعراف کو

پاک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھے وہ ان شاء اللہ تعالیٰ آنکھ کی تکلیف اور آنکھ کے زخم سے صحت یاب ہوگا۔

خواص سورۃ الانفال(۸)

اگر کوئی شخص ناحق قید ہوگیا ہو تو اس کی روزانہ تلاوت سے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رہا ہو جائے۔ نیز اس کا پڑھنے والا ہمیشہ کامیاب رہے، عزت حاصل ہو دشمنوں پر ہیبت طاری ہو اگر کسی شخص کو ظالم حاکم یا عدالت میں جانا پڑے اور پریشانی ہو تو اس کو چاہیے کہ سورۃ الانفال لکھے اور موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ حاکم اس کے ساتھ نرمی سے پیش آئے گا۔

خواص سورۃ یونس (۱۰)

دشمن پر غلبہ پانے اور غلبہ حاصل کرنے کیلئے سورۃ یونس کی تلاوت بہت اکسیر ہے۔ اس کی کثرت سے تلاوت آدمی کو فتح و ظفر سے ہمکنار کرتی ہے۔ ہر مشکل کیلئے اس کی تلاوت اس مشکل کو آسان بنادیتی ہے۔

خواص سورۃ ھود (۱۱)

ہر مشکل گھڑی میں سورۃ ہود کی تلاوت بہت فائدہ مند ہے اس کے پڑھنے سے دشمن مغلوب رہتا ہے۔

خواص سورۃ یوسف(۱۲)

ہر قسم کی حاجت براری اور ضرورت کے لئے سورۃ یوسف کی تلاوت بہت اہم ہے اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہوگیا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کی کثرت سے تلاوت کرے ان شاء اللہ واپس اپنے عہدے پر بحال ہوگا۔ اگر کوئی غریب و نادار ہو تو اس کی تلاوت کرنے سے بحکم اللہ تعالیٰ غنی اور مال دار ہوگا۔

جو شخص قرآن پاک حفظ کرنا چاہتا ہے تو سب سے پہلے سورۃ یوسف حفظ کرے ان شاء اللہ قرآن پاک باآسانی حفظ ہوگا۔

خواص سورۃ رعد (۱۳)

اگر بچہ کثرت سے روتا ہو تو اس پر دم کرنے سے بچہ ہشاش بشاش رہے اس کا نقش باوضو لکھ کر گلے میں ڈالے یادائیں بازوپر باندھیں ان شاء اللہ تعالیٰ وہ شخص آسیب یاجن کے اثر سے محفوظ رہے گا۔اورظالم حاکم سے محفوظ رہے گا۔

جیل خانہ سے رہائی کیلئے باوضو مغرب اور عشاء کے درمیان اکیس بار پڑھیں اور اگر بچہ روتا ہوتو تین بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔مجرب ہے۔

خواص سورۃ ابراھیم (۱۴)

یہ سورہ سحر (جادو) سے نجات کیلئے بہت مفید ہے۔اگر کسی شخص کی قوت مردمی سحر (جادو) کے ذریعے باندھ دی گئی ہوتو روزانہ ۳بارسورۃابراھیم تلاوت کرنے سے سحر باطل ہوگا اور قوت مردمی بحال ہوجائے گی۔اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ مرد اپنی اصلی حالت پر آجائے گا۔

خواص سورۃ الحجر (۱۵)

اگر جگر بڑھ گیا ہو یا سخت ہوگیا ہوسات بار پیٹ پر دم کریں تکلیف جاتی رہے گی۔اگر کوئی شخص سورۃالحجر کو زعفران کے پانی سے باوضو لکھے اور پاک پانی سے دھو کر عورت کو پلائے تو بحکم خدا اس کا دودھ بہت زیادہ ہوگا۔

جب کوئی چیز خریدے یافروخت کرے اگراس پرسورۃالحجر پڑھ کر دم کرے تو اس مال میں برکت ہوگی۔

سورۃ النحل (۱۶)

اگر کسی شخص کے دشمن اسے جان سے مارنا چاہتے ہوں اور اسے ہلاکت کا خوف ہوتوسورۃ النحل کو ایک بیٹھک میں ایک آدمی یاکئی آدمی ایک سو مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن اس کے فرماں بردار ہوں گے اور اگر اطاعت نہ کی تو پریشان اور ذلیل ہوں گے۔

اگر کسی کے دشمن ایک جگہ جتھا بنا کر نقصان پہنچانا چاہتے ہوں تو سورۃالنحل کو تین مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ دشمن منتشر ہوں گے۔

سورۃ الاسراء (بنی اسرائیل) (۱۷)

سورۃ الاسراء(بنی اسرائیل) کا روزانہ باوضوتین مرتبہ پڑھنا دوجہاں کی ترقی، کامیابی، حصول مراتب وعزت اور سارے جہان کی مشکلات کے حل کرنے کیلئے نہایت مجرب اور مفید ہے۔

اگر کسی بچے کی زبان میں لکنت ہے اور وہ بات کرنے میں اٹکتا ہے یا بات کرتے وقت اس کی زبان پھرتی ہے تو عرق گلاب میں زعفران کو حل کرکے پاک کاغذ پر سورۃ بنی اسرائیل کو لکھے اور پانی میں گھول کر روزانہ بچے کو پلائے تو کچھ عرصہ کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بچے کی زبان کی لکنت ختم ہوجائے گی۔

اگر لڑکا یا لڑکی کند ذہن ہو اور سبق یاد نہ ہوتا ہو یا یاد کرکے بھول جاتا ہوتو باوضو ہوکر عرق گلاب میں زعفران کو حل کرکے اس سے پوری سورۃ الاسراء(بنی اسرائیل) کو لکھے اور پانی میں گھول کر روزانہ بچے کو پلائے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا ذہن کھل جائے گا۔اور حافظہ بحال ہوجائے گا۔

سورۃ الکہف کے خواص (۱۸)

سورۃ الکہف کا جمعہ کے دن پڑھنا زمین سے آسمان تک نور پیدا کرتا ہے اور آٹھ دن تک وہ نور برابر قائم رہتا ہے۔پھر اس کے پڑھنے والے کو سارا نور قبر میں اور قبر کے بعد قیامت میں دیا جائے گا۔اور اس سورۃ کو روزانہ تلاوت کرنا ایمان کی قوت کو زیادہ کرتا ہے اور نور ایمانی میں ترقی بخشتا ہے۔

اگر کسی شخص کو رات کے وقت جاگنا منظور ہو اور کوئی جگانے والا نہ ہو اور خود بھی اٹھنے کی اُمید نہ ہوتو وہ شخص نماز عشاء کے بعد سورۃ الکہف پڑھ کر سوجائے ان شاء اللہ تعالیٰ جس وقت اٹھنے کا ارادہ کرے گا اسی وقت آنکھ کھل جائے گی۔(مجرب ہے)

جو شخص قرض میں گرفتار ہو اور قرض اترنا مشکل ہوگیا ہوتو بعد نماز جمعہ سورۃ الکہف سات بار پڑھنے اور اللہ تعالیٰ سے پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ دعا مانگے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا قرضہ اتر جائے گا۔

اس سورہ کے پڑھنے سے قیامت میں نور ملے گا اور دجال کے مکروفریب سے محفوظ رہے گااوراوّل آخر کی دس آیتیں پڑھنے سے بلا اور مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ مریم(۱۹)

اگرکسی شخص نے کسی نوجوان کی قوت مردمی باندھ دی ہو اور وہ پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو سورۃ مریم پڑھ کر دعا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی قوت مردمی بحال ہوجائے گی اگر خود پڑھنا نہ جانتا ہو تو کسی سے تین مرتبہ پڑھوا کرپانی دم کروالے اور روزانہ وہ پانی پیئے جب تک طاقت بحال نہ ہو پانی پیتا رہے ان شاء اللہ صحت یاب ہو گا۔

سورۃ طٰہٰ(۲۰)

اگر کوئی شادی کے قابل ہو رشتہ نہ آتا ہو یا شادی میں رکاوٹ ہو تو ۲۱ بار روزانہ سورۃ طٰہٰ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ مناسب جگہ رشتہ طے ہوجائے گا۔

اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ لڑکی کا رشتہ کسی نیک مرد سے ہوجائے تو سورۃ طٰہٰ کو باوضو کسی ریشمی کپڑے پر لکھ کر موم جامہ کرکے لڑکی کے گلے میں ڈال دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے رشتہ اور شادی کسی نیک مرد سے ہوجائے گی اور اولاد نیک پیدا ہو گی۔

خواص سورۃ الانبیاء(۲۱)

اگر کوئی شخص پریشان حال ہو اکثر پریشان اور غم زدہ رہتا ہوتو ہرروز باوضو تین بارسورۃ انبیاء پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام غم اور پریشانی سے نجات حاصل ہو گی۔

خواص سورۃ الحج(۲۲)

جب کسی شخص کو کوئی سمندری یا دریائی سفر درپیش ہو تو جہاز یا کشتی میں سوار ہونے سے قبل باوضو تین مرتبہ اس سورۃ کو پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ جہاز یا کشتی کے مسافر بخیریت منزل مقصود پر پہنچیں گے اور ہر قسم کے نقصان یا ڈوبنے سے محفوظ رہیں گے۔

سورۃ المومنون(۲۳)

اگر کوئی شخص شراب، ہیروئن ، چرس ،سٹہ ،جوا، سود و زنا اور دیگر گناہوں میں

بری طرح مبتلا ہو اور اسے یہ گناہ چھوڑنا مشکل معلوم ہوتا ہو تو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے باوضو سفید کپڑے پر اس سورۃ کو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔ ان شاء اللہ وہ شخص ان بری عادتوں سے توبہ کر لے گا۔

خواص سورۃ النور (۲۴)

اگر کسی شخص کو دشمن بہت تنگ کرتے ہوں اور طرح طرح سے زبان درازی اور تہمت بازی کرتے ہوں تو اس سورۃ کو روزانہ باوضو دن میں کسی وقت ایک ہی بیٹھک میں پانچ مرتبہ پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان چغلی، الزام تراشی اور نقصان پہنچانے سے باز رہے گی۔

اگر کسی شخص کو کثرت سے احتلام ہوتا ہو تو روزانہ باوضو ہو کر تین بار اس سورۃ کو پڑھ کر اپنے اوپر اور پانی پر دم کر کے پانی پی لے تو ان شاء اللہ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

خواص سورۃ الفرقان (۲۵)

دشمن کی ہلاکت کیلئے روزانہ اڑتیس بار اس سورۃ کو پڑھے بحکم خدا دشمن ہلاک ہو گا۔ اس عمل کو کرنے سے قبل کسی عالم دین اور خداترس شخص سے مشورہ کرے ورنہ قتل کا گناہ ہو گا۔

اگر کسی کو کوئی ظالم شخص ناحق ستاتا ہو اور ہر وقت درپے آزار رہتا ہو تو اس سورۃ کو ایک سو آٹھ بار پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

خواص سورۃ الشعراء (۲۶)

اگر کوئی لڑکا یا نوکر گھر سے بھاگنے کا عادی ہو تو سورۃ الشعراء کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے لڑکے یا نوکر کی گردن میں باندھ دے خدا تعالیٰ کے حکم سے بھاگنے سے رک جائے گا اور گھر میں اس کا دل لگے گا۔

اگر کوئی شخص خوف و ڈر کی وجہ سے پریشان ہو تو سورۃ الشعراء کو باوضو سات بار پڑھ کر دعا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ خوف و ڈر سے آزاد ہو جائے گا اور کسی قسم کی پریشانی باقی نہ رہے گی۔

خواص سورۃ النمل (۲۷)

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر یہ ادا کرنے کے لئے سورۃ النمل کو دس بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں برکت دے گا اور غم و فکر سے آزادی نصیب ہو گی۔

اگر کسی شخص کو ضروری حاجت پیش آئے تو سورۃ النمل ایک ہفتہ کیلئے روزانہ ایک بار باوضو پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہو گی۔

اگر کوئی شخص ہرن کی کھال پر اس سورۃ کو باوضو لکھ کر اپنے صندوق یا گھر میں رکھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ گھر سانپ بچھو اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

خواص سورۃ القصص(۲۸)

اگر کوئی شخص بیمار ہو تو سورۃ القصص تین روز تک باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مریض صحت یاب ہو گا۔

اگر کوئی شخص غائب ہوگیا اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو سورۃ القصص کو باوضو ۲۷ بار پڑھیں ان شاء اللہ غائب شخص بخیر و خوبی گھر لوٹ آئے گا۔

اگر کوئی بیمار ہو، پیٹ میں درد رہتا ہو یا اسے استسقاء یا جذام کی بیماری کا ڈر ہو تو اس سورۃ کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈال لے ان شاء اللہ تعالیٰ صحت ہو گی اور ایسی کوئی بیماری اس پر حملہ نہ کرے گی۔

خواص سورۃ العنکبوت(۲۹)

اگر کوئی شخص رنج و غم میں مبتلا ہو تو سورۃ العنکبوت باوضو ہو کر عرق گلاب میں زعفران کو حل کرکے لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر پیے ان شاء اللہ تعالیٰ اس پانی کے پینے سے اس کا رنج و غم دور ہو گا۔

خواص سورۃ الروم (۳۰)

اگر کسی کا دشمن بہت عیار و چالاک ہو اور اپنی شرارتوں سے ہر وقت پریشان رکھتا ہو تو سورۃ الروم کو اکیس مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہو گا اور ہمیشہ ناکام رہے گا اور ہر طرح دشمن پر فتح حاصل ہو گی۔

اگر کوئی چاہے کہ دشمن اس کا ذلیل ہو اور اسے فتح حاصل ہو اور دشمن کو قدم قدم پر ناکامی ہو تو سورۃ الروم کو باوضو کاغذ پر لکھے اور اس کو لپیٹ کر ایک بوتل میں رکھ دے اور سخت ڈاٹ سے اس بوتل کا منہ بند کرکے اپنے مکان میں رکھے ان شاء اللہ دشمن ذلیل و خوار ہے گا۔

اگر میاں بیوی میں جھگڑا رہتا ہو تو باوضو اس سورۃ کو لکھ کر شیشی میں بند کرکے مظلوم اپنے پاس رکھے تو ظالم ظلم و زیادتی سے باز رہے اور خداتعالیٰ کے فضل و کرم سے دونوں میں اتفاق قائم ہو جائے گا۔

خواص سورۃ لقمان(۳۱)

اگر کسی شخص کے پیٹ میں شدید درد ہو یا پیٹ کی کوئی بھی بیماری ہو تو سورۃ لقمان کو سات بار پڑھ کر پیٹ پر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ پیٹ کا درد جاتا رہے گا اور پیٹ کے مرض سے صحت حاصل ہو گی۔

ہر بیماری سے صحت کیلئے باوضو تین بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہو گا۔

اگر کوئی شخص ہر وقت دریا یا سمندر کے سفر پر رہتا ہے تو اگر سفر کرنے سے قبل ایک مرتبہ اس سورۃ کو پڑھ لے تو ان شاء اللہ تعالیٰ بخیر و عافیت اپنے مقام پر واپس ہو گا اور سفر میں ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔

اگر کسی شخص کے پیٹ میں ہمیشہ درد رہتا ہو اور اس بیماری سے پریشان ہو تو سورۃ لقمان کا نقش باوضو لکھ کر پیٹ پر باندھے اور سورۃ لقمان ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرلیا کرے ان شاء اللہ اس مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

خواص سورۃ السجدہ(۳۲)

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور کسی طرح صحت بحال نہ ہوتی ہو تو باوضو سات بار سورۃ السجدہ کو پڑھے اور بیمار پر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ بیمار صحت یاب ہو گا۔

اگر کسی شخص کو مختلف امراض نے گھیر رکھا ہو تو اس کیلئے سورۃ السجدہ کو باوضو عرق گلاب میں زعفران حل کرکے لکھے اور مریض کو پلائے ان شاء اللہ

تمام بیماریوں سے شفاء حاصل ہوگی اور بیمار تندرست ہوجائے گا۔

سورۃ السجدہ کو لڑکیوں کا نصیب کھولنے کیلئے کہ اچھی جگہ رشتہ ہوجائے اکیس مرتبہ روزانہ پڑھے ان شاء اللہ بہت اچھی جگہ رشتہ ہوجائے گا۔

خواص سورۃ الاحزاب(۳۳)

میاں بیوی میں نااتفاقی اور عدم موافقت کو دور کرنے کیلئے سورۃ الاحزاب کا باوضو پڑھنا بہت کارآمد ہے۔ان شاء اللہ اس کے پڑھنے سے اہلِ خانہ میں محبت واتفاق پیدا ہوجائے گا۔

اگر کوئی ظالم شخص کسی مجبور وبے کس پر ناحق ظلم کرتا ہے اور ظلم وتعدی سے باز نہیں آتا تو سورۃالاحزاب کو باوضوسات بار پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی اور ظالم مطیع وفرماں بردار ہوگا۔

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو یا بات لگ کر چھوٹ جاتی ہو یا باربار شادی میں رخنہ پڑجاتا ہو تو سورۃ احزاب باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے لڑکے کے دائیں بازو پر اور لڑکی کے بائیں بازو پر باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ بخت کھلے گااور اچھی جگہ رشتہ ہوجائے گا۔اور جملہ رکاوٹیں دورہوجائیں گی۔

خواص سورۃ سبا(۳۴)

اگر کسی کے دشمن ناحق ستاتے ہوں اور ہروقت تکلیف پہنچانے کا بہانہ ڈھونڈتے رہتے ہوں تو ان کیلئے روزانہ باوضو دس بار سورۃ سبا پڑھی جائے تاکہ دشمن دفع ہو اوراس کے ظلم سے نجات حاصل ہو۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس سورۃ کا پڑھنے والا ظلم سے محفوظ رہے گا۔

اگرکوئی شخص سورۃ سباباوضو سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے سفید کپڑے میں لپیٹ کراپنے داہنے بازو پر باندھے تو اللہ کے فضل وکرم سے ہر قسم کے موذی جانوروں سے حفاظت رہے گی۔

خواص سورۃ فاطر (۳۵)

اگر کسی حاکم کو درخواست دینی ہے یا ملازمت یاکسی اور کام کیلئے عرضی پیش کرنی ہے تو چاہیے کہ باوضو ہوکر سورۃ فاطر کو ۷۵بار پڑھے اور درخواست پر انگلی

سے بغیر روشنائی کے اپنا مطلب لکھے اور درخواست حکام کو بھیج دے۔ان شاء اللہ اس کی درخواست منظور ہوگی۔مطلب حاصل ہوگا۔

سورۃ یٰسین (۳۶)

مشکلات و تکالیف آفات وبلیات سے نجات اور اہم مقاصد میں کامیابی کیلئے سورۃ یٰسین باوضو اس طرح پڑھے کہ ہر مبین پر یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ گیارہ دفعہ پڑھےاورجب کلمہ "کُن" اِذَآ اَرَادَشَیْأً اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ پڑھے تویَااللّٰہُ یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیُّ یَافَتَّاحُ پڑھ کر ختم کردے ان شاء اللہ تمام تکالیف کا ازالہ ہوجائے گا۔

باوضو سورۃ یٰسین پڑھ کر سرمہ پر دم کرکے آنکھوں میں روزانہ بلاناغہ لگایا کرے ان شاء اللہ موتیا دور ہوجائے گا۔

سورۃ یٰسین روزانہ باوضو بعد نمازعشاء سات بار پڑھے یہ عمل قرض کی ادائیگی کیلئے اکسیر ہے ۔ان شاء اللہ جلد ہی قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۃ یٰسین عرق گلاب میں زعفران حل کرکے اس سے باوضو لکھیں اورعرق گلاب میں حل کرکے اکتالیس دن پئیں۔ان شاء اللہ بھول چوک کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۃیٰسین کو باوضو اس ترکیب سے پڑھے پہلے مبین سے لوٹ کر دوبارہ پڑھنا شروع کرے جب دوسرے مبین پر پہنچے تو پھر لوٹ کر شروع سے پڑھے اسی طرح ساتویں مبین پر پہنچے تو لوٹے بغیر سورۃ ختم کرلے پھر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے بارش کا پانی میسر آجائے تو بہتر ہے ورنہ جو پانی مل جائے اس پر دم کرے اور مریض کوپلائے یہ عمل گیارہ روز تک بلاناغہ کرے ان شاء اللہ دل کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

جس عورت کا دودھ ختم ہوجائے اور بچہ بھوکا رہتا ہوتو یٰسین باوضو کسی چینی کی پلیٹ پر یا کاغذ پر لکھے اور پانی میں گھول کر عورت کو پلائے ان شاء اللہ عورت کا دودھ زیادہ اور بچہ سیر ہوگا۔

دل کی سختی دور کرنے اور دل میں نرمی اور شفقت پیدا کرنے، گناہوں سے

بچنے اور بزرگوں کی نصیحت پر عمل کرنے کیلئے سورۃ یٰسین باوضو کسی چینی کی پلیٹ یا کاغذ پر لکھے اور اس شخص کو پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کا دل نرم ہو گا نماز روزہ کی توجہ ہو گی اور بزرگوں کی نصیحت پر عمل کرنے کیلئے دل آمادہ ہو گا۔

خشک سالی سے نجات اور بارانِ رحمت طلب کرنے کیلئے باوضو سورۃ یٰسین ۷۵ بار یا اکتالیس بار پڑھے ان شاء اللہ بارانِ رحمت خوب برسے گی اور فصل اور کھیتی خوب سیراب ہو گی۔

اگر کوئی شخص قید میں ہو اور اس کی رہائی ناممکن یا مشکل ہو تو باوضو ۷۵ بار سورۃ یٰسین پڑھے اور اکیلا نہ پڑھ سکتا ہو تو چند آدمی مل کر پڑھ لیں ان شاء اللہ تعالیٰ قیدی جلد ہی قید سے رہا ہو گا۔

ایک بار صبح و شام اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پڑھے گا تو رضا اور محبت نصیب ہو گی اور شفا کیلئے پڑھے گا تو شفا نصیب ہو گی اگر ایمان کی سلامتی کیلئے پڑھے گا تو ایمان سلامت رہے گا۔ اگر دفع سکرات الموت (یعنی نزع کے وقت) کے لئے پڑھے گا تو آسانی نصیب ہو گی۔

دولت کے حصول کیلئے سہ بار روزانہ پڑھتا رہے دولت مند ہو جائے گا اور دفعِ دشمن کیلئے پڑے گا تو دشمن دفع ہوں گے جس کام کیلئے پڑھے گا وہ کام آسان ہو جائے گا۔

جو شخص سورۃ یٰسین کا ورد صبح و شام رکھے گا بھوکا ننگا نہ رہے گا۔

دشمن کو ہلاک کرنے کیلئے کچی اینٹوں کے ٹکڑوں پر سورۃ یٰسین سات بار پڑھ کر دم کریں اوران ٹکڑوں کو جنازہ کی طرح کپڑے میں لپیٹ کر بہتے پانی میں ڈال دیں۔ جب وہ ٹکڑے پانی میں گل جائیں گے دشمن بھی ہلاک ہو جائے گا۔

نوٹ: غیر شرعی طور پر اس وظیفے کو کرنے والا نقصان کا خود ذمہ دار ہو گا۔

سورۃ الصّٰفّٰت (۳۷)

سورۃ الصّٰفّٰت سات بار باوضو پڑھے تو ان شاء اللہ اس کی روزی میں برکت ہو گی اور اس کی روزی فراخ ہو گی۔

سورۃ ص (۳۸)

اگر کوئی شخص دشمنوں سے پریشان ہوتو سورۃ ص کو باوضو سات بار پڑھ کر دعا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوں گےاور ان کے شر سے ہر طرح محفوظ رہے گا۔

سورۃ الزمر (۳۹)

اگر کوئی شخص چاہے کہ کھوئی ہوئی عزت دوبارہ حاصل ہوتو اسے چاہیے کہ روزانہ باوضوسات بار سورۃ الزمر پڑھے ان شاء اللہ عزت دوبارہ حاصل ہوگی۔

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے مال میں برکت ہواوراس کامال خوب بڑھے تواسے چاہیے کہ روزانہ باوضوے بارسورۃالزمر پڑھے ان شاء اللہ مال میں اضافہ ہوگا۔

سورۃ المومن (۴۰)

اگر کسی کو کوئی بڑی اہم مہم درپیش ہواور وہ حل نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ سورۃالمومن کوایک سومرتبہ باوضوپڑھے یا چند آدمی مل کر پڑھ لیں اور دعا کریں ان شاء اللہ تعالیٰ کتنی ہی بڑی مشکل ہواللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حل ہوگی اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔

جس شخص کو پھوڑے پھنسی نکلے ہوں یا کوئی شخص بیمار ہوتوسورۃ المومن کو ایک بارباوضوروزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرےاور پانی پر دم کرکے پی لے یا اگر کوئی دوسرا شخص بیمار ہو تو اس کو پڑھ کر دم کردیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بیماری سے صحت ہوگی۔

سورۃ حم سجدہ (۴۱)

اگر کوئی مشکل پیش آگئی ہو یا کوئی اہم حاجت پیش آگئی ہو یا کسی مقصد میں ضرور کامیابی چاہیے ہو تو باوضو نماز فجر کے بعد سات بار سورۃ حم سجدہ پڑھے ان شاء اللہ مشکل حل ہوگی۔حاجت پوری ہوگی اور مقصد میں کامیابی ہوگی۔

جس شخص کی آنکھ میں کوئی تکلیف ہویاناخونہ ہویا ظفرہ ہو یا پھولا وغیرہ ہوتو باوضو پوری سورۃ حٰم سجدہ لکھ کر بارش کے پانی میں گھول کر اس کا پانی آنکھ میں لگائے یا اس پانی میں سرمہ پیس کر آنکھوں میں لگاتا رہے ان شاء اللہ سفیدی زائل ہوگی اور آنکھوں میں تکلیف سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۃ الشوریٰ (۴۲)

اگر کسی شخص کو دشمن کا خوف ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو سورۃ الشوریٰ روزانہ بعد نماز فجر تین بار پڑھے ان شاء اللہ دل سے دشمن کا خوف نکل جائے گا۔

اگر کوئی شخص ظالم کے پھندے میں پھنس گیا ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو روزانہ نماز فجر کے بعد ایک بار سورۃ الشوریٰ پڑھا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمنوں پر غالب رہے گا اور ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔اسی طرح اگر باوضو اس سورۃ کو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈال دے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے محفوظ رکھے گا۔

سورۃ الزخرف (۴۳)

اگر کوئی شخص مقصد میں کامیابی چاہتا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ من کی مراد پوری ہو تو اسے چاہیے کہ مقصد حاصل ہونے تک روزانہ باوضو آٹھ مرتبہ سورۃ الزخرف پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

سورۃ الدخان (۴۴)

ہر قسم کی بلاؤں سے نجات کیلئے سورۃ الدخان تیر بہدف ہے۔باوضو چند آدمی مل کر پچاس مرتبہ پڑھ لیں ان شاء اللہ مکان ہر قسم کی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

بعض دفعہ مرنے والے کی جان اٹک جاتی ہے اور موت نہیں آتی ایسی صورت میں چند آدمی مل کر پچاس مرتبہ باوضو سورۃ الدخان پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں یا اس کے چہرے پر وہ پانی ملیں ان شاء اللہ آسانی سے روح قبض ہوگی۔

خواص سورۃ الجاثیہ (۴۵)

اس سورۃ مبارکہ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے بچوں کے گلے میں ڈال دیں ان شاء اللہ بچے جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہیں گے۔

سورۃ احقاف (۴۶)

اگر بارش نہ ہوتی ہو اور کھیتی پانی نہ ہونے کے سبب سوکھ رہی ہو تو اللہ تعالیٰ

سے بارش طلب کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ چند دن باوضو تیرہ بار سورۃ الاحقاف پڑھے ان شاء اللہ بارش ہوگی۔

سورۃ محمد (۴۷)

اگر کسی کو کوئی مشکل مہم پیش آگئی ہو تو سورۃ محمد کو اکتالیس مرتبہ چند دن پڑھے۔ اگر اکیلا یا چند آدمی مل کر باوضو پڑھ لیں تو ان شاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

جو شخص یہ چاہے کہ اس کی عزت بڑھے اور لوگ اس کی عظمت کو تسلیم کریں تو اس سورۃ کو مشک و زعفران سے لکھ کر گھول کر پی لے۔

سورۃ الفتح (۴۸)

ہر قسم کی کامیابی اور دشمن پر فتح حاصل کرنے کیلئے سورۃ الفتح باوضو اس طرح پڑھے کہ اوّل وآخر درود شریف اکہتر اکہتر بار درمیان میں تین تین بار سورۃ الفتح اور سورۃ النصر پڑھے ان شاء اللہ ہر قسم کی کامیابی حاصل ہوگی اور دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا۔

جو شخص رمضان المبارک کا چاند دیکھ کر اس کے سامنے کھڑے ہو کر باوضو تین بارہ سورۃ الفتح پڑھے تو بفضلہ تعالیٰ سال بھر امن و امان سے رہے گا اور ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ الحجرات (۴۹)

اگر سورۃ الحجرات کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے حاملہ عورت کے گلے میں باندھ دے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے حاملہ کا حمل قائم رہے گا اور بچہ صحت مند و تندرستی سے پیدا ہوگا۔

اگر کسی کا مادہ منویہ پتلا ہو گیا ہو اور جریان منی کی شکایت ہو تو روزانہ باوضو سورۃ الحجرات تین بات پڑھے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے اور اکتالیس دن تک یہ عمل جاری رکھے ان شاء اللہ صحت ہوگی۔

سورۃ ق (۵۰)

پیٹ کی تمام بیماریوں کیلئے باوضو سورۃ ق کو لکھے اور پانی میں گھول کر چند دن میں وہ پانی پیئے ان شاء اللہ تعالیٰ پیٹ کی جملہ بیماریوں سے نجات حاصل ہوگی۔

پاگل پن اور دیوانگی دور کرنے کیلئے سورۃ ق کو باوضو لکھے اورپانی میں گھول کر مریض کو پلائے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے خوف ڈراوردیوانگی سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۃ الذّاریات(۵۱)

اگر کسی ملک یا بستی میں قحط پڑگیا ہواور لوگ بھوک کی وجہ سے پریشان ہوں توچند آدمی مل کر سورۃ الذّاریات ستّر مرتبہ روزانہ ایک وقت میں پڑھ لیا کریں جب تک قحط ختم نہیں ہو جاتاپڑھتے رہیں۔

سورۃ الطّور(۵۲)

روزانہ رات کو تین بار سورۃ الطّور باوضو پڑھنے سے جذام اور کوڑھ کے مرض سے محفوظ رہے گا اور اگر خدانخواستہ بیماری کے آثار شروع ہوچکے ہوں تو جلد ہی نجات حاصل ہوگی۔

اگر کوئی مسافرسفر کے دوران اس سورۃ کوایک بارروزانہ پڑھ لیا کرے توان شاء اللہ ہرقسم کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا اور بحفاظت گھر واپس پہنچے گا۔

سورۃ النجم (۵۳)

سورۃ النجم ۲۱بار پڑھنا ہر قسم کی مراد پوری ہونے کیلئے اکسیر ہے۔

سورۃ القمر (۵۴)

مقبولیت عامہ کیلئے سورۃ القمر باوضو ظہر کے وقت لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھے۔

سورۃ الرحمٰن(۵۵)

خسرہ یاچیچک کی وباء پھیل رہی ہوتو اس سے حفاظت کیلئے مونگ یا لونگ پر سورۃ الرحمٰن تین بار باوضو پڑھے اور دم کرے ان لونگوں میں سے تین یا پانچ یا سات لونگ لے کر پانی سے نگل لے ان شاء اللہ حفاظت رہے گی۔

سورۃ الواقعہ(۵۶)

روزانہ مغرب کے بعد سورۃ الواقعہ پڑھنے سے فاقہ سے نجات حاصل ہوگی اور خوشحالی نصیب ہوگی۔اگر بارش نہ ہوتی ہوتو روزانہ سات بار پڑھ کر دعا کریں۔

سورۃ الحدید (۵۷)

ہر قسم کی رکاوٹ دور کرنے اور ہر قسم کی بیماری کے لئے سورۃ الحدید تین بار پڑھے اور دعا کرے اور مریض کے چہرے پر پانی کے چھینٹے مارے اور اسے پلائے۔

سورۃ المجادلہ (۵۸)

مایوس العلاج مریضوں کیلئے بعد نماز عصر سورۃ المجادلہ تین بار پڑھ کر ہر دفعہ مریض پر پھونکیں یہ عمل ۴۰ روز تک کریں۔

سورۃ الحشر (۵۹)

نسیان کیلئے سورۃ الحشر کو باوضو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر بارش کے پانی سے حل کرکے وہ پانی پی لے نسیان کا مرض دور اور حافظہ قوی ہو گا۔

سورۃ الممتحنہ (۶۰)

اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے شرعی عذر کی وجہ سے طلاق لینا چاہتی ہو اور خاوند اس کو طلاق نہ دیتا ہو تو وہ عورت سورۃ الممتحنہ کو گیارہ روز تک روزانہ باوضو گیارہ بار پڑھے۔

اگر کوئی شخص شیطانی کاموں میں مبتلا ہے تو اسے چاہیے کہ روزانہ پانچ بار سورۃ الممتحنہ پڑھے۔ان شاء اللہ وہ گناہوں سے باز آجائے گا۔

سورۃ الصّف (۶۱)

اہل خانہ اور اولاد کو مطیع اور فرمانبردار بنانے کیلئے ۷۰ بار سورۃ الصّف پڑھے۔

سورۃ الجمعۃ (۶۲)

میاں بیوی میں اُلفت و محبت قائم کرنے اور جھگڑے ختم کرنے کیلئے جمعہ کے دن ۳ بار یہ سورۃ پڑھے اور دعا کرے۔ان شاء اللہ محبت قائم ہو جائے گی۔

سورۃ المنافقون (۶۳)

جو کوئی شخص اس سورۃ کو روزانہ باوضو پڑھ کر سوئے ان شاء اللہ اس کے دشمن ہمیشہ ذلیل و خوار ہوں گے اور اسے نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

سورۃ التغابن (۶۴)

زیور، سونا، چاندی، مال اور روپیہ رکھ کر باوضو سات بار سورۃ التغابن پڑھ کر پھونک دیں ان شاء اللہ کوئی چور اور ڈاکو اس کو چوری نہیں کر سکے گا۔

سورۃ الطلاق (۶۵)

تین دن تک باوضو تین بار روزانہ پڑھ کر شدید زخموں پر دم کرنا خدا کے فضل سے زخموں کو جلد اچھا کرتا ہے۔

سورۃ التحریم (۶۶)

جو عورت ہمیشہ روزانہ باوضو سورۃ تحریم پڑھے گی ان شاء اللہ اس کا خاوند اسے ہمیشہ راحت و آرام سے رکھے گا اور اس کی اولاد تابع فرمان ہوگی۔

سورۃ الملک (۶۷)

اولاد کیلئے بوقت تہجد دو رکعت نفل اکتالیس روز تک اس طرح پڑھے کہ دونوں رکعت میں سورۃ الملک کی تلاوت کرے ان شاء اللہ اولاد ہوگی۔

آخرت میں کامیابی اور عذاب قبر سے نجات کیلئے روزانہ ایک بار بعد نماز عشاء سورۃ الملک کی تلاوت کریں۔

سورۃ القلم (۶۸)

۷۰ بار سورۃ القلم پڑھنے سے چغل خور اور برا کہنے والوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ الحاقہ (۶۹)، سورۃ المعارج (۷۰)، سورۃ نوح (۷۱)

دشمن کے شر سے بچنے کیلئے ہفتے کی صبح بعد نماز فجر ۲۱ بار سورۃ الحاقہ پڑھیں۔

بری موت سے بچنے کیلئے عصر کی نماز کے بعد سورۃ نوح پڑھیں۔

سورۃ الجن (۷۲)

قیدی اگر سورۃ الجن کو روزانہ پڑھے تو اسے رہائی نصیب ہوگی۔ اور آسیب زدہ کو دم کر کے پلانے سے افاقہ ہوگا۔

سورۃ المزّمّل (۷۳)

جس گھر میں فاقہ رہتا ہوروزانہ بعد نماز عشاء ایک بار سورۃ مزمل پڑھیں ان شاء اللہ گھر میں برکت ہوگی۔

جس کے بچے مرجاتے ہوں تو سات بار باوضو سورۃ مزمل پڑھ کر چھالیہ پر دم کرکے اس میں سوراخ کرکے بچے کے گلے میں ڈالیں ان شاء اللہ بچے کی عمر دراز ہوگی۔

سورۃ المدّثّر (۷۴)

محتاجی دور کرنے کے لئے اس سورۃ کو روزانہ ایک بار پڑھیں۔

سورۃ القیامہ (۷۵)

تسخیر خلائق کیلئے اس سورۃ کو روزانہ سات بار پڑھیں۔

سورۃ الدّہر (۷۶)

۷بارروزانہ اس سورۃ کی تلاوت کرنے سے دشمنوں کے شر سے حفاظت ہوگی۔

سورۃ المرسلات (۷۷)

اگر کسی کا سانس پھولتا ہویا برے خواب دیکھتا ہوتواس سورۃ مبارکہ کو دم کرکے پینے سے افاقہ ہوگا۔

سورۃ النبا (۷۸)

سورۃ النبا کا بعد از نماز عصر پڑھنا دل میں ایمان اورنور پیدا کرتا ہے۔

سورۃ النازعات (۷۹) سورۃ عبس (۸۰) سورۃ التکویر (۸۱)

جو شخص روزانہ ۲۱بارسورۃ النازعات پڑھے گا وہ موت کی تلخی سے محفوظ رہے گا۔خاتمہ بالایمان ہوگا۔

ہر قسم کی رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے سورۃ التکویر کو ۲۱بار تلاوت کریں۔

سورۃ الانفطار (۸۲)

سحر اور جادو کسی مکان میں دفن ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس سورۃ کو ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اورپورے مکان کی دیواروں پر چھڑکیں ان شاء اللہ خواب میں جگہ معلوم ہوجائے گی۔

سورۃ المطففین (۸۳)

۷۰ ستّر بار یہ سورۃ پڑھنے سے بچے کی باآسانی ولادت ہوگی۔

سورۃ الانشقاق (۸۴)

اگر کسی کو بچھو نے ڈنگ ماردیاہو اور زہر کے سبب تکلیف ہوتو یہ سورۃ دم کریں۔

سورۃ البروج (۸۵)

دشمنوں کے شر سے بچنے کیلئے پانچ ۵ بار روزانہ پڑھیں۔

سورۃ الطارق (۸۶)

جس گھر میں سانپ بچھو یا شیاطین ہوں تو یہ سورۃ لکھ کر لگانے سے وہ گھر محفوظ ہوجائے گا۔

سورۃ الاعلیٰ (۸۷)

بواسیر کیلئے روزانہ ایک بار پڑھ کر پینے سے مرض ختم ہوجاتا ہے۔

سورۃ الغاشیہ (۸۸)

جس کی ہچکی بند نہ ہوتی ہوتو یہ سورۃ باوضو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

سورۃ الفجر (۸۹)

جو شخص چاہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوتو اس سورۃ کو ۱۰۰ بار پڑھ کر دعا کرے۔

سورۃ البلد (۹۰)

جو شخص درد گردہ کا مریض ہو اس سورۃ کو روزانہ گیارہ بار پڑھ کر دم کر کے پیئے۔

سورۃ الشمس (۹۱) سورۃ اللیل (۹۲)

کوئی شخص بھاگ گیا ہوتو اس کی سلامتی کیلئے سورۃ اللیل کو ہرن کی کھال پر لکھ کر درخت پر لٹکائیں ان شاء اللہ جلد واپس آجائے گا۔

سورۃ الضحیٰ (۹۳)

بھولی ہوئی چیز کو یاد کرنے کیلئے اس سورۃ کی تلاوت کریں۔

سورۃ الانشراح (۹۴)

جو شخص سات روز تک ہر نماز کے بعد سات بار اس سورۃ کی تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی بے چینی دور فرمادیں گے۔

سورۃ التّین (۹۵)

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے گھر خوبصورت لڑکا پیدا ہو تو حمل کی ابتدا سے ۹ ماہ تک چینی کی طشتری پر سورۃ التّین لکھ کر بیوی کو چٹائے۔

سورۃ العلق (۹۶)

اس سورۃ کا فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سات بار پڑھنا پھر سجدہ کرنا اور سجدے میں حَسْبِیَ اللہُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ سات بار پڑھنا جوڑوں کے درد کو ختم کرتا ہے۔

سورۃ القدر (۹۷)

اگر کسی کو خارش ہوگئی ہو تو اس سورۃ کا دم کرنے سے افاقہ ہوتا ہے۔

سورۃ البیّنہ (۹۸)

یرقان کے مریض کیلئے دم کرکے پلائیں اور گلے میں ڈالیں

سورۃ الزلزال (۹۹)

سونے سے قبل تین بات پڑھنے سے وقت پر آنکھ کھل جاتی ہے۔

سورۃ العادیات(۱۰۰)سورۃ القارعہ(۱۰۱)سورۃ التکاثر(۱۰۲)

ہر مشکل عمل کیلئے سورۃ القارعہ کو۱۰۸بار پڑھنا مجرب ہے۔

دنیا کی محبت کو دل سے نکالنے کیلئے سورۃ التکاثر کو ۳بارروزانہ پڑھیں۔

سورۃالعصر(۱۰۳)سورۃ الہمزہ(۱۰۴)سورۃ الفیل(۱۰۵)

ہر عمل میں کامیابی کیلئے سورۃ العصر کو بعد نماز عصر ۱۰۱بار پڑھ کر دعا کریں۔

اگر کسی ظالم وجابر کے سامنے جاناہوتو سورۃ الھُمَزَہ کو ۲۱بارپڑھ لیا کریں۔

سورۃالقریش (۱۰۶)

اگر کسی کے پیشاب میں خون آتا ہوتو جب بھی کھانا کھائے تواس سورۃ کوپڑھ کردم کرلیاکرے۔

سورۃ الماعون(۱۰۷)

دشمنوں کے ناحق مقدمات سے بچنے کیلئے ۳۰دن تک روزانہ گیارہ سو بار اس کی تلاوت کریں۔

سورۃ الکوثر(۱۰۸)

دردسرکیلئے سات بارپڑھ کردم کرنا مجرب ہے۔

سورۃ الکافرون(۱۰۹)

مغرب اورفجر کی سنتوں میں اس سورۃ کی تلاوت خاتمہ بالایمان کاذریعہ ہے۔

سورۃالنصر(۱۱۰) سورۃاللھب(۱۱۱)

سورۃ اللھب کو ۳۰۰۰بار روزانہ پڑھنے سے دشمن برباد ہوگا۔

سورۃالاخلاص (۱۱۲)

جو عورت بانجھ ہودس دن روزانہ ۱۰۰۰باراس سورۃ مبارکہ کی تلاوت کرے۔

مُعَوَّذَتَیۡن (۱۱۳،۱۱۴)

ہرقسم کے سحرو جادو کوختم کرنے کیلئے ان سورتوں کو ۱۰۰بارپڑھ کردم کریں۔

عمل برائے تسخیر عام وخاص

حکماء، ڈاکٹرز، وکلاء، دکاندار اور تاجر حضرات کیلئے انمول تحفہ

اوّل سورۃالرحمٰن خوب اچھی طرح یاد کرلیں اورروزانہ صبح جب سورج نکلے اور ایک نیزہ بلند ہوجائے تو سورج کی طرف منہ کرکے سورۃالرحمٰن پڑھنا شروع کریں۔جب آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن پر آئیں تو دائیں ہاتھ کی شہادت والی انگلی سے سورج کی طرف ایک اشارہ کردیں۔

اسی طرح ہرمرتبہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن پر انگلی سے اشارہ کردیا کریں یہاں تک کہ سورۃ ختم ہوجائے۔یہ عمل چالیس دن تک کریں بعد ختم چلہ روزانہ ایک مرتبہ سورۃالرحمٰن پڑھتے رہیں۔یہ عمل روزانہ پانچ منٹ کا ہے ایک ہفتہ بعد آمد مخلوق شروع ہوجاتی ہے لیکن یہ زکوٰۃ ہے آپ التفات نہ کریں اور آنے والوں کو کمال اخلاق سے بٹھایا کریں اور خوش مزاجی سے پیش آئیں۔ایک چلہ میں عام مخلوق کی آمد،دوسرے چلہ میں خاص لوگوں کی آمد،تیسرے چلہ میں رئیسوں کی آمد،چوتھے چلہ میں رات دن مخلوق کا ہجوم لگارہتا ہے۔اگر تجارتی کاروبار ہے سب خریداری کریں گے۔اور ہر شخص دکان کی طرف خودبخود کھنچ کر آئے گا۔عجیب وغریب صفات کا عمل ہے اگر کسی حاکم یا افسر کے پاس جانا ہے تو ایک بارسورۃالرحمٰن پڑھ کر جائیں اگرزیادہ وقت نہ ہوتو تین بارفَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن پڑھ لیا کریں پھر سلام کریں افسر کمال خوش اخلاقی سے پیش آئے گا۔ان شاء اللہ

آیات السکینۃ کی تلاوت دل کے سکون واطمینان کی دوا

حافظ ابن القیم رحمۃ اللہ اپنی کتاب (مدارج السالکین-منزلۃ السکینۃ-2 /502 میں فرماتے ہیں کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے السکینۃ کا (لفظ) اپنی کتاب میں چھ جگہ ذکرکیا ہے،

- اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

1. وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾ البقرۃ

2. ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾ التوبۃ

3. اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۰﴾ التوبۃ

4. هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْۤا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۴﴾ الفتح

5. لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ الفتح

6. اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْۤا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۲۶﴾ الفتح

حافظ ابن القیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ شیخ الاسلام ابن تیمیۃ رحمہ اللہ کو جب مشکل اور سختی والے امور پیش آتے تو آپ آیات السکینۃ پڑھتے تھے

حافظ ابن القیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے بھی دل کے اضطراب وپریشانی میں ان آیات کو آزمایا ہے اور میں نے دل کے سکون واطمینان میں ان آیات کی ایک عظیم تاثیر دیکھی ہے ابن القیم رحمہ اللہ " السکینۃ " کے شرح فرماتے ہیں کہ یہ منزلۃ ومرتبہ خاص اللہ تعالی کی طرف سے عطا کی ہوئی منازل ومراتب میں ہے یہ کسبی منازل میں سے نہیں ہے ، یعنی اپنے عمل وکوشش سے یہ مرتبہ حاصل نہیں ہوتا بلکہ خاص اللہ تعالی کا عطیہ ہے اور " السکینۃ " کا معنی ہے اطمینان و وقار اور وہ خاص سکون جس کو اللہ تعالی اپنے کسی بندہ کے دل میں اضطراب وخوف وپریشانی کے وقت ڈالتے ہیں حاصل یہ کہ کسی بھی قسم کی پریشانی غم وخوف واضطراب و تنگی اگر پیش آئے توان آیات کی تلاوت کرنا سکون واطمینان کے حصول کا مُجرب ذریعہ ہے

یہ آیات روزانہ تین مرتبہ یا پانچ یا سات مرتبہ پڑھے ، اور بہتر یہ ہے کہ کلمہ السکینۃ کو تین مرتبہ تکرار کے ساتھ پڑھے۔

درود شریف
سے
مشکلات کا
حل

درود شریف کی فضیلت وبرکات

درود شریف کی فضیلت و برکات اس قدر ہیں کہ تمام مشکلات اور مصائب کا حل اس کے ورد میں مضمر ہے اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن پاک میں کسی عمل کی تلقین کے بارے میں یہ نہیں فرمایا کہ میں یہ کام کرتا ہوں لہٰذا تم بھی کیا کرو مگر درود شریف کے بارے میں قرآن پاک کی سورۃ الاحزاب آیت ۵۶ میں خاص طور پر فرماتے ہیں کہ:

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

(اللہ پاک اور اس کے فرشتے آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجتے ہیں پس اے ایمان والو! تم بھی ان (نبی کریم ﷺ) پر درود و سلام بھیجو) سبحان اللہ کتنا عظیم ذکر ہے جس کے ذاکر خود اللہ پاک ہیں اس بات پر غور کریں تو یہ نتیجہ سامنے آتا ہے کہ درود شریف اللہ پاک کی بارگاہ میں قبول ہی قبول ہے تو جس دعا کے اوّل آخر درود شریف پڑھا جائے گا وہ دعا کیوں نہ قبول ہوگی۔ حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ دعا آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتی ہے اوراس کا کچھ حصہ اوپر نہیں چڑھتا جب تک کہ تو اپنے نبی کریم ﷺ پر درود پاک نہ بھیجے۔

درود شریف کے فضائل ومناقب اور احکام اتنے زیادہ ہیں کہ اس پر مفصل اور مختصر سینکڑوں کتابیں(بلامبالغہ) لکھی جاچکی ہیں۔انہی مستند و معتبر کتب سے منتخب کی گئی چند احادیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں کہ جن میں درود شریف کی فضیلت وبرکات کا بیان ہے۔

حضرت ابو طلحہؓ فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور نبی کریم ﷺ خوش وخرم تشریف لارہے تھے،ارشاد فرمایا: میرے پاس حضرت جبرائیلؑ تشریف لائے اور کہا یارسول اللہ ﷺ کیا آپ اس بات راضی نہیں کہ آپ کا کوئی امتی آپ ﷺ پر ایک بار درود پاک پڑھے تو میں اس پر دس بار درود پاک پڑھوں، آپ ﷺ کا امتی آپ ﷺ پر ایک بار سلام پڑھے اور میں اس پر دس بار سلام پڑھوں۔

حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس کے اسی سال کے گناہ معاف فرمادے گا۔

حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرا جو امتی خلوص دل کے ساتھ مجھ پر درود شریف پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس باردرود بھیجے گا۔اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھے گا اس کے دس درجات بلند ہوں گے اوردس برائیاں مٹادی جائیں گی۔

ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشادفرمایا کہ جو شخص ہر روز سومرتبہ درددشریف پڑھے اس کی سو حاجات پوری کی جائیں گی، جن میں سے تیس دنیا میں اور باقی آخرت میں پوری کی جائیں گی۔

بیہقیؒ نے لکھا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشادفرمایا کہ جو شخص میری قبر پر درودپاک پڑھتا ہے اس کو میں خود سنتا ہوں اور جو مجھ سے فاصلے پر پڑھتا ہے وہ میرے پاس(فرشتوں کے ذریعے)پہنچادیاجاتاہے۔

اسی طرح بے شمار احادیث مبارکہ سے درودشریف کی برکات ثابت ہیں مگر یہاں ہم درج بالاپر ہی اکتفا کرتے ہیں۔اللہ پاک مجھے اور آپ کو درود شریف کی کثرت نصیب فرمائے۔آمین ثم آمین یارب العالمین

حضور ﷺ کی شفاعت واجب ہو جائے

۱۔ حضرت رویفع رضی اللہ عنہ بن ثابت انصاریؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا جو شخص اس طرح کہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ط

تو اس پر میری شفاعت واجب ہوجاتی ہے۔

۲۔ یہ درود شریف حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے اورایک حدیث میں ہے کہ جو شخص میرے لئے وسیلہ کی دعا کرے گااس پر میری شفاعت اترے گی یعنی محقق ہوجائے گی۔دوسری جگہ ارشاد ہے کہ واجب ہوجائے گی۔

تریاق مجرب

صلحاء میں سے ایک صاحب نے حضرت شیخ شہاب الدین ابنِ ارسلان (جو بڑے زاہد اور عالم تھے) کو خواب میں دیکھا اور ان سے اپنے مرض کی شکایت اور تکلیف کہی، تو انہوں نے فرمایا: تو تریاق مجرب سے کہاں غافل ہے یہ درود شریف پڑھا کر۔ خواب سے اٹھنے کے بعد ان صاحب نے کثرت سے اس درود کو پڑھا اور ان کا مرض زائل ہو گیا۔ (تمام وبائی اور موذی امراض کے لئے مجرب ہے)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

مال میں برکت ہو گی

حضرت ابو سعیدؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ جس شخص کو منظور ہو کہ میرا مال بڑھ جائے وہ یوں کہا کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط

امام شافعیؒ کا اعزاز

روضۃ الاحباب میں امام اسماعیل بن ابراہیم مدنی سے مروی ہے کہ انہوں نے امام شافعیؒ کو انتقال کے بعد خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ وہ بولے مجھے بخش دیا اور حکم دیا کہ مجھ کو تعظیم واحترام کے ساتھ بہشت میں لیجاویں اور سب برکت ایک درود کی ہے جس کو پڑھا کرتا تھا میں نے پوچھا وہ کونسا درود؟ فرمایا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ط
(حاشیہ حصن الحصین)

ہر مصیبت سے نجات کیلئے

مناہج الحسنات میں ابن فاکہانی کی کتاب فجر منیر سے نقل کیا ہے کہ ایک بزرگ شیخ صالح موسیٰ ضریر تھے انہوں نے اپنا گزرا ہوا قصہ مجھ سے بیان کیا کہ ایک جہاز ڈوبنے لگا میں اس میں موجود تھا اس وقت مجھ کو غنودگی سی ہوئی اس حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو یہ درود تعلیم فرما کر ارشاد فرمایا کہ جہاز والے اس کو ہزار بار پڑھیں ہنوز تین سو بار تک نوبت پہنچی تھی کہ جہاز نے نجات پائی وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَآ اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

فائدہ: حکیم الامت حضرت تھانویؒ نے زادالسعید کے حاشیہ پر اس درود شریف کا کثرت سے پڑھنا اور مکان میں لکھ کر چسپاں کرنا تمام امراض وبائیہ ہیضہ و طاعون وغیرہ سے حفاظت کیلئے اور مجرب لکھا ہے اور یہ کہ قلب کو عجیب اطمینان بخشتا ہے۔

اس درود شریف کے پڑھنے والے کا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خصوصی اکرام فرمایا

اس درود شریف کے پڑھنے والے کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خصوصی اکرام فرمایا اس کو قریب بٹھایا اس پر صحابہؓ کو تعجب ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ صاحب یہ درود پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَهٗ ط

(القول البدیع، مختصر حزب الاعظم)

شوہر کے ظلم اور تنگ دستی سے حفاظت کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ ○ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَ مُنْزِلِهٖ مِنْ سَمَآءِ الْقُرْآنِ ○ وَعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ سَلِّمْ ○

فائدہ: اگر شوہر مارپیٹ اور ظلم وستم کرتا ہو یا کوئی تنگ دستی اور محتاجی کا شکار ہو تو یہ درود شریف بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب یا عشاء اکہتر ۷۱ بار پڑھ کر دعا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ شوہر بیوی پر مہربان ہو جائے گا اور محتاجی و تنگ دستی سے بھی محفوظ رہے گا۔

دفعِ تکان

بستر پر جاتے وقت سبحان اللہ، الحمدللہ، اللہ اکبر بالترتیب ۳۳، ۳۳ اور ۳۴ بار پڑھیں اور جسم پر دم کریں۔ یہ عمل حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو حضور انور ﷺ نے بتلایا تھا جب آپؓ نے حضور ﷺ سے ایک خادمہ کی خواہش فرمائی تھی۔

حضرت علی مرتضیٰؓ فرماتے ہیں کہ: میں نے اس کا پڑھنا کبھی ترک نہیں کیا، یہاں تک کہ جنگِ صفین کی رات کو بھی نہیں۔

خاص خاص درود شریف کے خاص فضائل
درود شریف کن الفاظ سے پڑھنا چاہیے؟

حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھ سے حضرت کعب رضی اللہ عنہ کی ملاقات ہوئی، وہ فرمانے لگے: میں تجھے ایک ایسا ہدیہ دوں جو مجھے حضور نبی کریم ﷺ

نے عطافرمایا ہے۔میں نے عرض کیا، ضرور مرحمت فرمایئے۔انہوں نے فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ یہ تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتلادیا کہ آپ پر سلام کیسے بھیجیں (جیسا کی نماز میں اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَکَاتُهٗ پڑھنے کا حکم ہے) آپ پر درود شریف کن الفاظ کے ساتھ پڑھیں؟ آپ ﷺ نے سب صحابہ سے ارشادِ مُبارک فرمایا، کہو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

دل کی گھبراہٹ اور بلڈ پریشر کیلئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاهِرِ الزَّکِیِّ صَلَاةً تَحِلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَتُفَكُّ بِهَا الْکُرَبُ۔

فائدہ: جس کا دل خواہ مخواہ گھبرانے لگے اور انجانا خوف طاری ہو یا بلڈ پریشر کا مریض ہو تو یہ درود شریف روزانہ بعد نماز مغرب ۳۱۳ بار پڑھ کر سینہ میں پھونک لے اور آدھا کپ پانی پر دم کرکے پی لیا کرے تو ان شاء اللہ بہت جلد افاقہ ہوگا اور طمانیت قلب نصیب ہوگی۔امراض قلب میں نہایت اکسیر ہے۔

اسمِ اعظم کی دعاء

ایک مخلص خادم حضرت ابراھیم ادھمؒ کی صحبت میں رہے۔انھوں نے عرض کیا کہ مجھے آپ وہ اسمِ اعظم سکھادیں جس کے ذریعے جو دعاء بھی مانگی جائے، قبول ہو۔حضرت ابراھیم نے فرمایا کہ یہ کلمات صبح وشام پڑھ لیا کرو جو سائل یہ کلمات پڑھے گا اس کی مراد پوری ہوگی اور جو خوفزدہ پڑھے گا اسے امن ملے گا۔

یَامَنْ لَّہٗ وَجْہٌ لَّا یَبْلٰی وَنُوْرٌ لَّا یَطْفَؤُ وَاسْمٌ لَّا یُنْسٰی وَبَابٌ لَّا یُغْلَقُ وَسِتْرٌ لَّا یُہْتَکُ وَمُلْکٌ لَّا یَفْنٰی اَسْئَلُکَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِجَاہِ مُحَمَّدٍ ﷺ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَتُعْطِیَنِیْ مَسْأَلَتِیْ۔

محبت ومصالحت نادر عمل

از حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ مستفاد از معمولات عزیزی

طٰسٓ طٰسٓمّٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیَانِ بَیْنَہُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ

خاصیت:۔ شوہر اور بیوی میں ناموافقت ہو یا شریکوں کے درمیان کسی قسم کا جھگڑا ہو۔ ان کلمات کو شیرینی پر دم کرکے کھلائے نفرت دور ہوکر محبت ومصالحت پیدا ہوگی۔

خاصیت:۔ اگر حاکم خفا ہو۔ اول تین مرتبہ بسم اللہ پڑھے اس کے بعد کٓھٰیٰعٓصٓ کے ہر حرف کو پڑھتا جائے اور بائیں ہاتھ کی انگلی کو کھولتا جائے۔ اس ترکیب کے بعد نظر بچاکر حاکم کی طرف دم کردے ان شاء اللہ تعالیٰ مہربان ہوگا۔

مستقل مزاجی پائیں اور تضیع اوقات سے بچیں

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ۔ وَکُلَّمَا سَہٰی عَنْہُ الْغَافِلُوْنَ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

فائدہ: جو شخص بھی بعد نمازِ فجر بطور وظیفہ ایک سو بار یہ درود شریف پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو دینی ودنیاوی کاموں میں یکسوئی اور مستقل مزاجی عطا کر دیتے ہیں نیز اس کی برکت سے اوقات ضائع ہونے سے بچ جاتی ہیں اور کاموں میں آسانی پیدا ہوجاتی ہے۔

آنکھ کی جملہ تکالیف اور بینائی تیز کرنے کیلئے

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُہٗ ○ وَالرَّحْمَۃِ لِلْعَالَمِیْنَ ظُہُوْرُہٗ ○ عَدَدَ مَنْ مَضٰی مِنْ خَلْقِکَ وَ مَنْ بَقِیَ ○ وَمَنْ سَعِدَ مِنْہُمْ وَ مَنْ شَقِیَ ○ صَلَاۃً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِیْطُ بِالْحَدِّ ○ صَلَاۃً لَّا غَایَۃَ لَہَا وَلَا انْتِہَاءَ ○ وَلَا اَمَدَ لَہَا وَ لَا انْقِضَاءَ ○ صَلَوَاتِکَ الَّتِیْ صَلَّیْتَ عَلَیْہِ ○ صَلَاۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِکَ ○ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ کَذَالِکَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذَالِکَ۔

فائدہ: اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد یہ درود شریف پڑھ کر انگلیوں پر دم کرے اور آنکھوں پر پھیر لیا کرے تو اللہ تعالیٰ آنکھ کی ایسی تکالیف بھی دور کر دیتے ہیں جس سے ڈاکٹر عاجز آگئے ہوں اور بینائی تیز ہو جاتی ہے۔ آزمودہ ہے۔

ہر قسم کے درد اور لاعلاج بیماری کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّدَوَاءٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

فائدہ: کسی بھی قسم کے درد اور مرض کیلئے مریض پر یہ درود شریف اس طرح دم کرے اول آخر تین بار یہ درود پڑھے اور درمیان میں سات بار سوۃ فاتحہ مع بسم اللہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھی کو بخش دے اور مریض پر دم کرے تو ان شاء اللہ العزیز فوراً شفاء ہو جائے۔ نیز اگر مریض لاعلاج قرار دے دیا گیا ہو یا بیماری سخت ہو تو یہ درود شریف اول وآخر ایک سو بار پڑھے۔ شوگر اور کینسر جیسے موذی امراض میں نہایت اکسیر پایا ہے۔

قرض سے محفوظ رہنے کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

فائدہ: جو شخص چاہے کہ کبھی قرض دار نہ ہو یا اگر ہو جائے تو جلد نجات پائے اس کو چاہیے کہ بعد نماز ظہر سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو قرض سے بچائیں گے اور اگر مقروض ہوا تو غیب سے قرض کی ادائیگی کا انتظام کردیں گے اور آخرت میں کسی نعمت کی ناقدری پر پکڑ نہیں ہو گی۔ ان شاء اللہ العزیز

موذی جانوروں سے حفاظت کیلئے

صَلَّی اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَبِحَمْدِہٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِہٖ وَرَسُوْلِہِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ

فائدہ: اگر کوئی شخص نماز کے بعد سات مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر بدن پر دم کرے تو جن، آسیب اور سانپ بچھو کوئی بھی موذی جانور اس کو تکلیف نہ دے

سکے گا۔اورنہ کوئی ظالم وسرکش اس پر غلبہ پاسکے گا نیز کثرت سے اس کا ورد کرنا عجیب حفاظتی حصار کی طاقت رکھتا ہے۔

اولاد کی کامیابی اور عزت کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعَالَمِیْنَ حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ ○
صَلَاةً اَنْتَ لَهَا اَهْلٌ ○ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ كَذَالِكَ

فائدہ: اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اور مغرب ۷۱ مرتبہ اور دیگر نمازوں کے بعد سات مرتبہ یہ درود شریف پابندی سے پڑھا کرے تو ان شاء اللہ العزیز اس کو اور اس کی اولاد کو معاشرے میں باعزت مقام حاصل رہے گا۔

۸۰ سال کے گناہ معاف اور ۸۰ سال کی عبادت کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا ط

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضوراکرم ﷺ نے فرمایا مجھ پر درود بھیجنا پل صراط پر گزرنے کے وقت نور ہے اور جو شخص جمعہ کے دن ۸۰ بار مجھ پر درود شریف پڑھے اس کے ۸۰ سال کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔کہا گیا یارسول اللہ! ﷺ آپ پر کس طرح درود شریف پڑھیں؟ فرمایا:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ط

(القول البدیع للسخاویؒ)

سب سے افضل حمد اور درود شریف

علامہ ابن المشتہرؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ جل شانہ کی ایسی حمد کرے جو سب سے زیادہ افضل ہو جو اس کی مخلوق میں کسی نے (اب تک) نہ کی ہو،اولین واخرین اور ملائکہ مقربین، آسمان والوں اور زمین والوں میں سے بھی افضل ہو اور اسی طرح یہ چاہے کہ حضوراقدس ﷺ پر ایسا درود پڑھے جو ان سب

سے افضل ہو جتنے درود کسی نے پڑھے ہوں اوراسی طرح یہ بھی چاہتا ہو کہ وہ اللہ جل شانہ سے کوئی ایسی دعا مانگے جوان سب سے افضل ہو جو کسی نے (اب تک) مانگی ہوں تو وہ یہ پڑھا کرے:۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ وَافْعَلْ بِنَا مَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَاَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ ط

ایک عظیم نیکی کے لکھنے میں فرشتوں کا اللہ سے رجوع کرنا

حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ "اللہ کے بندوں میں سے ایک بندے نے (اللہ تعالیٰ کی اس طرح) تعریف کی:

یَارَبِّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا یَنْبَغِیْ لِجَلَالِ وَجْھِکَ وَلِعَظِیْمِ سُلْطَانِکَ ط

تو فرشتے مشکل میں پڑ گئے اور سمجھ نہ سکے کہ وہ اسے کس طرح لکھیں۔ تو وہ آسمان کی طرف چڑھے اور عرض کیا اے ہمارے پروردگار تیرے بندے نے ایک ایسا جملہ کہا ہے کہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم اس (کے ثواب) کو کس طرح لکھیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس کلمہ کو اسی طرح سے لکھو جس طرح سے میرے بندے نے کہا ہے یہاں تک کہ میرا بندہ جب مجھ سے ملے گا تو اسے اس کا انعام دوں گا۔ (ابن ماجہ، طبرانی، مجمع الزوائد، تفسیر قرطبی، کنزالعمال)

فائدہ: اس روایت سے معلوم ہوا کہ مذکورہ کلمہ پڑھنے کا عظیم ثواب ہے ہمیں اس عمل کو یاد کرکے پڑھتے رہنا چاہیے اللہ پاک ہمیں بھی اس کا بہت بڑا ثواب عطا فرمائیں گے۔

اس کا ثواب ستّر فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا۔

جَزَی اللہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ ط

فائدہ: مشقت میں ڈالنے سے مراد یہ ہے کہ ہزار دن تک اس کا ثواب لکھتے لکھتے تھک جائیں گے۔ (الترغیب ص ۱۶۴، ج ۳ بروایت طبرانی فی الکبیر الاوسط)

صلوٰۃ الحاجت

حضرت امام جعفر صادقؒ نے فرمایا اس عمل کے کرنے سے اللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری کرتے ہیں۔

دو رکعت نماز حاجت پڑھیں اور پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون دس بار اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص دس بار پڑھیں سلام پھیرنے کے بعد دس بار تیسرا کلمہ اور دس بار درود شریف اور دس بار ربنا اٰتنا فی الدنیا اور پھر ہاتھ اٹھا کر درود شریف پڑھیں اور ۱۰۰ بار یارب یارب کہیں اور پھر حاجت کا تذکرہ کریں اور پھر درود شریف پڑھ کر اٰمین کہہ دیں۔

مقاتلؒ سے ایک مجرب دعا منقول ہے جس سے عیسیٰ علیہ السلام مردوں کو زندہ کرتے تھے جب تو اس دعا کو کو پڑھنا چاہے تو صبح کی نماز کے بعد اسی جگہ بیٹھ کر ۱۰۰ بار

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ يَا قَدِيْمُ يَا دَائِمُ يَا فَرْدُ يَا اَحَدُ يَا وِتْرُ يَا صَمَدُ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○

پھر جو دعا مانگے قبول ہوگی اگر قبول نہ ہو تو مقاتل کو ملامت کرنا۔

(شمس المعارف صفحہ ۲۶۹)

جس شخص کو کوئی مصیبت درپیش ہو اس کو چاہیے کہ شب جمعہ کو غروب آفتاب کے بعد غسل کر کے اعتکاف میں بیٹھے اور کسی سے کلام نہ کرے یہاں تک کہ عشاء کی نماز پڑھ کر وتر کے آخری سجدہ میں یہ الفاظ یااللہ یارب یاحی یاقیوم بک استغیث یااللہ سو بار کہے اور حاجات مانگے ضرور پوری ہونگی۔

(شمس المعارف ص ۲۶۹)

متفرق وظائف

جادو کا علاج

جادو کے ربانی علاج کی دو قسمیں ہیں:

پہلی قسم

جس سے انسان جادو سے محفوظ رہتا ہے اس کی تین شرائط یہ ہیں۔

۱۔ تمام فرائض و واجبات کا ادا کرنا اور تمام محرمات کو ترک کر دینا اور تمام گناہوں سے توبہ کرنا۔

۲۔ تلاوت قرآن کریم کی کثرت بایں طور کہ اس کو اپنے معمولات یومیہ میں شامل کر لینا۔

۳۔ دعاؤں، تعوذات اور اذکار مشروعہ سے اپنی حفاظت کرنا۔ مثلاً مندرجہ ذیل دعاؤں کو درج شدہ ترتیب پر پڑھنا

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام کو پڑھنا اور ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت اور صبح وشام آیت الکرسی پڑھنا اور سورۃ الاخلاص اور معوذتین کا صبح وشام اور سوتے وقت تین تین مرتبہ پڑھنا اور **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ** کا سو مرتبہ پڑھنا اور صبح و شام اور نماز کے بعد کے اذکار اور سوتے جاگتے گھر میں داخل ہونے، نکلنے، سوار ہونے، مسجد میں داخل ہونے، مسجد سے نکلنے، بیت الخلاء میں جانے اور اس سے نکلنے، مصیبت زدہ کو دیکھتے وقت کی دعاؤں کا پابندی سے پڑھنا۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ان مندرجہ بالا دعاؤں کی پابندی ان اسباب میں سے ہے جو انسان کو (اللہ کے حکم سے) جادواور نظر بد لگنے اور جنات کے اثر سے محفوظ کر دیتے ہیں۔ اسی طرح ان مذکورہ آفتوں وغیرہ کے آنے کے بعد بھی یہ دعائیں اہم علاج ہیں۔

اگر ممکن ہو تو صبح نہار منہ سات کھجوریں کھانا بھی جادو کیلئے مفید ہے۔اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

مَنْ تَصَبَّحَ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعَ تَمَرَاتٍ عَجْوَةً لَّمْ يَضُرَّهُ فِيْ ذَالِكَ الْيَوْمِ سُمٌّ وَّلَا سِحْرٌ (بخاری)

عجوہ مدینہ منورہ کی ایک خاص کھجور ہے جو سب سے افضل اور بہتر کھجوروں میں سے ہے۔بہتر یہ ہے کہ یہ کھجوریں مدینہ کے دو حروں کے درمیان پیدا ہونے والی ہوں جیسا کہ مسلم کی روایت میں اس کی تصریح ہے۔لیکن شیخ عبداللہ بن باز رحمہ اللہ (سابق مفتی اعظم مملکت سعودیہ) کا خیال یہ ہے کہ مدینہ کی وہ تمام کھجوریں جن میں یہ خاصیت پائی جاتی ہوان کا کھانا کافی ہے اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

"جو شخص صبح کو مدینہ کے دونوں پہاڑوں کے درمیان کی سات کھجوریں کھائے۔۔۔"

جیسا کہ شیخ کا خیال ہے کہ اگر کسی نے مدینہ کی کھجوروں کے علاوہ کہیں اور کی سات کھجوریں اس مذکورہ طریقے سے کھالیں تو امید ہے کہ اس کیلئے بھی اسی طرح نافع ہوں گی۔

دوسری قسم جادو چلنے کے بعد جادو کا علاج

۱۔ اس جادو کا نکالنا اور کاٹ کرنا ہے جبکہ اس کی جگہ اور مقام اس طریقہ سے معلوم ہوسکے جو شرعاً جائز ہو اور یہ مسحور کا سب سے بہترین علاج ہے۔

۲۔ (جائز) جھاڑ پھونک ہے۔پھر اس کے بھی بہت سے طریقے ہیں مثلاً

بیری کے سات ہرے پتے لے کر گھوٹے پھر اس میں اتنا پانی ملادے جو غسل کیلئے کافی ہوسکے اوراس پر تعوذ، آیت الکرسی، سورۃ الاعراف کی آیات ۱۱۷ تا ۱۲۲، سورۃ یونس کی آیات ۷۹ تا ۸۲، سورۃ طٰہٰ کی آیات ۶۵ تا ۷۰، سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس پڑھ کر دم کرے اور پھراس پانی سے تھوڑا سا لے کر تین

مرتبہ پی لے اور باقی پانی سے غسل کرے ان شاء اللہ اس سے جادو کا اثر ختم ہو جائے گا لیکن اگر دوبارہ سہ بارہ ضرورت ہو تو اسی طرح کرتا رہے حتیٰ کہ مرض بالکل ختم ہو جائے۔یہ طریقہ بہت سے لوگوں نے آزمایا ہے اور اللہ نے اس کے ذریعے سے ان کو نفع پہنچایا ہے۔خاص طور پر ایسے آدمی کیلئے زیادہ مجرب ہے جسے سحر کے ذریعے سے اپنی بیوی سے روک دیا گیا ہو۔(الفتح الباری)

سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی، سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات،سورۃ الاخلاص اور معوذتین کا متاثرہ مقام پر دایاں ہاتھ پھیرتے ہوئے تین مرتبہ پڑھ کر دم کرنا بھی انتہائی مفید ہے۔(بخاری و مسلم)

وہ کلمات جن کے روزانہ پڑھنے سے جادو اثر نہیں کرتا

حضرت کعب احبارؓ فرماتے ہیں ”لولا کلمات اقولھن لجعلتنی الیھود حمارا“ اگر یہ چند کلمات نہ ہوتے جن کو میں پابندی سے پڑھتا ہوں تو یہودی مجھے گدھا بنا دیتے۔ وہ کلمات یہ ہیں:

أَعُوذُ بِوَجْهِ اللهِ الْعَظِيمِ ،الَّذِي لَيْسَ شَيْءٌ أَعْظَمَ مِنْهُ،وَبِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ، وَبِأَسْمَاءِ اللهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ أَعْلَمْ ،مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ

(ص ۲۷۶ معارف القرآن،مؤطا امام مالک)

جادو کے توڑ کیلئے جامع دعائیں

۱۔ سات مرتبہ یہ دعا پڑھ کر مریض پر دم کریں ان شاء اللہ شفایاب ہو گا۔

أَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَّشْفِيَكَ (ترمذی)

۲۔ مریض خود اپنے جسم کے متاثرہ مقام پر ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پڑھ کر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے اوردم کرے ان شاء اللہ بہت جلد شفا پائے گا۔

أَعُوذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ (مسلم)

۳۔ یہ دعا پڑھ کر دم کرنا بھی مفید و مجرب ہے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ أَذْھِبِ الْبَأْسَ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاۤءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا (بخاری)

۴۔ اَعُوذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ (بخاری)

۵۔ اَعُوذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (مسلم)

۶۔ اَعُوذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ (ابو داؤد)

۷۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ یہ تعوذ اپنے سمجھ دار بچوں کو تو لفظ بلفظ یاد کرواتے تھے اور نا سمجھ بچوں کے گلے میں تعویذ لکھ کر ڈال دیتے۔

أَعُوذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وبَرَأَ وَذَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَاۤءِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَعْرُجُ فِیْھَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْأَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَخْرُجُ مِنْھَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَمِنْ کُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ یَا رَحْمٰنُ۔

مذکورہ بالا تینوں ادعیہ ہر طرح کے شر سے حفاظت کیلئے انتہائی مجرب ہیں جو ان کو روزانہ صبح و شام پڑھے اور بچوں کیلئے لکھ کر گلے میں ڈال دے ان شاء اللہ خود بھی اور بچے بھی ہر طرح کی آفت سے محفوظ رہیں گے۔

جادو وغیرہ کا اثر ختم کرنے کیلئے

اگر کسی کو شک ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے یا علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کیلئے ۱۱ دن تک ۱۰۰ بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے یا اور کسی پر شک

ہو تو اس پر پڑھ کر پھونکے۔اس دعا کے دوران کوئی دوسرا عمل نہ پڑھے۔

وَأَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ ۝ فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَمُوسَىٰ ۝ 20:69,70

دل کی گھبراہٹ کیلئے

ترکیب: جس شخص کو اختلاج قلب یا دل کی دھڑکن کی شکایت ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالے کہ تعویذ دل تک آجائے یعنی دل پر پڑا رہے۔دراصل سینہ کے گڑھے یعنی کوڑی پر پڑا رہے۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَلَّذِيْنَ آمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۔ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

غم کا دور ہونا

رمضان کی ستائیسویں کو یہ آیت کریمہ کاغذ پر لکھ کر انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے رکھنے سے پورے سال تمام غموں اور پریشانیوں سے نجات پائے گا۔ آیت یہ ہے۔

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ 03:126

جو شخص پریشانیوں اور غموں میں مبتلا ہووہ روزانہ ایک ہزار بار"الباقی" کا ورد کرے ان شاء اللہ ۲۱ دن میں نجات ملے گی۔

اولاد یا نوکر کی سرکشی کا علاج

حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو بچہ یا غلام سرکش ہو تو یہ دعا پڑھ کر اس کے کان میں پھونکا جائے (اور گلے میں ڈالا جائے)ان شاء اللہ

سرکشی ختم ہو گی۔ آیت یہ ہے۔

أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ۝ 03:83

دل کے دورے کا علاج

اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درودشریف کے ساتھ یہ دعا پڑھ کر سینے پر دم کریں۔ان شاء اللہ تعالیٰ دل کی ہر بیماری سے شفاء ہو گی۔

يَا اَللّٰهُ ۔يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ ۔ دِلِ مَارَا كُنْ مُسْتَقِيْمُ بِحَقِّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ط

دل کی تکلیف کیلئے

ہر نماز کے بعد اور جب بھی دل کی تکلیف ہو تو دل پر سیدھا ہاتھ رکھ کر یہ دعا بار بار پڑھیں۔

يَا اَللّٰهُ قَوِّنِيْ وَقَلْبِيْ ط

دل کی بیماری دور کرنے کا نبوی نسخہ

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ روایت کرتے ہیں کہ میں بیمار ہوا میری عیادت کو رسول اللہ ﷺ تشریف لائے انہوں نے اپنا ہاتھ میرے کندھوں کے درمیان رکھا تو ان کے ہاتھ کی ٹھنڈک میری ساری چھاتی میں پھیل گئی۔پھر فرمایا کہ اسے دل کا دورہ پڑا ہے اسے حارث بن کلدہ کے پاس لے جاؤ جو ثقیف میں مطب کرتا ہے حکیم کو چاہیے کہ وہ مدینہ کی سات عجوہ کھجوریں گٹھلیوں سمیت کوٹ کر اسے کھلادے۔(مسند احمد،ابو نعیم ،ابوداؤد)

فائدہ: کھجور کے فوائد کے بارے میں یہ حدیث بڑی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ طب کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی مریض کے دل کے دورہ کی تشخیص کی گئی۔

دل کی ہر بیماری کیلئے مجرب نسخہ

دل پر ہاتھ رکھ کر ۱۱۱ مرتبہ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھیں۔

ہول کے مریض اضطراب قلب خفقان کیلئے بارش کے پانی سے اس آیت کا سات مرتبہ سات روز تک لکھ کر پلانا یا بارش کے پانی سے زعفران گھول کر سات مرتبہ آیت کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالنا بفضلہ تعالیٰ بہت مفید ہے۔ آیت یہ ہے:

إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ ○ 08:11

اگر بدن میں کسی جگہ درد ہو

یا کوئی تکلیف ہو تو تکلیف کی جگہ داہنا ہاتھ رکھ کر پہلے تین بار بسم اللہ کہے اور پھر سات بار یہ پڑھے أَعُوذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ (مسلم)۔

بلڈ پریشر کیلئے

ہر طرح کے بلڈ پریشر کیلئے مندرجہ ذیل آیتیں ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں، ان شاء اللہ فائدہ ہو گا۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ أَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ○ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ○ 13:28.29

(ارشاد فرمودہ حضرت مولانا بدیع الزمان صاحبؒ)

جملہ قسم کے یرقان کیلئے

اگر کسی کو یرقان ہوگیا ہو تو پہلے سورۃ الفاتحہ ایک بار پھر سورۃ الحشر سات بار اور پھر سورۃ القریش ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس وقت تک پلائیں جب تک فائدہ نہ ہو۔

جگر کی بیماری کیلئے

جگر کی تمام بیماریوں کیلئے ۲۱ بار یہ آیت پانی پر دم کرکے پلانا نافع ہے۔(عملیات کشمیری)

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ○ 55:78

دفع درد جگر کیلئے

درد جگر، رفع خفقان اور دل کی دھڑکن کو دور کرنے کیلئے چاہیے کہ آیت الکرسی کو ایک پاک برتن میں تین بار لکھیں اور پھر اس کو دھو کر مریض کو پلادیں اور وہ پیتے وقت یہ کہے: نَوَيْتُ الشِّفَآءَ مِنَ الْعِلَّةِ ط (دیربی)

معدہ کی کمزوری کا علاج

سورۃ القدر ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔دن میں تین مرتبہ یہ دم کیا ہوا پانی پینے سے ان شاء اللہ سات یوم کے اندر اندر معدہ کی کمزوری کی شکایت رفع ہوجائے گی۔(عملیات کشمیری)

درد سینہ کا علاج

یہ آیات لکھ کر سینہ پر باندھنا سینے کے درد کیلئے بے حد مفید ہے۔ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۔

اَلْآنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضَعْفًا
يُرِيدُ اللّٰهُ أَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْإِنْسَانُ ضَعِيفًا
وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ
أَلَمْ تَرَ إِلَى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا
وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

ذیابیطس کے مریض کیلئے روحانی علاج

سب سے پہلے درود شریف تین، پانچ یا سات بار پڑھیں۔اس کے بعد یہ آیت ایک بار پڑھیں: اِنَّهٗ عَلٰی رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ اس کے بعد سورۃ العادیات ایک مرتبہ پڑھیں۔

نوٹ: دن میں کسی بھی وقت مقررہ پر روزانہ پڑھیں۔

شوگر کے مریضوں کیلئے ایک اور دعا

ڈھائی ماہ تک بلاناغہ ۳ مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام یہ دعا پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیجئے (اول و آخر تین مرتبہ درود پاک) یہی دعا بلڈ پریشر کیلئے بھی مفید ہے۔

رَّبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ
وَاجْعَل لِّي مِن لَّدُنكَ سُلْطَانًا نَّصِيرًا ○

(سورہ بنی اسرائیل آیت ۸۰)

تلی بڑھ جانے کا علاج

یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں۔

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ۔ (سورۃ بقرہ آیت ۱۷۸ کا کچھ حصہ)

ناف ٹل جانے کا علاج

یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر ناف کی جگہ باندھیں، ناف اپنی جگہ آجائیگی اور اگر بندھا رہنے دیں تو پھر نہ ٹلے گی۔

إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا وَلَئِنْ زَالَتَآ إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ إِنَّهٗ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ۝ 35:41

پیٹ کے درد کا علاج

یہ آیت پانی پر تین بار پڑھ کر پلائیں یا لکھ کر پیٹ پر باندھیں

لَا فِيهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُونَ ۝ 37:47

پیٹ کے ہر قسم کے درد کیلئے

۱۔ یہ آیت پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ہاتھ سے پیٹ ملے اگر درد جاتا رہا تو خیر ورنہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ جاتا رہے گا۔

وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ۝

(سورۃ نمل آیت ۴۸، آئینہ عملیات)

۲۔ سات مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے خواہ کیسا ہی درد ہو ان شاء اللہ فوراً دور ہوجائے گا اور سات بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر پیٹ پر دم کرے۔(مجربات، عملیات و تعویذات)

بدہضمی کا علاج

اگر کوئی شخص زیادہ کھالے اور بدہضمی کا اندیشہ ہوتو کھانے کے بعد نمک پر سات بار یہ آیت دم کرکے کھلایا جائے بدہضمی کیلئے مفید ہے۔

وَبِالْحَقِّ أَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا ○

(سورۃ بنی اسرائیل آیت ۱۰۵، عملیات کشمیری)

بھوک کی کمی کا علاج

ا۔ اگر بھوک بالکل نہ لگتی ہو تو یہ آیت اکیس مرتبہ پانی پر دم کرکے پلایا جائے ان شاء اللہ بھوک خوب لگے گی۔ مجرب ہے۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيمٌ ○

(سورۃ نور آیت ۱۰، عملیات کشمیری)

۲۔ اگر بھوک کم لگتی ہو تو اکتالیس بار یہ آیت کھانے پر دم کرکے کھلائیں۔

وَالَّذِي هُوَ يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِ ○ (سورۃ الشعراء آیت ۷۹، عملیات کشمیری)

زبان کی لکنت کا علاج

اگر زبان میں لکنت ہو تو اس کو پڑھے اس سے سینہ بھی کشادہ ہو جائیگا۔

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ○ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي ○ يَفْقَهُوا قَوْلِي ○ (سورۃ طٰہٰ، آیت ۲۵، ۲۸)

منہ کے چھالوں کا علاج

سورۃ الضُّحٰی اکتالیس بار چینی پر دم کرکے چبانے سے ان شاء اللہ تمام پھنسیاں اور چھالے ختم ہو جائیں گے۔ (عملیات کشمیری)

دفع بلغم

علامہ دیریؒ نے لکھا ہے جو شخص عارضہ بلغم میں مبتلا ہو اس کو چاہیے کہ وہ نمک کی

سات چھوٹی چھوٹی کنکریاں لے اور ان میں ہر ایک پر سات مرتبہ "آیت الکرسی" پڑھے اور سات روز نہار منہ استعمال کرے ان شاء اللہ اس عارضے سے نجات پالے گا۔

فالج کا علاج

ابنِ قتیبہؒ نے ایک مفلوج سے نقل کیا ہے کہ میں نے زمزم کے پانی سے دوات درست کر کے اور اس سے ایک برتن میں بسم اللہ اور سورۃ الحشر کی آخری آیات ھو اللہ سے تا آخر لکھ کر زمزم سے دھو کر پی لیا۔ اللہ تعالیٰ نے شفا عطا فرمائی۔(اعمال قرآنی)

ہچکی کا علاج

تین سانس میں پانی پیئے اور سات مرتبہ یاحفیظ کہے ان شاء اللہ ہچکی بند ہو جائے گی۔

گردے اور پتے کی پتھری کا علاج

گردے اور پتے کی پتھری دور کرنے کیلئے ۴۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں جب تک کامیابی نہ ہو۔

وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝ 02:74

پیدا ہونے والی اولاد کو شیطانی اثرات سے بچانے کا نسخہ

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ جب کوئی اپنی بیوی کے پاس آئے اور یہ دعا پڑھے پھر اس وقت کی ہم بستری سے اگر ان کے ہاں بچہ پیدا ہوا تو اسے شیطان نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔یعنی گمراہ کبھی نہیں کر سکے گا۔بخاری شریف

بِسۡمِ اللہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبۡنَا الشَّیۡطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیۡطَانَ مَا رَزَقۡتَنَا۔

قوت حافظہ کا مجرب ترین عمل

حضرت اقدس شیخ العرب والعجم حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ نے قوت حافظہ کیلئے فرمایا کہ اس عمل کو روزانہ ۴۱ مرتبہ عشاء کے بعد پڑھے اور پانی پر دم کرکے پیئے حافظہ قوی ہوگا۔ دعا یہ ہے۔

یَا عَلِیۡمُ عَلِّمۡنِیۡ مَا لَمۡ اَکُنۡ اَعۡلَمُ یَا عَلِیۡمُ

ہر قسم کے جوڑوں کے درد کا علاج

فجر یا عصر کے بعد نیم کی ایک ٹہنی پتوں سمیت لے کر اس پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم مع سورۃ الفاتحہ ۱۱ بار دم کریں اور پھر اس ٹہنی سے مریض کا پورا جسم جھاڑیں درد والی جگہ ۳ بار جھاڑیں ۱۱ دن میں ہر قسم کا درد ختم ہوجائے گا۔

خارش کے مریض کا علاج

خارش کے مریض کو یہ آیت ۲۱ بار دم کریں۔ ۷ دن میں افاقہ ہوگا آیت یہ ہے۔

فَکَسَوۡنَا الۡعِظٰمَ لَحۡمًا ثُمَّ اَنۡشَاۡنٰہُ خَلۡقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ اَحۡسَنُ الۡخٰلِقِیۡنَ ۝ 23:14

پیشاب بند ہوجانے اور پتھری کیلئے دعا

جب پیشاب بند ہو جائے یا پتھری ہو تو یہ دعا پڑھے

رَبُّنَا اللّٰہُ الَّذِیۡ فِی السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسۡمُکَ اَمۡرُکَ فِی السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ کَمَا رَحۡمَتُکَ فِی السَّمَآءِ فَاجۡعَلۡ رَحۡمَتَکَ فِی الۡاَرۡضِ وَ اغۡفِرۡ لَنَا حُوۡبَنَا وَخَطَایَانَا اَنۡتَ رَبُّ الطَّیِّبِیۡنَ فَاَنۡزِلۡ شِفَآءً مِّنۡ شِفَآئِکَ وَرَحۡمَۃً مِّنۡ رَحۡمَتِکَ عَلٰی ھٰذَا الۡوَجۡعِ ط

درد سر کا علاج

عامل اپنا ہاتھ دردمند کے سر پر رکھ کر یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي اسْمُهٗ بَرَكَةٌ وَّ شِفَآءٌ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي بِيَدِهِ الشِّفَآءُ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ ط

اس کو تین بار یا سات بار پڑھے باذن خدائے شافی درد سر دور ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے سر میں کبھی درد نہ ہو تو وہ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھے ان شاء اللہ کبھی سر درد نہ ہو گا اور کبھی آنکھیں نہیں دکھیں گی۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ 64:01

درد زیر ناف

حیض کی کمی یا کسی اور وجہ سے بعض دفعہ خواتین کو زیر ناف درد کی شکایت ہوتی ہے۔

یہاں ایک اور علاج بھی دیا جا رہا ہے کہ آیت کریمہ

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ○ 76:28

لکھ کر دو تین روز مریضہ کو پلانے سے اس درد کا افاقہ ہو جاتا ہے۔

اکثر خواتین کو بعض عذر کی وجہ سے پیشاب میں جلن کا مرض ہوتا ہے زیر ناف درد یا پیشاب کی جلن کیلئے یہ مجرب عمل ہے کہ روزانہ ۱۱ روز تک پانی پر یہ دعا ۳۱۳ بار دم کر کے پئیں مرض ان شاء اللہ ختم ہو جائے گا وہ دعا یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ط

تین بیماریوں سے عافیت

ہر نماز کے بعد تین بار جو شخص پڑھے گا اللہ تبارک وتعالیٰ تین بیماریوں سے عافیت فرمائیں گے۔اندھا نہیں ہو گا۔کوڑھ نہیں ہو گا۔فالج نہیں ہو گا۔

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ ط

ہر مرض اور ہر درد کیلئے

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ○ 25:56

فائدہ: ہر مرض اور ہر درد کے واسطے، مقام درد پر ہاتھ رکھ کر اس آیت کو پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے۔ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت بحال ہو گی۔

کان جھنجھنانے کے وقت کی دعا

جب کان جھنجھنانے لگے تو نبی کریم ﷺ کو یاد کرے،ان پر درود شریف پڑھے اور یہ کہے:

ذَكَرَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ مَّنْ ذَكَرَنِیْ ط

جلے ہوئے پر یہ پڑھ کر دم کرے

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَاشَافِیَ اِلَّآ اَنْتَ ط

(نسائی،احمد عن محمد بن حاطب)

نیز بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَافَتَّاحُ ۳ بار

یَاوَھَّابُ ۳ بار یَاکَرِیْمُ ۳ بار یَارَحِیْمُ ۳ بار

ان اسماء کو لکھ کر آدھے سر کے درد والے کے سر پر باندھ دے۔

قصیدہ بردہ شریف اور اس کے خواص

قصیدہ بردہ شریف عرب وعجم تمام علماء کے نزدیک پر تاثیر مانا جاتا ہے مجھے الحمدللہ چابی بردار خانہ کعبہ اور صحابہؓ کی اولاد حضرت عبدالرحمٰن بن صالح الشیبی مدظلہ العالی سے اس کی اجازت حاصل ہے انھوں نے اپنے گھر کا جناتی علاج کرانے کے بعد خوش ہوکر اس کی اجازت دی۔الحمداللہ کئی مرتبہ انھوں نے اپنے پاس بٹھا کرسنایا بھی ہے عمر میں اضافے کیلئے اور قحط کے ختم کیلئے اور اولاد کی حاجت کیلئے اور ادائیگی قرض کیلئے اور جنات اور جادو سے حفاظت کیلئے اور کاروباری ترقی کیلئے اور قید سے رہائی کیلئے اس کی تلاوت نہایت پر تاثیر ہے۔

حضرت مولانا عبدالغفور مہاجر مدنیؒ فرمایا کرتے تھے کہ قصیدہ بردہ شریف کا دل یہ بیت ہے۔

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ　　لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْأَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

اوّل آخر ۳مرتبہ صلوۃ تنجینا پڑھیں پھر تین مرتبہ سورۃ توبہ کی آخری دو آیات پڑھ کر بیت ۱۴۱بار پڑھیں ہر حاجت پوری ہوگی۔

نظر بد کا علاج

دوتین ہلدی کی گرہ پر تین تین مرتبہ یہ کلمہ پڑھ کر پھونکیں اور پھر آگ میں ڈال کر اس کی دھونی مریض کو دیں ان شاء اللہ نظر ختم ہوگی کلمہ یہ ہے۔

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ

درد چشم

شرجی لکھتے ہیں حضرت خواجہ شیخ فریدالدین سے جو بلادِ ہند میں مشہور و معروف ہیں روایت ہے کہ اپنے دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں کے ناخنوں پر یہ آیت

فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ○ 50:22

سات بار، اول و آخر درود شریف سات بار پڑھ کر پھونکے اور آنکھوں پر پھیرنے سے نور بصر و زوال ضرر کیلئے فائدہ ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

آنکھ دکھنے کی ایک اور دعا

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَاْرِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ ط

الرجی اور ہر قسم کے دانوں کا علاج

بعض ازواج مطہراتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن میرے پاس تشریف لائے اس وقت میری انگلی میں دانہ نکلا ہوا تھا آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ کیا تمہارے پاس ذریرہ ہے؟ میں نے کہا ہاں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس پر لگاؤ اور یہ کہو کہ:

اَللّٰهُمَّ مُصَغِّرَ الْكَبِيْرِ وَمُكَبِّرَ الصَّغِيْرِ صَغِّرْ مَابِیْ۔

قدرت جماع

حسن بصریؒ سے ذکر کیا گیا کہ فلاں شخص نے نکاح کیا مگر عورت پر قادر نہیں ہوا تو آپ نے دو انڈے جوش دیئے (ابلے) ہوئے منگائے اور چھلکا اتار کر ایک پر یہ آیت لکھی: وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ○ 51:47

اور مرد کو کھانے کیلئے دے دیا۔ اور دوسرے پر یہ آیت لکھی:

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ○ 51:48

اور وہ عورت کو کھانے کیلئے دے دیا اور کہا کہ اب مطلب حاصل کرو چنانچہ وہ کامیاب ہوا۔ (اعمال قرآنی)

شیشے کے برتن میں آیت:

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ۝ 18:99

لکھ کر اس شخص کو پلایا جائے جو اپنی بیوی کی محبت سے باز رکھا گیا ہو ان شاء اللہ ہر طرح قادر ہوجائے گا (مجربات عملیات و تعویذات ۱۸۶)

قوت باہ کیلئے

پودینے کے سات پتے لے کر ان پر اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۱۱۱ بار دم کرکے ۲۱ دن کھائیں ان شاء اللہ ہر قسم کی کمزوری دور ہوگی افاقہ ہوگا اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۱۰۰ بار دم کرکے پینا بھی پر تاثیر ہے۔

قوت باہ کا مجرب ترین عمل

ایک برتن میں سفید چنے ڈالیں اور اس میں چار لٹر پانی ڈالیں اور پھر اس میں سورۃ الفاتحہ اور سورۃ القدر مشک اور زعفران سے لکھ کر ڈالیں اور مریض نہار منہ پیئے اور اس پانی پر روزانہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۱۰۰ بار دم کریں ۱۱ دن یہ عمل کریں ان شاء اللہ اطباء بھی حیران ہوں گے۔

جریان کا علاج

جریان کے مریض کو سورۃ الحجرات تین بار پانی پر دم کرکے اکتالیس روز تک پلایا جائے ان شاء اللہ شفا ہوجائے گی۔ (عملیات کشمیری ۱۰۰)

بعد نماز عصر اول وآخر سات مرتبہ درود شریف اور سو مرتبہ یہ آیت پڑھنا جریان کیلئے بہت مفید ہے۔

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ 66:08 (عملیات کشمیری ۱۰۵)

کثرت احتلام کا علاج

بستر پر جاتے وقت سورۃ الطارق پڑھ لی جائے تو کبھی کثرت احتلام کا مرض نہیں ہوگا اور اگر پہلے سے یہ مرض ہوتو بالکل ختم ہوجائے گا۔بہت مجرب ہے۔

(کمالات عزیزی ص۱۰۶مجربات عملیات و تعویذات ۱۵۳)

کثرت احتلام کا مریض سوتے وقت اپنے سینے پر شہادت کی انگلی سے "عمر" لکھے اور رات کو جب بھی آنکھ کھلے اسی طرح عمر لکھے ان شاء اللہ ہرگز احتلام نہیں ہوگا۔

(آئینہ عملیات۲۹۶)

آتشک اور سوزاک کا علاج

سوزاک کے مریض کو یہ آیتیں لکھ کر عرق گلاب میں گھول کر پلانا بہت مفید ہے۔

وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ ۝ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ۔ (عملیات کشمیری ۱۰۴)

جسے سوزاک کی بیماری ہوگئی ہو اسے سورۃ المزمل لکھ کر گلے میں ڈالی جائے اور بارش کے پانی پر دم کرکے پلایا بھی جائے ان شاء اللہ مرض جاتا رہے گا مجرب ہے۔ (ایضاً ۱۰۴)

۱۰۱بار یہ آیات پانی پر دم کرکے اکتالیس روز تک پلایا جائے، ان شاء اللہ آتشک کا مرض جاتا رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

وَالنَّازِعَاتِ غَرْقًا ۝ وَالنَّاشِطَاتِ نَشْطًا ۝ وَالسَّابِحَاتِ سَبْحًا ۝ فَالسَّابِقَاتِ سَبْقًا ۝ فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْرًا ۝ 79:1-5

برائے قرار حمل

جب عورت حیض سے پاک ہوجائے تو مندرجہ ذیل تین تعویذات لکھ کر اسے کھلائے امید کامل تو یہ ہے کہ پہلا تعویذ کھانے سے ہی حمل ہوجائے گا ورنہ دوسرا تعویذ کھلائے ان شاء اللہ تیسری بار مرد کے قریب جاتے ہی عورت حاملہ ہوجائے گی اور فرزند پیدا ہوگا۔ ان تینوں تعویذات کو مشک و زعفران اور گلاب سے لکھے۔

1۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُ وَاِلَى اللّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ○ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰى أَجَلًا وَّأَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ○

2۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ○ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰى أَجَلًا وَّأَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ○ یا اھیاً استراھیاً

3۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ○ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰى أَجَلًا وَّأَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ○ اھیاً ازونی اصباً و توف اللھم بحق یا مالك یوم الدین ایاك نعبد و ایاك نستعین و كان الله غفوراً رّحیماً و كان الله عزیزاً حكیماً وذالك هو الفوز العظیم برحمتك یا ارحم الرحمین

اسقاط حمل کا علاج

اگر کسی عورت کو حمل نہ رہتا ہو تو یہ آیت چالیس دن تک چینی کے پیالے میں لکھ کر پلائیں اور کاغذ پر لکھ کر کمر میں باندھیں ان شاء اللہ حمل قرار پائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ لِلّٰہِ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ یَخۡلُقُ مَا یَشَآءُ یَہَبُ لِمَنۡ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَہَبُ لِمَنۡ یَّشَآءُ الذُّکُوۡرَ ۝ اَوۡ یُزَوِّجُہُمۡ ذُکۡرَانًا وَّاِنَاثًا وَّیَجۡعَلُ مَنۡ یَّشَآءُ عَقِیۡمًا اِنَّہٗ عَلِیۡمٌ قَدِیۡرٌ ۝ 42:49.50 (آئینہ عملیات ۱۳۵)

۲۔ وضو کر کے ایک گوشے میں بیٹھ کر یہ کلمات لکھیں اور عورت کے پیٹ پر باندھیں ان شاء اللہ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ اِنۡ کُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَیۡہَا حَافِظٌ ۝ فَاللّٰہُ خَیۡرٌ حَافِظًا وَّہُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ۝ اَللّٰھُمَّ احۡفَظۡ حَمۡلَ ھٰذِہِ الۡمَرۡاَۃِ مِنۡ جَمِیۡعِ الۡاٰفَاتِ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ اٰمِیۡنَ اٰمِیۡنَ اٰمِیۡنَ۔ (اصلی ۴۹)(آئینہ عملیات ۱۳۵)

جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو سرخ کسوم کا رنگا ہوا دھاگہ اس کے قد کے برابر لے اور سات یا گیارہ یا اکیس تار لے کر اس پر نو گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر وَاصۡبِرۡ وَمَا صَبۡرُکَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَیۡہِمۡ وَلَا تَکُ فِیۡ ضَیۡقٍ مِّمَّا یَمۡکُرُوۡنَ ۝ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیۡنَ اتَّقَوۡا وَّالَّذِیۡنَ ہُمۡ مُّحۡسِنُوۡنَ ۝ 16:127.128

اور سورۃ الکافرون پڑھ کر پھونکے اور دھاگہ عورت اپنی کمر پر باندھے ان شاء اللہ حمل محفوظ رہے گا۔ (کمالات عزیزی ۱۰۱، اعمال قرآنی ۹۴)

برائے اولاد نرینہ

جب حمل اڑھائی ماہ کے قریب ہو اور تین ماہ کامل نہ گزرے ہوں تو صبح کی نماز کے بعد باوضو اول درود شریف پھر سورۃ الفاتحہ پھر سورۃ البقرہ لَا رَیۡبَ فِیۡہِ تک پڑھیں اور نئے مٹی کے آبخورہ میں پانی لے کر اس پر دم کر کے حاملہ کو پلادیں۔ سات دن یہ عمل کریں ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہو گا۔ مجرب ہے۔ (فلاح دارین ۹۶)

شروع مہینہ حمل میں اگر عورت کی داہنی پسلی پر سورۃ الاعلیٰ لکھ دیں تو ان شاء اللہ اولاد نرینہ پیدا ہو (اعمال قرآنی)

اولادنرینہ کیلئے

رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ○ 03:38

جس کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ اس آیت کو مغرب کے بعد سات مرتبہ پڑھے تو ان شاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ شب جمعہ میں نصف رات کے بعد مٹھائی یا حلوے کے ٹکڑے پر کسی ایسی جگہ بیٹھ کر جہاں کوئی نہ دیکھے یہ آیت لکھے اور اسے عورت کو کھلائے اور پھر جماع کرے تین بار شب جمعہ کو یہ عمل کرے ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے ضرور بچہ پیدا ہوگا۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا ○ 04:01

حیض کی کمی کا علاج

اگر ماہواری رک گئی ہو تو وہ خاتون یہ آیت لکھ کر ناف پر باندھے اور ۱۱ دن یہی آیات پڑھ کر زمزم یا بارش کے پانی پر دم کرکے پیئے ان شاء اللہ مسئلہ حل ہوجائے گا۔

فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْهَمِرٍ ○ وَفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا، وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ○ وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ○ فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا، يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُم مِّدْرَارًا ○ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ۔

حیض کی کمی اور درد کا علاج

۱۔ جس عورت کی ماہواری میں کمی ہو اور اس سے تکلیف ہو تو ان آیات کو لکھ کر

کمر میں اس طرح باندھیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ۝ لِيَأْكُلُوا مِن ثَمَرِهِ وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ۝ 36:34.35

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ ۝ 21:30

کثرت حیض کا علاج

۱۔ حیض کا خون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک سورۃ الدہر پانی پر دم کرکے پلایا جائے۔ان شاء اللہ خون آنا بند ہو جائے گا۔

۲۔ جس عورت کی ماہواری میں زیادتی ہو اس آیت کو لکھ کر کمر میں باندھیں اس طرح کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔

وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ 11:44

۳۔ ۳۱۳ بار سورۃ الکوثر روزانہ بارش کے پانی پر دم کر کے پلانا کثرت حیض کی بیماری میں بہت مفید ہے۔

بچوں کی بدتمیزی کا سبب اور اس کا علاج

بچوں کی بدتمیزی اور نافرمانی کا سبب عموماً والدین کے گناہ ہوتے ہیں۔خدا تعالیٰ کے ساتھ اپنا معاملہ درست کریں اور تین بار سورۃ الفاتحہ پانی پر دم کر کے بچے کو پلایا کریں۔(آپ کے مسائل اور ان کا حل ج ۷ ص ۲۰۸ حضرت لدھیانویؒ شہید)

حالت مرض کی دعا

جو شخص حالت مرض میں یہ دعا چالیس بار پڑھے اگر مرا تو شہید کے برابر ثواب ملے گا اور اگر اچھا ہوگیا تو تمام گناہ بخشے جائیں گے۔

لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ ○ (اسوہ رسول اکرم ﷺ ص ۵۷۸)

ڈاڑھ اور کان کے درد کیلئے عمل

جو شخص ہر چھینک کے وقت اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَّا كَانَ۔ کہے تو ڈاڑھ اور کان کا درد کبھی بھی محسوس نہ کرے گا۔

(الحصن الحصین ابن ابی شیبہ ص ۳۳۵)

بیمار کی شفا کیلئے

اگر کوئی بیمار ہو اور اس پر یہ آیت ۷ بار پڑھ کر دم کرے وہ بیمار بہت جلد اچھا ہو جائے گا:

وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا أَوْ بِهٖٓ أَذًى مِّنْ رَّأْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ۔ 02:196

نیند نہ آنے کا مجرب علاج

۱۔ دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر سات بار آیت کا صرف اتنا حصہ پڑھیں۔

فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ۔ 18:11

پھر ہاتھ پر دم کرکے سر پر پھیریں، ان شاء اللہ خوب گہری نیند آئے گی۔

۲۔ اگر نیند نہ آرہی ہو تو قرآن پاک کی یہ آیت مبارکہ پڑھیں:

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ

يَآأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ 33:56

اس کے بعد درود شریف پڑھتے رہیں جس قدر دھیان اور توجہ سے پڑھیں گے اتنی جلدی نیند آجائے گی۔

۳۔ بستر پر باوضو دائیں کروٹ قبلہ رخ لیٹ کر سات مرتبہ پڑھیں:

تَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ۔ 18:18 ان شاء اللہ خوب نیند آئے گی۔

(از حضرت صندل بابا جی مدظلہ)

مقررہ وقت پر بیداری کا خاص عمل

سورۃ الکہف کی آخری آیات اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سے تا آخر سورۃ، اول و آخر سات سات بار درود شریف ۔۔۔ان کا ایصال ثواب جناب حضرت رسول اکرم ﷺ کیلئے کریں اور دعا کریں کہ یا اللہ! مجھے اتنے بجے جگا دیجئے گا۔ ان شاء اللہ اسی وقت آنکھ کھلے گی۔

اچھا رشتہ ملنے کیلئے اہم دعائیں

ماں باپ، بڑے بہن بھائیوں کو چاہیے کہ بچوں اور چھوٹے بھائی بہنوں کو جوان ہونے کے بعد ایسی دعائیں یاد کروادیں جن میں اچھے رشتے کا ملنا اور عافیت کے ساتھ زندگی کا گزرنا طلب کیا گیا ہو۔ چونکہ یہ دعائیں خود اللہ تعالیٰ ہی نے بتلائی ہیں گویا آقا خود ہی بتلا رہا ہے کہ ہمارے دربار میں ہم سے اس طرح مانگو۔ لہٰذا وہ دعائیں قبولیت کے زیادہ قریب ہیں۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ

وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا ۝ 25:74

اللہ تعالیٰ نے اس دعا کو اپنے خاص بندوں کی دعا فرمایا ہے۔ یہ دعا ہر مرد

عورت کو زندگی بھر مانگتے رہنا چاہیے۔بہت مبارک دعا ہے اس میں شوہر ،بیوی، بچے اور خاندان سب کیلئے دنیا اور آخرت دونوں کی دعائیں آگئی ہیں۔

بیٹے یا بیٹی کی شادی مبارک ہو

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَّصِهْرًا وَّكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا ۝ 25:54

فائدہ: اگر آپ کے بیٹے یا بیٹی کا عقد نہ ہوتا ہو تو آپ اپنی اس مراد کیلئے ۲۱ دن تک ۳۱۳ بار اس آیت مبارکہ کو پڑھیں۔

اصحاب کہف کے ناموں کی فضیلت

اصحاب کہف کے ناموں میں عاملین نے بہت خواص لکھے ہیں اگر کسی گھر میں لکھ کر رکھ دیں تو اس گھر میں سے جنات نکل جائیں گے اور کوئی حادثہ نہیں پہنچے گا۔اگر کوئی اپنے پاس رکھے گا وہ ہر شر سے محفوظ رہے گا۔ کاروبار میں مزید ترقی ہوگی۔اصحاب کہف کے نام یہ ہیں۔

یملیخا ۔ مکسلمینا ۔ کشفوطط ۔ اذرفطیونس ۔
کشافطیونس ۔ تبیونس ۔ یوانس بوس

فائدہ: اگر آپ کا بچہ کند ذہن ہو یا طالب علم ہو تو اس کو مندرجہ ذیل آیت ۱۲۱ بار پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں ان شاء اللہ اس کی برکت سے عالم فاضل ہو جائے گا۔

إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ۝ 01:05

عزت و وقار اور نام پیدا کرنے کیلئے

فَلِلَّهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ 45:36.37

فائدہ: عزت و وقار اور نام کیلئے ۱۱ بار روزانہ پڑھیں۔

امتحان میں آسان پرچوں کیلئے

فَإِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ هُوَ الَّذِیٓ أَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝ 08:62

فائدہ: امتحان میں آسان پرچوں، فتح اور کامیابی کیلئے جانے سے پہلے ۱۱ بار ضرور پڑھ لیں۔

مقدمہ میں کامیابی کیلئے

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝ 17:81

فائدہ: اگر آپ کو مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنی ہو تو روزانہ کسی نماز کے بعد ۱۳۳ بار مذکورہ آیت پڑھ لیں اگر حق پر ہیں تب پڑھیں، ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔

غصہ دفع کرنے کیلئے

وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ 03:134

فائدہ: اگر آپ کو غصہ شدید آتا ہے اور آپے سے باہر ہو جاتا ہے تو ۱۰۱ بار مذکورہ آیت ۲۱ دن تک چینی پر پڑھ کر کھالیں۔

ہر قسم کے نشے کا علاج

نشہ کرنے والا جب سو جائے تو اس کے قریب کھڑے ہو کر یہ آیت ۴۱ بار پڑھیں اور ۴۱ بار دم کر کے ۴۱ دن پلائیں ان شاء اللہ ہدایت ملے گی آیت یہ ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ 05:90

اولاد کا مطیع ہونا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو ہر نماز کے بعد اس آیت کو پڑھا کرے اور ذُرِّيَّتِي کی جگہ اپنے بچے کا نام ذہن میں رکھے آیت یہ ہے:۔

وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ○ 46:15

اگر نافرمان اولاد پر ایک ہزار مرتبہ "يَا شَهِيدُ" پڑھا جائے تو وہ فرمان بردار ہو جائے گی ان شاء اللہ

کنواں یا بورنگ کراتے وقت کا عمل

کنواں کھودتے وقت اس آیت کو روزانہ ۲۱ بار اور درود تنجینا ۱۱ بار اول آخر پڑھیں ان شاء اللہ میٹھا اور کثیر پانی آئے گا۔ (مجربات شیبی)

ارْكُضْ بِرِجْلِكَ هَٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ ○ 38:42

ہر قسم کی شوگر کیلئے

۵۰ دن فجر کے بعد کدو کا جوس ایک گلاس نکال کر اس پر یہ آیت کریمہ ۲۱ بار دم کریں اور پھر ۹۰۰ قدم روزانہ چلیں ان شاء اللہ ہر قسم کی شوگر ختم ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے۔

وَقُل رَّبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَل لِّي مِن لَّدُنكَ سُلْطَانًا نَّصِيرًا ○ 17:80

ہائی بلڈ پریشر کیلئے

کلونجی پر یہ آیت ۱۱ بار دم کر کے ایک چھوٹا چمچہ پانی کے ساتھ پئیں۔ صبح و شام یہ عمل کریں۔ ۱۱ دن میں ان شاء اللہ افاقہ ہو گا آیت یہ ہے۔

وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ○ 03:134

چہل کاف

چہل کاف کا یہ عمل سلطان الاولیاء پیرانِ پیر محبوب العلماء حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ کی طرف منسوب ہے ہندوستان میں اس کو سب سے پہلے لانے والے شیخ القران امام المفسرین حضرت مولانا حسین علیؒ (واں بچھراں) ہیں جادو اور جنات کے اثرات کو زائل کرنے کیلئے بہت پر تاثیر ہے چہل کاف کے ذریعے جادو کرنے والے پر واپس لوٹانے کا بھی ایک بہت مجرب عمل میرے پاس ہے۔

کَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِينٍ كَانَ مِنْ كَلَكَا۔ تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبِدٍ۔ تَحْكِيْ مُشَكْشِكَةً كَلَكْلُكٍ لَّكَكَا كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهُ۔ يَاكَوْ كَبًا كُنْتَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا۔

۱۔ اوّل وآخر دس دس بار درود شریف پڑھے اور درمیان اس کے اسم یا بدُوحُ کو بیس تسبیح یعنی دوہزار مرتبہ پڑھ کر مٹھائی پر دم کرکے مطلوب کو کھلائے ان شاء اللہ تعالیٰ مطلوب تابعدار ہوجائے گا۔ یہ عمل آزمودہ اور مجرب ہے۔

۲۔ اگر کوئی شخص اپنی محبت میں کسی کو برقرار کرنا چاہے تو کسی گلاس وغیرہ میں پانی لے کر اس پر یابدُوحُ سات بار پڑھ کر دم کرے اور اس میں سے تھوڑا سا پانی اپنے منہ میں لے کر غرارہ کی طرح پانی کو حرکت دے پھر اسی گلاس میں ڈال دے۔ جو اسے پیئے گا اس سے محبت کرنے لگے گا۔

۳۔ تھوڑا سا سرمہ لے کر اس پر سورۃ الفاتحہ ۲۱ بار پڑھ کر دم کرکے اپنی آنکھوں میں لگاکر جس کے سامنے جاوے وہ محبت کرنے لگے مگر اس کا نام اور اسکی والدہ کا نام بھی ساتھ پڑھے۔

۴۔ خوشبو کے سات عدد پھول لے کر ایک ایک پھول پر سات سات بار یہ آیت پڑھ کر پھونک دے تاکہ وہ اس کو سونگھے وہ اسی وقت محبت کرنے لگے گا۔ آیت یہ ہے: وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ ۝ 38:34

عمل برائے تسخیر

ا۔ بعد نماز عشاء تین تسبیح یاودود، یارؤف اور یارحیم اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے دعا مانگیں ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔ مجرب ہے۔ یہ عمل گیارہ یوم ہوگا۔ نوچندی جمعرات کو شروع کیا جائے۔

۲۔ عمل اسم باری تعالیٰ اللہ تسخیر کیلئے مجرب ہے۔ اگر چاہیں کہ کسی کو دوست اور مسخر بنائیں یا کسی امیر سے نفع حاصل کرنا ہو تو چاہیے کہ عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز اس عمل کو شروع کریں۔ اس ترتیب سے کہ رات کے وقت دو زانو قبلہ رخ ہوکر بیٹھیں اور اپنی آنکھیں بند کریں پہلے گیارہ بار آیت الکرسی العلی العظیم تک پڑھیں اس کے بعد ایک ہزار دس بار اسم ذات اللہ پڑھیں اوراپنے مطلوب کو اپنے سامنے دست بستہ کھڑا ہوا تصور کریں۔ جب اسم تمام ہوجائے اس کے سینہ پر دم کریں۔ اوراپنے دل میں اشارہ کریں کہ میرا مطیع ہوجائے۔ اسی طرح پندرہ روز تک بدستور پڑھیں اگر ممکن ہو تو کسی چیز پر دم کرکے مطلوب کو کھلائیں ان شاء اللہ مطیع اور فرمانبردار ہوجائے گا۔

ہر تکلیف سے حفاظت کیلئے

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا جو شخص دو رکعت نفل پڑھے اور ہر سجدہ میں (سبحان ربی الاعلی) کے بعد تین بار یہ دعا پڑھے ہر غم اور تکلیف سے محفوظ رہے گا دعا یہ ہے۔

فَقِيْرُكَ بِفِنَائِكَ وَعُبَيْدُكَ بِفِنَائِكَ وَسَائِلُكَ بِفِنَائِكَ

(فِنَاء) کالفظی مطلب صحن خانہ یعنی تیرے در پر ہے)

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو تو ہر روز ہزار مرتبہ اس آیت اوراسماء کو پڑھ کر شیرینی یا

پھولوں پر دم کریں اور محبوب کو کھلائیں یا سنگھائیں ان شاء اللہ تعالیٰ مطیع وفرمانبردار ہوجائے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ آیت اور اسمائیہ ہیں:۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ يَا رَفِيْقُ يَا شَفِيْقُ نَجِّنِیْ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ يَا بَدِيْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ۔

پانچ سو بار پڑھے اول وآخر دس دس باردرودشریف خدا کے فضل وکرم سے تمام لوگ تابع رہیں گے کوئی وقت معین نہیں کوئی سا بھی وقت مقرر کرلے۔ مجرب المجرب ہے۔

شخصی جاہ وعزت اور تسخیر کیلئے ذیل کا عمل دس بار پڑھ کر اپنے منہ پر مل کر جس کے پاس جائے گا وہ بے حد محبت سے پیش آئے گااوراس میں بہت سے فائدے ہیں۔ مجرب ہے۔

أَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَأْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَقْصُوْدِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَطْلُوْبِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَحْبُوْبِيْنَ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا أَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔

تقویٰ حاصل کرنے کا عمل

انابت الی اللہ اور اطاعت الی اللہ کیلئے رجوع الی اللہ کا عمل مجرب ترین عمل۔ اگر دل اللہ کی طرف مائل نہ ہوتو اس ورد کو یکسوئی کے ساتھ روزانہ ۱۰۰بار پڑھیں قلب نورانی ہوگا۔

سُبْحَانَ مَنْ يَرَانِيْ، سُبْحَانَ مَنْ يَسْمَعُ كَلَامِيْ، سُبْحَانَ مَنْ يَعْرِفُ مَكَانِيْ، سُبْحَانَ مَنْ يَذْكُرُنِيْ وَلَا يَنْسَانِيْ.

اور مزید یہ بھی عمل 100 بار پڑھیں:

اَللّٰهُ حَاضِرِیْ اَللّٰهُ نَاظِرِیْ اَللّٰهُ مَعِیْ

بھول جانے کا علاج

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے فرمایا کہ اگر قرآن اور حدیث کا مفہوم حل نہ ہوتا ہوتو ۱۴۱بار یہ دعا روزانہ پڑھیں ان شاء اللہ مسئلہ حل ہوگا۔ مبلغ حضرات تقریر سے پہلے اور مدرس کتاب پڑھنے سے پہلے سات بار اس کو پڑھیں ان شاء اللہ تقریر کی آمد ہوگی ورد یہ ہے۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ لَآاِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

سگریٹ، چرس ہر قسم کا نشہ چھڑانے کیلئے عمل

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ جنھوں نے نبی کریم ﷺ کے روضہ اطہر کے سامنے اٹھارہ سال حدیث کا درس دیا جب ان کے پاس کوئی نشہ کے مریض کو لاتے تو آپ اس کیلئے نمک منگواتے اور یہ آیات اور دعائیں دم کرکے دیتے اللہ اس کو نشے کی نفرت ڈال دیتے۔ عمل یہ ہے۔

سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی، اورچاروں قُل ہیں تین باردم کریں پھر

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۳ بار

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ، وَعِقَابِهٖ، وَشَرِّ عِبَادِهٖ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ، وَأَنْ يَّحْضُرُوْنَ ۳ بار اس کے ساتھ درود ابراھیمی ۳ بار دم کریں۔

ظالم پر غلبہ حاصل ہو

جو مظلوم شخص کسی ظالم کے سامنے پچاس بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس ظالم کو مغلوب کرکے پڑھنے والے کو غالب کریں گے۔(خزانہ اعمال ص۸)

ذہن اور حافظہ قوی ہوجائے

جس کسی کا حافظہ کمزور ہووہ سات سوچھیاسی بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پانی پر دم

کرکے طلوع آفتاب کے وقت پیئے تو ذہن کھل جائے گا۔اور حافظہ قوی ہوجائے گا۔

حصول شفا کیلئے قرآنی وظیفہ

بعض روایات میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ سورۃ الانعام پوری سورۃ جس مریض پر پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفا دیتے ہیں۔
(معارف القرآن ج۳ص۵۱۲)

شوہر کی ناراضگی دور کرنے کیلئے

۱۔ جس کا شوہر ناراض ہو وہ اپنے شوہر کو یہ آیت مٹھائی پر دم کرکے کھلائے ان شاء اللہ اس کی ناراضگی دور ہوجائے گی۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ يَّتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَنۡدَادًا يُّحِبُّوۡنَهُمۡ كَحُبِّ اللّٰهِ ‌ؕ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ‌ؕ وَلَوۡ يَرَى الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡٓا اِذۡ يَرَوۡنَ الۡعَذَابَ ۙ اَنَّ الۡقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيۡعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيۡدُ الۡعَذَابِ ○ 02:165

۲۔ اگر سورۃ یوسف لکھ کر بازو پر باندھے تو بیوی اسے دل سے چاہنے لگے۔

۳۔ کسی میٹھی چیز پر لفظ "بُدُوحُ" لکھ کر جسے کھلائے وہ اس شخص کو بہت چاہنے لگے اور اس سے محبت کرے اور اگر لفظ بدوح چھری پر لکھ کر کوئی چیز اس چھری سے کاٹ کر کسی کو کھلائے تو وہ شخص اس سے محبت کرنے لگے گا۔

ہر قسم کی مشکلات کیلئے مجرب عمل

قرآن پاک کا قلب سورۃ یٰس اور سورۃ یٰس کا قلب یہ آیت ہے اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ بغیر سلا ہوا کپڑا (احرام) پہنیں اور اول آخر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر یہ آیت ۱ ہزار بار پڑھیں۔ سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِيۡمٍ ○ 36:58

دعا کی قبولیت کیلئے

۱۔ جمعہ کے دن بعد نماز عصر پوری آیت الکرسی ستّر مرتبہ پڑھنے کے بعد جس مقصد کیلئے بھی دعا کی جائے گی وہ قبول ہوگی۔

۲۔ اسم باری تعالیٰ "الکبیر المتعال" کو ان دونوں ناموں کے اعداد کے مطابق یعنی ۸۳۷ بار پڑھ کر جو بھی دعا کی جائے گی قبول ہوگی۔

۳ وَإِذَا جَآءَتۡهُمۡ ءَايَةٞ قَالُواْ لَن نُّؤۡمِنَ حَتَّىٰ نُؤۡتَىٰ مِثۡلَ مَآ أُوتِيَ رُسُلُ ٱللَّهِۘ ٱللَّهُ أَعۡلَمُ حَيۡثُ يَجۡعَلُ رِسَالَتَهُۥ۔ 6:124

۴۔ اس آیت میں لفظ اللہ متصلاً دو جگہ آرہا ہے ان دونوں اللہ کے درمیان جس چیز کیلئے بھی دعا کی جائے گی ان شاء اللہ ضرور قبول ہوگی۔

۵۔ جمعرات کے روز بعد نماز چاشت پانچ سوبار "السمیع" پڑھ کر دعا کی جائے تو دعائیں قبول ہوں۔

۶۔ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ مجھ سے آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دعا کرنے سے پہلے اسے پڑھ لیا کرو۔

يَا أَوَّلَ الْأَوَّلِيْنَ وَيَا آخِرَ الْآخِرِيْنَ وَيَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِيْنَ
وَيَا رَاحِمَ الْمَسَاكِيْنَ وَيَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

نکسیر کا مجرب علاج

مریض کی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے یہ آیت لکھیں اور تھوڑی سی ہلدی لے کر اس پر تین بار دم کرے پھر اس کو سونگھے دوتین بار عمل کرنے سے مرض ختم ہوجائے گا۔

إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ۝ 35:41

ہر قسم کے پھوڑوں کا علاج

پاک مٹی لے کر اس پر شہادت کی انگلی لگائیں اور یہ کلمات پڑھتے ہوئے مٹی آلود انگلی سے پھوڑوں کے گرد دائرہ کھینچیں اور گیارہ (۱۱) دن یہ دم کریں گیارہ (۱۱) مرتبہ تمام پھوڑے پھنسی ختم ہوجائیں گی۔ کلمات یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ رَبِّنَا، تُرۡبَۃُ اَرۡضِنَا، بِرِیۡقَۃِ بَعۡضِنَا، لِیُشۡفٰی سَقِیۡمُنَا، بِاِذۡنِ رَبِّنَا۔

لیکوریا کا خاتمہ

ایک پاؤزو (پنساری سے) لے کر اسے اچھی طرح پاؤڈر بنالیں۔ اس پر ہفت سلام گیارہ بار پڑھ کر دم کرکے وہ پاؤڈر سونے سے پہلے روزانہ اندام نہانی میں لگائے تو ان شاء اللہ چند روز میں اس آزار سے مکمل نجات نصیب ہوجائے گی۔

اگر کسی کی جادو کے ذریعے مردانہ قوت باندھ دی گئی ہوتو اس کے لئے یہ عمل تیر بہدف کا کام کرے گا۔

چہرہ خوبصورت ہو جائے

چہرے کی خوبصورتی کیلئے روزانہ ایک بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں۔

اَللّٰہُ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ مَثَلُ نُوۡرِہٖ کَمِشۡکٰوۃٍ فِیۡہَا مِصۡبَاحٌ ط الۡمِصۡبَاحُ فِیۡ زُجَاجَۃٍ ط اَلزُّجَاجَۃُ کَاَنَّہَا کَوۡکَبٌ دُرِّیٌّ یُّوۡقَدُ مِنۡ شَجَرَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ زَیۡتُوۡنَۃٍ لَّا شَرۡقِیَّۃٍ وَّلَا غَرۡبِیَّۃٍ لا یَّکَادُ زَیۡتُہَا یُضِیۡٓءُ وَلَوۡ لَمۡ تَمۡسَسۡہُ نَارٌ ط نُوۡرٌ عَلٰی نُوۡرٍ ط یَہۡدِی اللّٰہُ لِنُوۡرِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ ط وَیَضۡرِبُ اللّٰہُ الۡاَمۡثَالَ لِلنَّاسِ ط وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ۝ 24:35

پھوڑے پھنسی کا تیر بہدف علاج

شہادت کی انگلی پر لعاب لگائیں پھر تین بار بسم اللہ، اللہ اکبر اور ایک بار اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا فَاِنَّا مُبۡرِمُوۡنَ (زخرف ۷۹) پڑھ کر دم کریں اور وہ لعاب پھوڑے پھنسی یا زخم پر لگائیں۔ سبحان اللہ عجیب وغریب تاثیر رکھتا ہے۔ خصوصاً وضو کے فوراً بعد اعضاء کو خشک کرنے سے پہلے اگر یہ عمل کیاجائے تو اس کی تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ عورتوں کیلئے یہی دم تیل پر کرکے دیں یعنی لعاب پر دم کرکے اسے تیل میں شامل کردیں۔ الحمد اللہ اس دم کی برکت سے کوڑھ جیسی بیماری کے مریض بھی ٹھیک ہوگئے۔ وہ افراد جن کی انگلیوں کے پھوڑے گل کر گر رہے تھے اس پر دم والے تیل کے لگانے سے بالکل ٹھیک ہوگئے۔

چہرے کے کیل مہاسوں کا علاج

لیموں کا رس تین بار کپڑے سے چھنا ہوا دوتولہ، عرق گلاب سہ آتشہ دوتولہ، گلیسرین بڑھیاوالی دوتولہ تینوں چیزوں کو ایک شیشی میں ڈال کر یکجان کرلیں۔ چہرے کی خوبصورتی بڑھانے کیلئے ایک بہترین چیز تیار ہے۔ دن میں کم ازکم تین مرتبہ استعمال کرنے سے چہرے کے داغ دھبے، کیل مہاسے وغیرہ کے دفعیہ کیلئے بے حد مفید ہے۔ چہرے کی رنگت نکھر آتی ہے اور جلد ریشم کی مانند ملائم ہوجاتی ہے۔

داغ دھبوں کا علاج

اگر بدن یا چہرے پر کوئی داغ دھبہ ہواور اسے دورکرنا مقصود ہوتواکتالیس مرتبہ دوا یا مرہم پر مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم کریں اور پھر وہ دوا یا مرہم استعمال کریں ان شاء اللہ ہر طرح کا داغ دھبہ دورہوجائے گا۔

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا

حضرت خضر علیہ السلام کی دعا

حضرت علیؓ فرماتے ہیں غزوہ بدر سے ایک دن پہلے حضرت خضر علیہ السلام سے میری ملاقات ہوئی۔ میں نے کہا کوئی ایسی دعا بتا دیجئے جس پر دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو۔ حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ دعا پڑھو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ بِحَقِّ الٓمٓ وَ الٓمٓصٓ والرٰا وَ الٓمّٓرٰ وَ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ طٰہٰ و طٰسٓمّٓ وَ طٰسٓ یٰسٓ وصٓ و حٰمٓ و حٰمٓ عٓسٓقٓ و حٰمٓ و حٰمٓ و حٰمٓ و قٓ و نٓ یَامَنْ ھُوَ یَامَنْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اِغْفِرْلِیْ وَ انْصُرْنِیْ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

گویا والدین کا حق ادا کر دیا

ایک روایت میں آیا ہے کہ جو شخص اپنے والدین کی طرف سے حج کرے تو ان کو ایک حج کا ثواب ہوتا ہے اور حج کرنے والے کیلئے ۹ حجوں کا ثواب ہوتا ہے۔ علامہ عینیؒ نے شرح بخاری میں ایک حدیث نقل کی ہے کہ جو شخص ایک بار یہ دعا پڑھے اور اس کے بعد یہ کہے یا اللہ اس کا ثواب میرے ماں باپ کو پہنچا دے تو اس نے والدین کا حق ادا کر دیا۔ دعا یہ ہے:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَ رَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ وَلَہُ الْکِبْرِیَآءُ فِی السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔ لِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَلَہُ الْعَظَمَۃُ فِی السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔ ھُوَ الْمَلِكُ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ وَلَہُ النُّوْرُ فِی السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔

(حل مشکلات اور قضائے حاجات کے موثر، مجرب اور خاص اعمال)

یَالَطِیۡفُ کا عمل

عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھیں نماز کے بعد گیارہ بار سورۃ الم نشرح پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر سولہ ہزار چھ سو اکتالیس (۱۶۶۴۱) بار یالطیف پڑھیں اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے دعا مانگیں۔ بہت عجیب اور سریع التاثیر عمل ہے۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سو انتیس (۱۲۹) دانے والی تسبیح لے کر قبلہ رخ بیٹھ جائیں ایک تسبیح پڑھ کر ان چاروں آیات کو پڑھیں یا ان میں سے کسی ایک کو پڑھیں۔

آیت نمبر ۱ : لَا تُدۡرِكُهُ الۡأَبۡصَارُ وَهُوَ يُدۡرِكُ الۡأَبۡصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الۡخَبِيرُ ○ 06:103

آیت نمبر ۲ : اَللّٰهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يَرۡزُقُ مَن يَشَاءُ وَهُوَ الۡقَوِيُّ الۡعَزِيزُ ○ 42:19

آیت نمبر ۳ : أَلَا يَعۡلَمُ مَنۡ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الۡخَبِيرُ ○ 67:14

آیت نمبر ۴ : فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيۡهِ أَبَوَيۡهِ وَقَالَ ادۡخُلُوا مِصۡرَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ○ وَرَفَعَ أَبَوَيۡهِ عَلَى الۡعَرۡشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا وَقَالَ يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأۡوِيلُ رُؤۡيَايَ مِن قَبۡلُ قَدۡ جَعَلَهَا رَبِّي حَقًّا وَقَدۡ أَحۡسَنَ بِي إِذۡ أَخۡرَجَنِي مِنَ السِّجۡنِ وَجَاءَ بِكُم مِّنَ الۡبَدۡوِ مِن بَعۡدِ أَن نَّزَغَ الشَّيۡطَانُ بَيۡنِي وَبَيۡنَ إِخۡوَتِي إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِّمَا يَشَاءُ إِنَّهُ هُوَ الۡعَلِيمُ الۡحَكِيمُ ○ 12:99.100

آیت پڑھنے کے بعد پھر ایک تسبیح پڑھیں اور ہر تسبیح کے بعد چاروں آیات یا ان میں سے کوئی ایک یا دو آیات پڑھیں۔ یہ عمل ۱۲۹ بار دہرائیں اس طرح عدد ۱۶۶۴۱ پورا ہو جائے گا۔ یعنی ۱۲۹ دانوں والی تسبیح ۱۲۹ بار پڑھیں۔

درمیان میں آیات پڑھی جاتی ہیں ان کی تفصیل یہ ہے کہ اگر کسی کو دشمنوں کی طرف سے تکلیف اور پریشانی ہو تو وہ ہر تسبیح کے بعد آیت نمبر ۱ پڑھے۔

جو روزی کی تنگی اور مشکل کا شکار ہو وہ آیت نمبر ۲ پڑھے۔

جو کسی مرتبے مقام عہدے یا درجے کا طلب گار ہو وہ آیت نمبر ۳ پڑھے۔

جو قید و بند کی مصیبت میں مبتلا ہو وہ آیت نمبر ۴ پڑھے

اور جسے چاروں طرح کی مشکلات درپیش ہوں وہ چاروں آیات پڑھ لے اسی طرح دو یا تین آیات بھی حسب ضرورت پڑھ سکتے ہیں۔

اس عمل کیلئے عشاء کے بعد کا وقت بہترین ہے وضو اچھی طرح آداب واہتمام سے کریں عمل توجہ اور محبت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی رضاء کیلئے ذکر اللہ کی نیت سے کریں اور تواضع اختیار کریں۔یادرکھیں یالطیف کا اکسیر عمل اسے بہت فائدہ دیتا ہے جو تواضع اختیار کرنے والا ہو۔ ہوسکے تو زندگی میں ایک بار یہ عمل ضرور کرلیں۔تب زندگی کا رخ آسانیوں اور رحمتوں کی طرف ہوجاتا ہے اور اگر توفیق ملے تو باربار کریں۔اللہ تعالیٰ کا ذکر جتنا کیا جائے اتنا مفید ہے۔یہ عمل کرنے کے بعد اگر روزانہ ایک سو انتیس بار یالطیف کو معمول بنالیں اور آخر میں کوئی آیت بھی پڑھ لیا کریں تو بے حد مفید ہے۔

بسم اللہ کا عمل

اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف مصلّٰی پر قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں پھر اٹھ کر دو رکعت نماز پڑھ کر اپنی حاجت کیلئے دعا کریں۔پھر ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں یہ عمل بارہ مرتبہ دہرائیں۔اس طرح کل بارہ ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی تلاوت ہوجائے گی اور بارہ مرتبہ دو رکعت نماز اور بارہ مرتبہ دعا۔

درود شریف عمل کے شروع اور آخر میں سات سات بار پڑھ لیں اور دعا میں ہر بار ایک حاجت پیش کریں یا دو یا تین اس سے زیادہ نہیں۔

یہ عمل بے حد موثر اور مفید ہے ناجائز کاموں کیلئے ہرگز نہ کریں اور نہ ہی

فضول اور مکروہ کاموں کیلئے۔

(تلقین فرمودہ امام العارفین حضرت مولانا قاری محمد عرفان صاحب زید مجدہم)

سورۃ الاخلاص کا مجرب عمل

باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار بار سورۃ الاخلاص پڑھیں پہلی مرتبہ پڑھنے سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر باقی بغیر بسم اللہ کے پڑھیں عمل کے اول وآخر میں سات سات باردرودشریف پڑھ لیں۔آخر میں اپنے مقصد کیلئے دعاکریں۔بہت طاقتور عمل ہے اور بعض اہل علم نے اسے اسم اعظم قراردیاہے۔

سورۃ الفاتحہ کا مجرب عمل

اچھی طرح وضو کرکے خلوت میں دورکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں پھر کھڑے ہوکر گیارہ باردرودشریف پڑھیں پھر اکتالیس بارسورۃ الفاتحہ (الحمدشریف)اس طرح پڑھیں کہ پہلے ہر بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں پھر دوبارہ بسم اللہ اس طریقے سے پڑھیں کہ الرحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملادیں(رحیمِ الحمَدُللہِ)اس طریقے سے اکتالیس مرتبہ سورۃالفاتحہ پڑھ کر سجدہ میں چلے جائیں اور اپنی مشکلات کے حل کیلئے دعا کریں۔ان شاء اللہ ضرور قبول ہوگی۔اس عمل میں بیاسی باربسم اللہ پڑھی جائے گی اور اکتالیس بارسورۃالفاتحہ۔ نیز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس بار سورۃالفاتحہ پڑھنا بھی بے حد مفید ہے۔

سحر کا مجرب علاج

بیری کے سات پتے جن میں سوراخ نہ ہولے کر ان میں سے ہر پتے پر تین باریہ آیت پڑھیں اور ہر بار پڑھ کر دم کریں

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ۔۔۔سے۔۔۔لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ تک پوری آیت (البقرہ ۱۰۲)

اس طرح سات پتوں پر کل اکیس بار یہ آیت پڑھی جائے گی۔ان پتوں کو پاک ہاتھوں سے توڑکر پانی میں ڈال دیں۔مریض سات دن تک یہ پانی پیتا رہے۔پانی کم ہونے پر مزید پانی ملاتے رہیں۔یہ پانی گھر اوردکان پر بھی چھڑکیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔مجرب ہے۔

عمل آیت الکرسی

حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب نور اللہ مرقدہ جادو کے علاج کیلئے عمل آیت الکرسی تلقین فرمایا کرتے تھے عمل آیت الکرسی یہ ہے:

درود شریف تین بار،سورۃالفاتحہ تین بار،آیت الکرسی تین بار ،سورۃالاخلاص تین بار،سورۃالفلق تین بار،سورۃالناس تین بار،تین باردرود شریف۔

فجر، ظہر اورعشاء کے بعد پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور ہاتھوں پر دم کرکے پورے جسم پر پھیریں۔یہ دم مریض پر بھی کیا جاسکتا ہے۔بعض مشائخ اس میں سورۃ الکافرون کا اضافہ بھی فرماتے ہیں۔

دل کی غفلت دور کرنے اور ہدایت پانے کیلئے

وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ۝ 79:19

فائدہ: جوسیدھی راہ سے بھٹک گیا ہویا برے افعال میں پڑ گیا ہو یا اللہ کی طرف سے غافل ہوگیا ہوتو اس آیت کو روزانہ ۱۰۱ بارپانی پر دم کرکے اسے پلائیں۔

ہر قسم کی مشکل سے نجات کا مجرب ترین عمل

شیخ حرم مولانا محمد مکی حجازی دامت برکاتہ عرصہ ۴۰ سال سے حرم کعبہ میں

درسِ قرآن دے رہے ہیں۔اس سے قبل ان کے والد صاحب مولانا خیر محمدؒ درس دیتے تھے وہ شفقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بندہ سے علاج بھی کرواتے ہیں اور اجازت بھی عطافرمائی ان کا سب سے مجرب عمل لوگوں کے نفع کے لئے پیش کیا جارہاہے۔

لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ۝ 53:58

۱۰۰مرتبہ ۲۱دن اوّل آخر ۳ باردرود شریف پڑھ کر دعا کریں۔

ایک مسنون دعاء

عصر کے بعد ۳۱۳ باریہ مسنون دعاپڑھیں

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

اوّل و آخر درود شریف پڑھیں۔

ایک آیت کریمہ کا عمل

عصر کے بعد پہلے دن ۶۱۳مرتبہ اورآئندہ جس قدرچاہیں پڑھیں۔

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝ 54:45 اوّل آخر درود شریف۔

اللہ الصّمد کے خواص

(ماخوذازتبرکات مرتبہ حکیم محمد مشیر الدین صاحب رحمہ اللہ بابوزئی،شاہجہانپور)

ا۔ جس کسی کو مہم (اہم ضرورت)کلی وجزوی پیش آئے کسی طرح حل نہ ہوسکتی ہو چاہیے کہ اس کو نماز فجر وعشاء کے بعد ہزار بار اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بارپڑھے اور جو شخص بعد ہر نماز سوسوبارپڑھے کسی وقت رنجیدہ نہ ہو اور ایمان سلامت رہے۔

۲۔ اگر اَللّٰہُ الصَّمَدُ نماز عصر کے بعد پچاس بار پڑھے تو اس کا مرتبہ دونوں جہان میں بلند ہو۔

۳۔ اگر کسی کو کام مشکل ودشوار پیش ہواور کوئی حل کی صورت نہ ہو تو بدھ کی رات کو نہائے اور ہزار بار پڑھے اس کا کام ان شاء اللہ تعالیٰ پورا ہوجائے۔

۴۔ جوکوئی تہجد کی نماز کے وقت بہت سا پڑھے جمال وجلا ل اللہ تعالیٰ جل شانہ کا نصیب ہو۔سب خلائق آسمان وزمین چرندپرند سب اس سے محبت رکھیں۔

۵۔ جس نے بعدعشاء اَللّٰہُ الصَّمَدُ پر مداومت کی صرف سوبار، تو وہ زیارت حضرت رسول مقبول(روحی فداہ)صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا۔

ڈاڑھ کے درد کا دم

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ لکھتے ہیں کہ بصرہ میں ایک شخص ڈاڑھ کے درد کا دم کرتا تھااور بخل کی وجہ سے کسی کہ نہ بتلاتا تھا۔جب مرنے لگا تو اس وقت دوات قلم منگوا کروہ عمل لکھ کر بتا دیا عمل یہ تھا:

الٓمّٓصٓ طٰسٓمّٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اُسْکُنْ بِکٓھٰیٰعٓصٓ ذِکْرُ رَحْمَتِ رَبِّکَ عَبْدَہٗ زَکَرِیَّا اُسْکُنْ بِالَّذِیْ اِنْ یَّشَاْ یُسْکِنِ الرِّیْحَ فَیَظْلَلْنَ رَوَاکِدَ عَلٰی ظَھْرِہٖ اُسْکُنْ بِالَّذِیْ سَکَنَ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

شیخ الاسلام امام ابن القیمؒ اپنی کتاب "زادالمعاد فی ھدی خیر العباد" میں ایک حدیث بیان فرماتے ہیں کہ حضرت ابو خزامہؓ سے مروی ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ "آپ کی رائے جھاڑ پھونک،دوااور بیماری سے بچنے کی دوسری تدبیروں کے بارے میں کیا ہے؟کیا ان سے خدا کی تقدیر ٹل سکتی ہے؟"حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "یہ بھی تو خدا کی تقدیر ہے۔"

رحمتوں والے اعمال
کم عمل
زیادہ ثواب

ستّر ہزار فرشتوں کی دعائیں

حضوراکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص صبح کو یہ دعا تین بار پڑھ کر پھر سورۃالحشر کی آخری تین آیتیں پڑھے گا تو شام تک ستّر ہزار فرشتے اس کیلئے دعا کرتے رہیں گے اور اگر رات کو پڑھے تو صبح تک ستّر ہزار فرشتے دعا کریں گے اور اس دن مرگیا تو شہید مرے گا(ترمذی)

أَعُوذُ بِاللهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔

پھر سورۃالحشر کی آخری تین آیتیں:

هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ○ هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ○ هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ 59:22-24

مجلس کے خاتمہ پر مبارک دعا

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

(مستدرک جلد۱ص ۵۳۶)

فائدہ: اس دعا کا فائدہ یہ ہے کہ اگر مجلس میں اچھی باتیں کی ہوں گی تو یہ کلمات ان پر مہر بن جائیں گے اور اگر فضول اور لغو باتیں کی ہوں گی تو وہ معاف ہوجائیں گی۔

ماہ شعبان کا عمل

یہ کلمہ تورات کے اندر بھی تھا اللہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا۔ جو شخص یہ کلمہ شعبان میں کہے گا ایک ہزار سال کے گناہ معاف ہوں گے۔ اسے ہزار سال کی

عبادت کا ثواب دوں گا۔جب وہ قبر سے نکلے گا اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح چمک رہا ہوگا۔ اسے صدیقوں کی شان دوں گا کلمہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ الْکَافِرُوْنَ۔

روزانہ ۱۰۰ بار پڑھیں۔

ابدال بننے کا نسخہ

حضرت امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں تحریر فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ یہ دعا تین مرتبہ پڑھے گا اس کیلئے ابدال کا درجہ لکھا جاتا ہے۔ابدال اولیائے کرام میں بہت بڑا درجہ ہوتا ہے۔دعا یہ ہے :

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّۃِ مُحَمَّدٍ ﷺ

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ ﷺ

اَللّٰھُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ ﷺ

(مظاہر حق جدید ج ۴ ص ۵۹ قسط ۱۳۰)

مشکلات آسان ہوجائیں

رسول مقبول ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح ہوتے ہوئے اور شام ہوتے ہوئے یہ دعا سات مرتبہ پڑھ لے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام کاموں کا کفیل ہوجائے گا اور تمام فکروں سے نجات ہوجائے گی۔یعنی اس کی تمام حاجات پوری اور مشکلات آسان ہوجائیں گی دوسری روایت میں یہ ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن صبح کی نماز سے پہلے تین مرتبہ پڑھ لے گا اس کے تمام گناہ معاف ہوجائیں گے دعا یہ ہے:

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○ 9:129

(ذکر اللہ ص ۲۸)

حضرت شیخ بونیؒ کا ایک خاص الخاص عمل

جس کو کوئی حاجت درپیش ہو وہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کے روزے رکھے۔ جمعہ کے روز غسل کرکے مسجد جائے۔ راہ میں کچھ صدقہ دے پھر نماز سے فارغ ہوکر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَاَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ اَلَّذِیْ مَلَأَتْ عَظَمَتُہُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ وَاَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَبْصَارُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُعْطِیَنِیْ مَسْأَلَتِیْ وَتَقْضِیَ حَاجَتِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

یہاں اپنی ضرورت کا نام لے جو اسی وقت پوری ہوگی۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا یہ دعا جاہلوں کو نہ سکھاؤ ورنہ وہ ایک دوسرے پر بددعا کریں گے اور قبول ہوگی۔ (شمس المعارف الکبریٰ ص۲۵۹)

قید سے رہائی کا عمل

جمعرات کی رات اس دعا کو ایک ہزار بار پڑھیں۔ قید سے حفاظت اور قید سے خلاصی کیلئے مجرب ہے:

یَارَبِّ اَنْتَ صَمَدِیْ وَمِنْکَ مَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ

اول آخر گیارہ بار یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

یہ درود شریف درود قادری کہلاتا ہے۔ اور اس عمل کی تلقین ہمارے شیخ،

شیخ طریقت حضرت مولانا سید محمود صاحب عرف صندل باباجی زید مجدہ فرماتے ہیں۔نیزروزانہ ایک ہزار یا واحد یا احد پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ قید سے خلاصی عطا فرماتے ہیں۔

ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں

حضوراکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ پڑھے گا اس کیلئے جنت واجب ہوجائے گی اور جو شخص سومرتبہ پڑھے گا اس کیلئے ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی۔(الحاکم و قال صحیح الاسناد)

اور اس تسبیح کے ہر مرتبہ پڑھنے پر جنت میں ایک درخت لگادیاجائے گا۔(بزار)

بے بسی ختم ہواور کام جلدی ہو

رزق کی ترقی اور برکت کیلئے یا کوئی کام بس سے باہر ہواور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو یا اگر کسی کام میں آسانی اور جلدی مطلوب ہوتو سورۃ المزمل ایک بیٹھک میں ۴۱بارتین دن تک پڑھیں اس عمل سے دوسروں کو نقصان پہنچانا مقصود نہیں ہونا چاہیے۔

عظیم الشان وظیفہ

حضرت ابو ایوب انصاریؓ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جب سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی، آیت شَهِدَ اللّٰهُ اور قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ ---بِغَيْرِ حِسَابٍ○ نازل ہوئی تو عرش سے معلق ہوکرفریاد کی کہ کیا آپ ہم کو ایسی قوم پر نازل فرمارہے ہیں جوگناہوں کا ارتکاب کریں گے ارشاد ہوا کہ قسم میری عزت وجلال اور ارتفاع مکان کی کہ جو لوگ ہر نماز فرض کے بعد تمہاری تلاوت کریں گے ہم ان کی مغفرت

فرمائیں گے اور جنت الفردوس میں جگہ دیں گے اور ہر روز ستّر مرتبہ نظر رحمت سے دیکھیں گے اور اس کی ستّر حاجتیں پوری کریں گے جس کا ادنیٰ درجہ مغفرت ہے۔(دیلمی)

فائدہ : بعض روایات میں ہے کہ ہم اس کے دشمنوں پر اس کا غلبہ عطا کریں گے۔(تفسیر روح المعانی پ۳ص۱۰۶)

پڑھنے کا طریقہ : الحمد شریف، آیت الکرسی پڑھ کر یہ پڑھے

شَهِدَ اللَّهُ أَنَّهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَآئِكَةُ وَأُولُو الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ۚ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ وَمَن يَكْفُرْ بِآيَاتِ اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ○ 03:18-19 پھر یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَن تَشَاءُ وَتَنزِعُ الْمُلْكَ مِمَّن تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَن تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ 03:26-27

اللہ تعالیٰ کو محبوب کلمات

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں ترازو میں بہت وزنی ہیں اور اللہ تعالیٰ کو بہت پیارے ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ط

دشمن سے حفاظت کیلئے

اگر اس دعا کو پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرکے پورے بدن پر پھیر لے تو دشمن

سے محفوظ رہے گا۔ دشمن کے ہجوم سے بھی گزر جائے تو وہ اسے نہ دیکھ سکیں گے وہ یہ ہے:

لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ○ 06:103

مال کا گم ہو جانا

ا۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو یہ دعا پڑھ کر اپنی گم شدہ چیز کے مل جانے کی دعا کر لے ان شاء اللہ بہت جلد وہ چیز مل جائے گی۔

"يَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ اِجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ كَذَا" فَإِنَّ اللهَ تَعَالٰى يَجْمَعُ بَيْنَكَ وَبَيْنَ ذَالِكَ الشَّيْءِ۔

"ذَالِكَ الشَّيْءِ" کی جگہ اپنی گم شدہ چیز کا تذکرہ کرے اسی طرح اگر کسی انسان کو اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو اس شخص کا نام لے۔

۲۔ اگر کسی چیز یا مال کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو تو سورۃ القصص لکھ کر اس جگہ لٹکا دے جہاں مال رکھا ہوا ہو، ان شاء اللہ وہ مال ضائع اور برباد نہیں ہو گا۔

۳۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو سورۃ الضحیٰ سات بار پڑھ کر اس چیز کی واپسی کیلئے دعا کرے۔ جب وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى پر پہنچے تو اسے تین بار پڑھے ان شاء اللہ وہ چیز مل جائے گی اگر وہ چیز نہیں ملے گی تو اللہ تعالیٰ اس کا نعم البدل عطا فرمائے گا۔

۴۔ اگر کسی کی کوئی چیز چوری ہو گئی ہو تو جس دروازہ سے مال نکلا ہو اس دروازہ پر کھڑے ہو کر سورۃ الطارق پڑھنے سے وہ مال واپس مل جائے گا۔

۵۔ جس شخص کی کوئی چیز گم ہو جائے تو ۱۱۹ بار یاحفیظ اور ۱۱۹ بار یہ آیت پڑھ کر اس چیز کی واپسی کی دعا کرے ان شاء اللہ وہ چیز مل جائے گی۔ مجرب ہے آیت یہ ہے:

يَا بُنَيَّ إِنَّهَا إِن تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُن فِي صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمَاوَاتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللَّهُ ۔ 31:16

۶۔ گمشدہ چیز کے مل جانے کیلئے اس دعا کی کثرت کرلے:

"یَاجَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّارَیْبَ فِیْہِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ۔"

ان شاء اللہ اس دعا کی برکت سے وہ چیز مل جائے گی۔

۷۔ ان آیتوں کو روٹی یا کسی کھانے کی چیز پر لکھ کر جس پر چوری کا شبہ ہوا سے کھلائے اگر وہ واقعی چور ہوگا تو وہ نہیں کھاسکے گا۔ آیات یہ ہیں:

وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْساً فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا وَاللهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ○ يَتَجَرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ وَمِن وَرَائِهِ عَذَابٌ غَلِيظٌ○ أَلَّا يَسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ○ اَللَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ○ وَبِالْحَقِّ أَنزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا○ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ۔

۸۔ اگر کسی کی کوئی چیز کھوگئی ہو تو اپنی انگشت شہادت کو اپنے سر کے چار جانب گھماتے ہوئے سات مرتبہ سورۃ الضحیٰ پڑھے پھر ایک مرتبہ

اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللہِ۔ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللہِ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللہِ اَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللہِ۔

پڑھ کر تین مرتبہ تالی بجائے اس عمل کے دوران کھوئی ہوئی چیز کا تصور ذہن میں رکھے ان شاء اللہ بہت جلد وہ چیز مل جائے گی۔ نہایت مجرب عمل ہے۔ (مجربات حضرت مولانا عبداللہ شہید)

مفرور کی واپسی

۱۔ جمعہ کی رات میں نماز عشاء کے بعد دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد تین بار سورۃ الکافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے

بعد تین بار سورۃ الاخلاص پڑھے پھر سلام پھیر کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دوہزار بار سورۃ الضحیٰ مع بسم اللہ پڑھے اور پھر گیارہ باردرود شریف پڑھ کر بھاگے ہوئے کی واپسی کی دعا مانگ کر سوجائے۔ان شاء اللہ مفرور بہت جلد واپس آجائے گا۔

۲۔ دورکعت نفل پڑھ کر ۱۱۹ بار یہ آیت پڑھ کر دعامانگے ان شاء اللہ بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔یہ عمل ۴۰ روز تک جاری رکھے۔ آیت یہ ہے:

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ۔ 28:85

دفع آسیب وجن

۱۔ حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ امام غزالیؒ نے ایک بزرگ کا قصہ نقل کیا ہے کہ کسی بزرگ کی ایک لونڈی شب کو پیشاب کرنے بیٹھی اور آسیب کے اثر سے بے ہوش ہوگئی۔ان بزرگ نے اٹھ کر یہ کلمات پڑھے تو وہ اسی وقت اچھی ہوگئی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ الٓمّٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمّٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ۔

۲۔ چالیس روزتک روزانہ دورکعت نفل نماز پڑھ کر ۱۱۹ باریہ آیت پڑھے اور پھر بھاگے ہوئے کی واپسی کیلئے دعا کرے ۔ان شاء اللہ مفرورواپس آجائے گا۔

یَابُنَیَّ إِنَّهَا إِن تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُن فِي صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمَاوَاتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللَّهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ۝ 31:16

مکان کی حفاظت کیلئے

جس مکان میں جن وشیاطین یا آسیب یا بھوت پریت چڑیل وغیرہ ارواح خبیثہ کا اثر ہوتو پیر کے دن یا بدھ یا جمعرات کے دن بساعت مشتری یا زہرہ پوری سورۃ البقرہ اس مکان میں بیٹھ کر درمیانی آواز سے پڑھے اور ایک گلاس پانی کا بھر کراپنے

قریب رکھ لے اور جب سورۃ ختم ہو جائے تو اس پانی پر دم کر کے مکان کی دیواروں پر اس طرح چھڑک دے کہ پانی زمین میں نہ گرے اور ساعت کا حساب سورج نکلنے کے وقت سے لگائے۔ان شاء اللہ کسی قسم کا اثر مکان میں نہ رہے گا۔ مجرب ہے۔

ہر قسم کی بواسیر کیلئے

دو رکعت اس مرض کی شفاء کیلئے پڑھیں پہلی رکعت میں اَلَمۡ نَشۡرَحۡ دوسری رکعت میں اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ پڑھیں سلام کے بعد ستّر 70 مرتبہ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ رَبِّیۡ مِنۡ کُلِّ ذَنۡبٍ، سبحان اللہ وبحمدہ پڑھیں، ان شاء اللہ ۲۱ دن میں مرض سے شفامل جائے گی۔

چلاسی مجربات

ہر قسم کے حل مشکلات کا مجرب عمل بعد از نماز مغرب ۲ رکعت نفل صلوٰۃ حاجت پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد آیت الکرسی ۳بار اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص ۳بار پڑھیں نماز کے بعد یہ آیت ۱۰۰بار پڑھ کر دعا کریں ہر قسم کی مشکل ترین حاجات بھی حل ہوں گی اس کی اجازت اور دیگر اعمال کی اجازت بندہ کو حضرت اقدس چلاسی بابا نے عطا کی ہے آیت یہ ہے۔

اَلَیۡسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبۡدَہٗ۔ 39:36

(مجربات چلاسی بابا)

برائے حاجت

۱۔ بعد نوافل مغرب تنہائی میں بیٹھ کر اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر ۱۰۰ بار یَارَبِّ یَارَبِّ کہے جو خدا سے چاہے گا وہ ملے گا اور اگر ہزار بار اس کی تکرار کرے گا تو یقیناً اس کی حاجت پوری ہوگی۔ سات دن تک اس عمل کو کرے عروج

ماہ میں نوچندی جمعرات سے شروع کرے۔

۲۔ جس شخص کو کوئی سخت سے سخت کام درپیش ہوتو اس کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر چند بار یہ کلمات پڑھے جب تک وہ پریشانی دور نہ ہو برابر ایسا کرتا رہے دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَفْتِحُکَ بِاُمِّ یَحْیٰی بِنْ زَکَرِیَّا یَا مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔

حادثات سے بچنے کا وظیفہ

حضرت طلق فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت ابوالدرداءؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ آپ کا مکان جل گیا۔ فرمایا نہیں جلا پھر دوسرے شخص نے یہی اطلاع دی تو فرمایا نہیں جلا پھر تیسرے آدمی نے یہی خبر دی آپ نے فرمایا نہیں جلا پھر ایک اور شخص نے آکر کہا کہ اے ابوالدرداء! آگ کے شرارے بہت بلند ہوئے مگر جب آپ کے مکان تک آگ پہنچی تو بجھ گئی فرمایا مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا (کہ میرا مکان جل جائے)۔ کیوں کہ میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے سنا ہے کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی میں نے صبح یہ کلمات پڑھے تھے اس لئے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا۔

وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَ اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ

بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

پورا ہفتہ شر سے محفوظ رہنے کیلئے عمل

اگر یہ عمل کوئی بھی شخص اپنا وظیفہ بنالے پورا ہفتہ یہ شر سے محفوظ رہے گا اور رزق میں بے پناہ ترقی ہوگی قیامت کے دن ذاکرین میں اُٹھایا جائے گا۔

بروز جمعہ کا وظیفہ	یَا اَللّٰہُ یَا وَاحِدُ	300 بار
بروز ہفتہ	یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ	300بار
بروز اتوار	یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ	300 بار
بروز پیر	یَا صَمَدُ یَا رَؤُفُ	300 بار
بروز منگل	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ	300 بار
بروز بدھ	یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ	300 بار
بروزجمعرات	یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ	300 بار

اس کے علاوہ ابدال میں شامل ہونے کیلئے روزانہ تیسرا کلمہ، درود شریف اور استغفار ۲۰۰ بار پڑھیں۔

ان شاء اللہ اہل اللہ سے نسبت قائم ہوگی

درد سر کیلئے

مریض کی کنپٹیوں کو شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے دبائیں اور سورۃ الناس پڑھتے ہوئے انگلی اور انگوٹھے کو ماتھے کی طرف لاتے ہوئے آخر میں آپس میں ملائیں اسی طرح سورۃ الناس ۳بار پڑھیں اور لفظ الناس تین بار دھرائیں۔

(مجربات شاہ زمان)

آیات الحفظ کی فضیلت

یہ آیات آیات الحفظ کہلاتی ہیں صبح وشام انکا ورد کرنے والا ہر شر اور نقصان سے محفوظ رہتا ہے امام دیربی نے کسی بزرگ کا واقعہ لکھا ہے کہ ایک باروہ سفر میں تھے کہ ایک بھیڑیے کو بکری کے بچے کے ساتھ کھیلتے ہوئے دیکھا تو بہت حیران ہوئے تو اچانک ان کی نگاہ بکری کے بچے کے گلے پر پڑی، تو دیکھا اس میں یہ آیات لکھ کر باندھی ہوئی تھیں۔

وَلَا يَؤُدُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ۝ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا ۖ وَّهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝ وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ ۝ وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ۝ وَحِفْظًا ۚ ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۝ إِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ ۝ إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ ۝ وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ۝ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ ۝ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ۝ هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ ۝ فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ ۝ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ ۝ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيطٌ ۝ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيدٌ ۝ فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۔ إِنَّ رَبِّي عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ۝ لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ ۔ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۝ وَكُنَّا لَهُمْ حَافِظِينَ ۝ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ۝ اَللّٰهُ حَفِيظٌ عَلَيْهِمْ وَمَآ أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيلٍ ۝ وَعِنْدَنَا كِتَابٌ حَفِيظٌ ۝ لِكُلِّ أَوَّابٍ حَفِيظٍ ۝ وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ ۝

تمام دن ظالموں کے شر سے محفوظ رہیں
حضرت انسؓ کی دعا

یہ دعاجناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت انس بن مالکؓ کو تعلیم فرمائی اور فرمایا کہ جو شخص صبح کو یہ دعا پڑھے تو دن بھر کوئی ظالم اسے نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ؕ

بِسۡمِ اللّٰهِ خَيۡرِ الۡاَسۡمَآءِ بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِیۡ لَا يَضُرُّ مَعَ اسۡمِهٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ؕ بِسۡمِ اللّٰهِ عَلٰی نَفۡسِیۡ وَدِيۡنِیۡ بِسۡمِ اللّٰهِ عَلٰی اَهۡلِیۡ وَ مَالِیۡ بِسۡمِ اللّٰهِ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ اَعۡطَانِيۡهِ رَبِّیۡ أَللّٰهُ اَكۡبَرُ أَللّٰهُ اَكۡبَرُ أَللّٰهُ اَكۡبَرُ اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِمَّآ اَخَافُ وَ اَحۡذَرُ اَللّٰهُ رَبِّیۡ لَآ اُشۡرِكُ بِهٖ شَيۡـًٔا عَزَّ جَارُكَ وَ جَلَّ ثَنَآؤُكَ وَ تَقَدَّسَتۡ اَسۡمَآؤُكَ وَ لَآ اِلٰهَ غَيۡرُكَ ؕ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيۡدٍ وَّ شَيۡطٰنٍ مَّرِيۡدٍ وَّمِنۡ شَرِّ قَضَآءِ السُّوۡٓءِ وَ مِنۡ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنۡتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ؕ

دعاءامام ابو حنیفہؒ برائے قرب الی اللہ

امام ابوحنیفہؒ نے اللہ تعالیٰ کو سوبار خواب میں دیکھاجب سوویں مرتبہ خواب میں دیکھا تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے پوچھا کہ یااللہ تیرے بندے تیرا قرب حاصل کرنے کیلئے کیا پڑھیں تو یہ دعا رب العزت نے خواب میں بتلائی:

سُبۡحَانَ الۡاَبَدِیِّ الۡاَبَدِ، سُبۡحَانَ الۡوَاحِدِ الۡاَحَدِ، سُبۡحَانَ الۡفَرۡدِ الصَّمَدِ، سُبۡحَانَ رَافِعِ السَّمَآءِ بِغَيۡرِ عَمَدٍ، سُبۡحَانَ مَنۡ بَسَطَ الۡاَرۡضَ عَلٰی مَاءٍ جَمَدٍ۔ سُبۡحَانَ مَنۡ خَلَقَ الۡخَلۡقَ فَاَحۡصَاهُمۡ عَدَدًا۔

اگر کوئی برے افعال کا شکار ہو جائے

جو دین سے غافل ہو سیدھے راستے سے بھٹک جائے یا برے افعال میں مبتلا ہو جائے تو اس کو پانی پر ۱۰۱ بار پڑھ کر دم کر کے ۴۱ دن تک پلائیں۔

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ 02:05

عزت و عظمت میں اضافہ کیلئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی مقبولیت، عزت و عظمت اور شان و بزرگی کی لوگ قدر کریں اور اسے عزت دیں تو اسے چاہیے کہ بعد نماز عشاء روزانہ پابندی کے ساتھ اوّل تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ۹۴ بار یا عزیز پڑھے اس کے بعد ۳ بار یہ پڑھے:

یَا عَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِكَ یَا عَزِیْزُ۔

آخر میں ۳ بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت و عظمت میں اضافے کی دعا کرے۔ چند ہفتے کرنے کے بعد ان شاء اللہ اس کی عزت و عظمت میں اضافہ ہو جائے گا۔

عزت پانے کیلئے

اگر کوئی شخص لوگوں کی نظروں سے گر گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی عزت قائم ہو جائے تو وہ اس آیت کو ۱۱ بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لے۔

فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ 36:83

شیاطین سے حفاظت کیلئے

یہ دعا ہر نماز کے ساتھ تین بار پڑھتے رہنے سے جنات ہمیشہ کیلئے پیچھا چھوڑ دیتے ہیں۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَ کَفٰی، سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ دَعَا، وَلَیْسَ وَرَآءَ اللّٰہِ الْمُنْتَھٰی۔

جنات سے حفاظت کا عمل

اگر آپ کہیں بھی جنات کے شکنجے میں آجائیں کتنے ہی جنات کیوں نہ ہوں آپ ایک بار آیت الکرسی اور ۷۰ بار وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا پڑھیں تمام جنات آپ کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے۔

نظر بد کیلئے

نظر بد کیلئے یہ آیت ۷ بار پڑھنا نہایت مجرب ہے۔

وَإِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِأَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ إِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ ○ وَمَا ھُوَ إِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعَالَمِیْنَ ○ 68:51.52

نماز مغرب کے بعد یہ پڑھے

حضرت مسلم تمیمیؓ نے رسول اکرم ﷺ کا ارشاد نقل فرمایا ہے کہ نماز مغرب سے فارغ ہو کر کسی سے بات کرنے سے پہلے سات مرتبہ یہ کہہ لو

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ط

اور پھر اگر اسی رات کو تمہاری موت آگئی تو دوزخ سے محفوظ ہو جاؤ گے اور اگر اس دعا کو سات بار نماز فجر کے بعد کسی سے بات کئے بغیر کہہ لوگے اور اسی دن مر جاؤ گے تو دوزخ سے محفوظ رہو گے۔ (ابوداؤد، نسائی، ابن حبان)

نماز عشاء کے بعد یہ پڑھے

آخرت میں کامیابی کیلئے روزانہ ایک بار بعد نماز عشاء سورۃ الملک کی تلاوت کریں۔

جو مانگے وہ عطا ہو

حضرت حسنؒ فرماتے ہیں کہ حضرت سمرہ بن جندبؓ نے فرمایا کہ میں تمہیں ایک ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے کئی بار سنی اور حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ سے بھی کئی بار سنی ہے میں نے عرض کیا ضرور سنائیں۔ حضرت سمرہؓ نے فرمایا جو شخص صبح اور شام یہ پڑھے

اللّٰهُمَّ أَنْتَ خَلَقْتَنِي، وَأَنْتَ تَهْدِيْنِي، وَأَنْتَ تُطْعِمُنِي، وَأَنْتَ تَسْقِيْنِي، وَأَنْتَ تُمِيْتُنِي، وَأَنْتَ تُحْيِيْنِي.

اوراس کے پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے جو مانگے گا اللہ تعالیٰ ضرور اس کو عطا فرمائیں گے۔(الطبرانی فی الاوسط باسناد حسن، مجمع الزوائد)

بڑا نور حاصل کرنے کیلئے

حافظ ابو بکر بزارؒ اپنی کتاب میں لائے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس آیت کو رات کے وقت پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے اتنا بڑا نور عطا فرمائے گا جو عدن سے مکہ شریف تک پہنچے:

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ أَحَدًا ۝ 18:110

موت کے سوا ہر چیز سے امن

مسند بزار میں حدیث ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تم بستر پر لیٹو اور سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص پڑھ لو تو موت کے سوا ہر چیز سے امن میں رہوگے۔

(تفسیر ابن کثیر، ج ا، ص ۳۲)

نمازِ جمعہ کے بعد گناہ معاف کروانے کا ایک نبوی نسخہ

جو آدمی جمعہ کی نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے گا

سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ

تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے پڑھنے والے کے ایک لاکھ گناہ معاف ہوں گے اور اس کے والدین کے چوبیس ہزار گناہ معاف ہوں گے۔

(رواہ ابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ ص ۲۳۴)

حصول ملازمت کیلئے سورۃ الضحیٰ کا خاص عمل

سورۃ الضحیٰ کو عاملین نے پر تاثیر مانا ہے اس میں نو مقام پر کاف (ک) آیا ہے آپ نماز فجر کے بعد وہیں بیٹھیں اور یہ سورۃ اس طرح پڑھیں کہ جب کاف آئے تو یاکریم نو بار پڑھیں اگر خدانخواستہ ملازمت نہ ملی تو یہ عمل اٹھارہ بار پڑھیں اگر پھر بھی حاجت پوری نہ ہو تو ستائیس بار پڑھیں اور ہر کاف پر ستائیس بار یاکریم پڑھیں بفضل خدا شرطیہ ملازمت مل جائے گی۔

(شرعی علاج بحوالہ خزانہ اعمال ص ۱۱)

لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ۝ 28:24

فائدہ: اگر آپ کی لڑکی کیلئے رشتہ نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو تو آپ ۱۱۲ بار اس آیت کو پڑھیں اور تین بار سورۃ الضحیٰ پڑھیں اور یہ عمل ہر مہینہ کے شروع میں ۱۱ دن تک کریں اور تین مہینہ تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ اچھا رشتہ نصیب ہوگا۔

ہفت سلام کا عمل

اگر جادو کے ذریعے کسی پر بیماری مسلط کی گئی ہو تو ان آیات شفاء اور ہفت سلام کو ۱۱ بار پڑھ کر دم کر کے پئیں اور تیل پر دم کر کے مالش کریں۔

(1)سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ (2)سَلَامٌ عَلٰى نُوحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ(3)سَلَامٌ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ (4)سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ(5)سَلَامٌ عَلٰٓى اِلْيَاسِيْنَ(6)سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِيْنَ(7)سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔

(1) وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ(2)وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ(3) يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ(4)وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ(5)وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ(6)قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ۔

شب قدر کی پہچان کا طریقہ

شیخ محی الدین ابن عربیؒ لیلۃ القدر کی پہچان میں فرماتے ہیں کہ اگر پہلا روزہ جمعہ کے دن کا ہوتو لیلۃ القدر ۲۹ویں شب ہوگی،اگر ہفتہ کا ہوتو ۲۱ویں،اگر اتوار کا ہوتو ۲۷ویں،اگر پیر کا ہوتو ۱۹ویں،اگر منگل کا ہوتو ۲۵ویں،اگر بدھ کا ہوتو ۱۷ویں اور اگر جمعرات کا ہوتو ۱۰ویں کے بعد کی طاق راتوں میں سے کسی رات میں ہوگی۔(الکنزالمدفون ص۳)

حضرت شیخ ابوالحسن خرقانیؒ اپنے ایک رسالہ میں لکھتے ہیں کہ اگر یکم رمضان اتوار کو ہوتو شب قدر ۲۹ویں شب ہوگی،اگر پیر کو ہوتو ۲۱ویں،منگل کو ہوتو ۲۷ویں،بدھ کو ہوتو ۱۹ویں،جمعرات کو ہوتو ۲۵ویں،جمعہ کو ہوتو ۱۷ویں اور اگر ہفتہ کو ہوتو ۲۳ویں شب ہوگی۔

ہرسال حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کیلئے خاص عمل

طواف الوداع کے بعد میزاب رحمت کے نیچے دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر سامنے کعبہ کی دیوار پر انگلی سے یہ آیت لکھیں:

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ۔ 28:85

اس کے بعد دعاکریں کہ حق تعالیٰ ہر سال حاضری اور حج و عمرہ کی سعادت عطافرمائیں۔اس کے بعد گھر پہنچ کر صلوٰۃ الحاجت دورکعت پڑھیں اس کے بعد سورۃ یٰس کی تلاوت کریں اور ہر مبین پر سات بار سورۃ الفاتحہ پڑھیں،سورۃ پوری ہونے پر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ ہر سال حج کی سعادت عطاءفرمائیں۔ان شاء اللہ ہر سال حاضری نصیب ہو گی۔(اکابر علماء دیوبند کا مجرب عمل ہے۔جوحضرات قارئین یہ عمل کریں لکھنے والے کو بھی اس دعا میں شامل فرمائیں۔)

برائے زیارت نبی کریم ﷺ

جو شخص خواب میں حضرت نبی کریم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہونا چاہے تو اس کو چاہیے کہ دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃالفاتحہ کے بعد سو بار سورۃالاخلاص پڑھے جب نماز سے فارغ ہوجائے تو اس دعا کو ۷ بار پڑھے:

وَصَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

ان شاء اللہ تعالیٰ وہ زیارت سے مشرف ہو گا۔اس عمل کو پڑھنے کے وقت ان باتوں کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے جسم پاک ہو، کپڑے پاک ہوں، بستر پاک ہو اور عطریات سے ہرچیز کو بسائے اور اس کو منگل کا دن ختم ہوکر بدھ کی شب سے شروع کریں۔ان شاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی شب میں ورنہ تین راتوں میں ضرور زیارت سرورِ کونین ﷺ سے مشرف ہو گا۔مجرب ہے۔

آیت قطب کے عجیب وغریب اوصاف

۱۔ جو شخص بعد نماز فجر روزانہ چالیس بار پڑھے جو کچھ چاہے حق سبحانہ وتعالیٰ اس کو عطا فرمائیں گے۔

۲۔ جس کسی کو بادشاہ یا امیر سے کوئی کام درپیش ہو اور مشکل نظر آئے، دو رکعت نماز نفل ادا کرے مصلّے پر تین بار یہ آیت پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے منہ پر پھیرے، مراد بر آئے۔

۳۔ جس کسی پر دیو، جن، پری، آسیب کا اثر ہو بائیں کان میں یہ آیت پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ اثر جاتا رہے گا۔

۴۔ بچھو کے کاٹے ہوئے پر اس کے سیدھے کان میں پڑھ کر پھونک مارے ان شاء اللہ صحت پائے گا۔

۵۔ جو شخص کسی مہم یا جنگ کیلئے پندرہ یا تیرہ مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ فتح پائے گا۔

۶۔ جو شخص چار بار پڑھ کر دشمن کے گھر پر پھونک مارے دشمن گا گھر خراب ہو جائے گا۔

۷۔ جو شخص دشمن پر غالب آنا چاہے ۱۲ بار پڑھے ان شاء اللہ دشمن مطیع ہو جائے گا۔

۸۔ جو کوئی سات بار پڑھ کر اگر کسی مجلس میں آئے تو مجلس والے اس سے تعظیم سے پیش آئیں گے۔

۹۔ جو کوئی نو درم شہد اور دو درم دکھنی مرچوں پر دم کرکے کھائے قوت باہ زیادہ ہو جائے۔

۱۰۔ جو کوئی روزانہ ہزار بار پڑھے گا روزی زیادہ ہوگی۔ غیب سے رزق پہنچے گا۔

۱۱۔ اگر گھوڑا شرارت کرے تو تین بار پڑھ کر دم کرے۔

آیت یہ ہے:

ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّن بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَغْشَىٰ طَائِفَةً مِّنكُمْ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُولُونَ هَل لَّنَا مِنَ الْأَمْرِ مِن شَيْءٍ قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ يُخْفُونَ فِي أَنفُسِهِم مَّا لَا يُبْدُونَ لَكَ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَاهُنَا قُل لَّوْ كُنتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ

لَّبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي قُلُوبِكُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ 03:154

دعا کی قبولیت کیلئے مجرب عمل

مشائخ وعلماء نے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھنے کے فوائد میں لکھا ہے کہ اس آیت کو ایک ہزار مرتبہ جذبہ ایمان اور اعتقاد کے ساتھ پڑھا جائے اور دعا مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ رد نہیں فرماتا۔ ہجوم افکار اور مصائب کے وقت مجرب ہے۔

وظیفہ خاص حضرت شاہ ابرار الحق

اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں پھر اس کے بعد آیت حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ درج ذیل مقاصد میں سے جس کیلئے پڑھیں کامیابی ہوگی۔

۱۔ حفاظت از شر و فتن کیلئے ۳۴۱ بار پڑھیں۔

۲۔ برائے وسعت رزق و ادائے قرض ۳۰۸ بار پڑھیں۔

۳۔ برائے تکمیل خاص کام ۱۱۱ بار پڑھیں۔

۴۔ برائے کفالت از مصائب و پریشانی ۱۴۰ بار پڑھیں۔

(بیان فرمودہ حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب)

نظر بد دور کرنے کا مسنون وظیفہ

ابن عساکر میں ہے کہ جبرائیل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس تشریف لائے آپ ﷺ اس وقت غمزدہ تھے سبب پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا حسنؓ و حسینؓ کو نظر لگ گئی ہے۔ فرمایا یہ سچائی کے قابل چیز نظر واقعی لگتی ہے۔ آپ نے یہ کلمات پڑھ کر انہیں پناہ میں کیوں نہ دیا؟ حضور ﷺ نے پوچھا وہ کلمات کیا ہیں؟ فرمایا:

اَللّٰھُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ وَالْمَنِّ الْقَدِیْمِ ذَا الْوَجْہِ الْکَرِیْمِ وَلِیَّ الْکَلِمَاتِ التَّآمَّاتِ وَالدَّعَوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْیُنِ الْاِنْسِ.

حضور ﷺ نے یہ دعا پڑھی تو اسی وقت دونوں بچے اٹھ کھڑے ہوئے اور آپ ﷺ کے سامنے کھیلنے کودنے لگے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا لوگو! اپنی جانوں کو اپنی بیویوں کو اور اپنی اولاد کو اسی پناہ (دعائے جبرائیل) کے ساتھ پناہ دیا کرو اس جیسی اور کوئی پناہ کی دعا نہیں۔ (تفسیر ابن کثیر ج ۵، ص ۴۱۶)

فائدہ: اول آخر درود شریف پڑھ کر مذکورہ بالا دعا تین مرتبہ پڑھیں اور مریض پر دم کریں عمل ایک مجلس میں تین بار کریں۔ دعا کے اندر جہاں حضرت حسنؓ و حسینؓ کا نام ہے ان کی جگہ پر موجودہ مریض کا نام لیں۔ مثلاً عافِ الطافِ من انفس الجن واعین الانس

خیر و برکت کیلئے

جمعرات کے دن باوضو اس آیت کو لکھ کر مکان یا دکان کے دروازے پر لٹکانے سے خیر و برکت ہو۔

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ ۚ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۝ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝ 3:73.74

جو شخص جمعہ کے دن بعد عصر آیت الکرسی ۳۱۳ بار پڑھے تو ایسی خیر و برکت ہو کہ جس کا وہم و گمان بھی نہ ہو۔

کاروبار کی ترقی کا عمل

فجر کی نماز کے بعد سورۃ النصر (اذا جاء نصر اللہ) ۴۱ مرتبہ ۴۱ دن پڑھیں بہترین کاروبار چلے گا۔

برائے مکان اور ترقی رزق

اگر کسی کا ذاتی مکان نہ ہو اس کیلئے یہ عمل نہایت مجرب ہے کہ بعد از نماز عشاء مع اوّل آخر ۱۱ بار درود شریف یہ آیت ۱۵۰ بار پڑھے۔(سورۃ الاعراف، آیت ۱۰)

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ○

کشائش رزق کیلئے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

جو شخص بعد نماز جمعہ پاک وصاف ہو کر پینتیس مرتبہ یہ لکھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ اسے غیب سے رزق عطا فرمائے گا اور وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

جنتی تعویذ

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے یہ تعویذ بطور حضور ﷺ کے معجزہ کے نقل کیا ہے فرماتے ہیں جب حضرت آمنہؓ کے بطن مبارک میں آنحضرت ﷺ منتقل ہوئے تو حضرت آمنہؓ کو خواب میں کچھ فرشتے نظر آئے انہوں نے حضرت آمنہؓ کو عرض کیا آپ کو ساری کائنات میں سے افضل ترین ذات گرامی کا حمل ہے جب آپ ان کو جنیں تو ان کا نام محمد رکھنا اور سونے کے طباق میں ایک تعویذ رکھا ہوا پیش کیا کہ یہ ان کو ولادت کے بعد پہنادیں۔اس تعویذ کو امام بیہقی نے اور امام ابو نعیم اصفہانی نے اپنی اپنی دلائل النبوۃ میں اور ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں اور علامہ سیوطی نے الخصائص الکبریٰ میں ذکر کیا ہے۔ہم اس تحفہ خاص کو اپنے قارئین کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں ہم نے خود بھی اس کو بہت سے مقاصد میں استعمال کیا اور کرایا ہے تیر بہدف پایا ہے۔ایک شخص کو اولاد نرینہ کیلئے دیا تھا اور ہدایت کی تھی کہ عورت کو امید ہونے اور بچہ کے

اعضاء جسمانی بننے سے پہلے پہلے اس کو کمر میں اس طرح پہنائیں کہ تعویذ ناف پر رہے ان شاء اللہ بیٹا پیدا ہو گا۔ چنانچہ اس نے ایک دن آکر بیٹے کی ولادت کی خبر سنائی۔ یہ تعویذ میرے حضرت مفتی جمیل احمد صاحب تھانویؒ کے معمولات میں سے تھا آپ اس کو ہر مقصد میں استعمال کراتے تھے اور اس مقصد کے مطابق طریقہ استعمال تجویز کرتے تھے۔ تعویذ یہ ہے۔

اعیذہ بالواحد من شر کل حاسد و کل خلق رائد من قائم و قاعد عن السبیل عائد علی الفساد جاھد من نافث او عاقد و کل خلق مارد یا خذ بالمراصد فی طرق الموارد انہا ھم عنہ باللہ الاعلیٰ و احوطہ منھم بالید العلیا و الکف الذی لا یری ید اللہ فوق ایدیھم و حجاب اللہ دون عادیھم لا یطردوہ و لا یضروہ فی مقعد و لا منام و لا مسیر و لا مقام اول اللیالی و آخر الایام۔

فائدہ:

یہ تعویذ جنات، جادو اور شرِ دشمناں کو دور کرنے کیلئے بھی خاص چیز ہے۔

شب قدر کے برابر ثواب

قرآن کریم کی رو سے شب قدر میں عبادت کرنے کا ثواب ایک ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے اور ایک ہزار مہینوں میں تیس ہزار راتیں ہوتی ہیں اور سالوں کی تعداد تراسی سال چار ماہ بنتی ہے جو محض حق تعالیٰ کا انعام ہی انعام ہے اور چونکہ ان کی رحمت کی کوئی انتہا نہیں ہے اس لئے اگر وہ کسی اور عمل پر بھی شب قدر کا ثواب دے دیں تو ان کے خزانۂ رحمت میں کچھ کمی نہیں آتی ۔ چنانچہ درج کلمات تین مرتبہ کہنے سے شب قدر کے برابر ثواب ملتا ہے۔ آپ بھی یاد کرلیں اور یہ ثواب حاصل کریں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط (کنز العمال، ص۲۲۶، جلد ۲)

چار کلمے بہت بڑھے ہوئے ہیں

حضور اکرم ﷺ ایک دن نماز فجر کیلئے تشریف لے گئے تو ام المومنین حضرت جویریہؓ مصلے پر بیٹھی تھیں آپ ﷺ نماز فجر کے بعد چاشت کے وقت تشریف لائے تو آپؓ وہیں بیٹھی تھیں پوچھنے پر بتایا کہ ہاں صبح سے یہیں بیٹھی ہوں، آپ ﷺ نے خوش ہوکر ایک وظیفہ بتایا کہ میں نے پاس سے جانے کے بعد یہ چار کلمات کہے ہیں اگر تیرے سارے وقت کے وظیفے سے تولے جائیں تو یہ بڑھ جائیں وہ یہ ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ ط (مُسلِم)

ذاتی مکان اور وسعت رزق کیلئے

اگر آپ کے پاس رہنے کی جگہ یا مکان نہ ہو یا روزی کا ذریعہ نہ ہو یا رزق سے تنگی ہو یا مسافرت ہو اور سامان آپ کے پاس کوئی نہ ہوتو مذکورہ آیت کو ۱۵۱ بار روزانہ پڑھ لو جب تک کامیابی نہ ہو۔ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ○ 07:10

اولاد نرینہ اور حفاظت حمل کیلئے

وَيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ○ 71:12

اگر آپ کے یہاں اولاد نرینہ نہیں ہے تو حمل ٹھہرتے ہی نو مہینے تک ۱۱ بار روزانہ پڑھیے۔رزق کی تنگی کو دور کرنے کیلئے بھی اس دعا کو روزانہ سات مرتبہ پڑھیے۔

مرگی کا علاج

جب مریض کو مرگی کا دورہ پڑا ہو، اس وقت اس کے کان میں:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ الٓمّٓصٓ۔ طٰسٓمّٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ یٰسٓ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنَ۔

پڑھ کر پھونک دیں۔ ان شاء اللہ ہوش میں بھی آئے گا اور آئندہ دورے سے بھی محفوظ ہو جائے گا۔

پریشانیوں کا حل

جس شخص کو پریشانیوں نے آگھیرا ہو اور دوستوں نے بے وفائی کی ہو اور تنگی و غربت اور ڈپریشن کا شکار ہو یہ دعا ۱۱۱ بار صبح و شام پڑھے ہر قسم کی تنگی اور غربت اور پریشانیاں بھی ختم ہوں گی اور ان شاء اللہ خاتمہ بالایمان ہو گا۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ تُبۡ عَلَیۡنَا قَبۡلَ الۡمَوۡتِ وَھَوِّنۡ عَلَیۡنَا شِدَّةَ الۡمَوۡتِ وَارۡحَمۡنَا عِنۡدَ الۡمَوۡتِ وَلَا تُعَذِّبۡنَا بَعۡدَ الۡمَوۡتِ یَا خَالِقَ الۡحَیٰوةِ وَالۡمَوۡتِ تَوَفَّنَا مُسۡلِمِیۡنَ وَاَلۡحِقۡنَا بِالصّٰلِحِیۡنَ۔

اگر لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو تو وہ "یَاوَارِثُ" ۷۰۷ بار ۴۱ دن صبح و شام پڑھ کر دعا کرے ان شاء اللہ سبب بنے گا۔

اگر لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو تو ۱۱۰۰ بار "یَافَتَّاحُ" ۴۱ دن پڑھ کر دعا کرے۔

ہر قسم کی کاروباری بندش کا حل

سات دن بعد از نماز فجر کاروباری جگہ کے باہر کھڑے ہو کر سات بار سورۃ الفلق اور سات بار سورۃ الناس پڑھ کر بند دروازے پر پھونک ماردیں۔ اور

پھر وہاں سے کسی کنواں و تالاب یا دریا کے کنارے بیٹھ کر ۴۱ بار سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھیں اور پھر پانی میں دیکھتے ہوئے اپنے سر کو دونوں ہاتھوں سے جھاڑیں تاکہ سب اثرات پانی میں گرجائیں۔اس عمل سے سخت ترین بندش بھی ختم ہوجاتی ہے۔

خارش سے نجات کا مجرب عمل

امام جعفر صادق رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ اگر کسی انسان کو خارش کی بیماری ہو اور بے سکونی کی کیفیت ہو جسم پر نشانات پیدا ہوجائیں تو اس کو چاہیے کہ سورۃ القدر سترہ مرتبہ پانی پر دم کر کے سات دن تک پئیں اور سرسوں کے تیل پر دم کر کے مالش کرے۔

جوڑوں کے درد کا مجرب علاج

جوڑوں کا درد آج کل عام بیماری ہے، بوڑھوں کے ساتھ ساتھ جوان بھی اس مرض میں مبتلہ ہیں اس بیماری کا مجرب علاج یہ ہے کہ مریض خود یا وہ انسان جو مریض سے دلی محبت رکھتا ہے وہ مریض کے گھٹنے پر ہاتھ رکھ کر دس مرتبہ سورۃالفاتحہ اور سورۃ الکافرون دم کریں اور پھونک کر ہاتھ اٹھالیں پھر دوسری مرتبہ ہاتھ رکھ کر دس دس بار سورۃالفاتحہ اورسورۃالکافرون دم کریں اور ہاتھ اُٹھالیں پھر تیسری بار اس طرح سورۃالفاتحہ اور سورۃالکافرون دس دس بار دم کریں اور ہاتھ اُٹھالیں یہ عمل چالیس یوم تک کریں ان شاءاللہ کامل شفا ہوگی۔

رزق میں برکت اور
حاجات کے لئے
اعمال

عمل سورۃ المزمل شریف

پہلا طریقہ: فجر کی نماز کے بعد سورۃ المزمل ایک دفعہ پڑھنے کا وردرکھے اور ان چار آیتوں کو تین تین دفعہ پڑھا کرے۔

اول: رَّبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ۝ 73:09

دوئم: وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ۔ 73:20

سوم: يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ۔ 73:20

چہارم: وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ۔ 73:20

جب یہ عمل تمام ہو جو حاجت چاہے بر آئے۔

دوسرا طریقہ: جس وقت اس سورۃ مبارکہ کو کسی مہم اور کسی حاجت کیلئے پڑھے تو اس ترکیب سے پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے رَبُّ الْمَشْرِقِ سے وَكِيلًا تک پڑھ کر حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ سو مرتبہ اور جب وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ پر پہنچے تو اسی پورے جملہ کی سو بار تکرار کرے اس ترکیب سے ۳بار اس سورہ مبارکہ کو پڑھے اس کے بعد يَا مُغْنِيُّ يَا مُعْطِيْ کو گیارہ سو بار پڑھے اول و آخر یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

گیارہ گیارہ بار اس درود شریف کو پڑھنا چاہیے۔جب پڑھ کر فارغ ہو جائے تو سجدہ میں جاکر اپنا مقصد اللہ تعالیٰ سے طلب کرے اور اگر کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا ہو تو سجدہ میں دعا کرتے وقت اس طرح دعا مانگے:

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهٗ اِلَيَّ (یعنی فلاں بن فلاں) مِنْ رَّحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ

تیسرا طریقہ: فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان میں ایک مرتبہ سورۃ المزمل

شریف پڑھے اور جب فرض ادا کر چکے تو دو بار اور پڑھے اسی طرح ہر نماز کے بعد دو مرتبہ پڑھا کرے۔اس طرح اس کی تعداد کل گیارہ بار ہوگی۔اول آخر درود شریف تین تین بار یا پانچ پانچ بار یا گیارہ گیارہ بار پڑھے۔اس کا ورد ہمیشہ رکھے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانی دور ہوگی اور رزق میں ترقی ہوگی۔

حب کیلئے اس سورۃ مبارکہ کو ۴۱ بار پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کرکے کھلائے یا کسی اور چیز پر پڑھ کر دم کرکے پلائے ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

برائے ادائیگی قرض

۱۔ عشاء کی نماز سے فارغ ہوکر جب سونے کا ارادہ کرے تب باوضو چت لیٹ کر اپنے بستر پر آیت الکرسی ۱۷۰ بار اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ قرض ادا ہوجائے گا۔

۴۰ روز اس کو پڑھے

۲۔ عشاء کی نماز پڑھ کر اسی جگہ پر سورۃ النصر (اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰہِ) کو ۴۱ بار ۴۱ روز تک برابر پڑھیں۔ان شاء اللہ تعالیٰ قرض سے سبکدوش ہوجائیں گے۔مجرب و اکسیر ہے۔اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔

روزی میں برکت کیلئے نبوی نسخہ

جو آدمی گھر میں داخل ہو کر سلام کرے چاہے گھر میں کوئی ہو یا نہ ہو پھر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایک مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھے تو روزی میں برکت پائے۔(الحصن الحصین)

اَلْمُعْطِیْ هُوَاللہ کا سریع الاثر عمل

جو شخص چاہے کہ روزی کی تنگی دور ہو اور رزق خوب فراخی سے نصیب ہو اسے چاہیے کہ پابندی کے ساتھ جمعہ کی نماز فرض کے بعد بحالت تشہد قبلہ رخ بیٹھے بیٹھے ستّر بار توجہ کے ساتھ پڑھے اَلْمُعْطِیْ هُوَاللہ اول وآخر سات بار درود شریف۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ والا مسنون و مجرب عمل

جو شخص جمعہ کے دن ستّر بار یہ دعا پڑھے عجیب تاثیر دیکھے دو جمعے نہ گزرنے پائیں گے کہ قرضے کی ادائیگی اور روزی میں برکت کے اثرات ظاہر ہوں گے۔اول وآخر سات سات بار درد شریف بھی پڑھیں۔

ایک اکسیر عمل

روزانہ پانچ سو بار سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھیں روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔روایات سے ثابت ہے کہ اس کلمہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ ساری مخلوق کو روزی عطا فرماتے ہیں۔

سورۃ الفلق کا لاجواب عمل

جو شخص کثرت سے سورۃ الفلق پڑھے گا اس پر روزی ان شاء اللہ بارش کے قطروں کی طرح برسے گی۔یقین اور توجہ شرط ہے۔

یا غنی یا مغنی کا مجرب عمل

فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان گیارہ سو مرتبہ یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیْ پڑھیں روزی کا مسئلہ ان شاء اللہ حل ہوجائے گا۔اوّل آخر طاق عدد میں درود شریف

روزی کا اصل الاصل عمل

مغرب کی نماز کے بعد سورۃ الواقعہ کا معمول بنائیں اور روزی کے معاملے میں قدرت الٰہی کا مشاہدہ دیکھیں۔

ختم خواجگان برائے حل مشکلات

پہلے تین دفعہ درودِ ابراھیمی پڑھیں پھر ایک مرتبہ سورۃ الفاتحہ پھر تین بار سورۃ الاخلاص پڑھیں یہ دعا تین بار پڑھیں

یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ یَا حَلَّ الْمُشْکَلَاتِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔

اس کے بعد ۳۶۰ مرتبہ پڑھیں

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا مَلْجَا وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہ۔

پھر سورۃ الم نشرح ۳۶۰ مرتبہ پڑھیں پھر ۳ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کرلیں مشکل سے مشکل حاجت بھی ان شاء اللہ حل ہوگی۔

روزی میں برکت کا ایک فطری عمل

کھانے پینے کی اشیاء اور روزی کی دیگر چیزوں کو ضائع نہ کریں۔ دسترخوان پر بچے ہوئے ٹکڑے کھالیں اور پلیٹ کو اچھی طرح صاف کریں اور جو رزق ملے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔ اس عمل کی برکت سے روزی کے دروازے بحمد اللہ کھل جاتے ہیں اور تنگی دور ہوجاتی ہے۔

برائے ترقی رزق

ا۔ جو شخص فجر یا عشاء کی نماز کے بعد یَالَطِیۡفُ کو ۱۹ابار پڑھے پھر ۱۱۹ بار یہ آیت کریمہ "اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُوالۡقُوَّۃِ الۡمَتِیۡنُ پڑھے اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ان شاء اللہ غیب سے رزق کے اسباب پیدا ہوجائیں گے۔

۲۔ جو شخص چاہے میری عمر زیادہ ہوجائے اور دشمنوں پر فتح پائے اور رزق میں ترقی ہواور مردہ سے عذاب دور ہوجائے پس صبح وشام یہ دعا تین بار پڑھے:

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیۡ لَا اُشۡرِكُ بِہٖ شَیۡئًا۔

۳۔ یہ عمل ترقی رزق کیلئے مجرب ہے۔فجر کی نماز کے بعد ۴۵بارروزانہ پڑھے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

۴۔ بعد نماز فجر ۱۰۰ابار اَللّٰہُ الصَّمَدُ اوّل و آخر درودشریف گیارہ گیارہ بار پڑھا کرے ان شاء اللہ تعالی رزق زیادہ ہو گا اور قرض بھی ادا ہوجائے گا۔

۵۔ سورۃ المزمل چالیس روز تک اس ترکیب کے ساتھ مقررہ وقت پر پڑھنا کشائش رزق کیلئے نہایت مفید ہے۔جگہ بھی متعین ہوتو بہتر ہے۔پہلے گیارہ بار درودشریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ بار یا مغنی اس کے بعد گیارہ بار سورۃ المزمل پڑھ کر کشائش رزق کیلئے دعا کرے پھر گیارہ باردرود شریف پڑھ کر ختم کردے۔اگر اس عمل کو اپنا معمول بنا لیا جائے تو غیب سے طرح طرح کی امداد ہو۔

۶۔ چاندی کی انگوٹھی پر یہ آیت کندہ کرا کے پہننا بہت مفید ہے۔ایسی جگہ سے رزق ملے کہ وہم و گمان بھی نہ ہو: حٰمٓ عٓسٓقٓ

۷۔ جب گھر میں داخل ہو تو سورۃالاخلاص پوری پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ اس کے رزق میں برکت ہوگی۔

۸۔ سورۃالانشراح اور سورۃالکافرون کی کثرت خیروبرکت اور کثرت رزق کیلئے نہایت مفید ہے۔

اولاد نرینہ کیلئے عمل

اولاد نرینہ کیلئے درج ذیل تعویز لکھ کر حاملہ کے ناف پر باندھیں ان شاء اللہ بیٹا ہو گا۔

یَا أَیُّهَا الَّذِینَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا
وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُونَ ○ 03:200

درج ذیل آیات حاملہ کے گلے میں ڈالیں ان شاء اللہ بیٹا ہو گا۔

فَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِیفَةً قَالُوا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوهُ بِغُلَامٍ عَلِیمٍ ○ فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ فِی صَرَّةٍ فَصَکَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوزٌ عَقِیمٌ ○ قَالُوا کَذَٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ إِنَّهُ هُوَ الْحَکِیمُ الْعَلِیمُ ○ 51:28-30

قرار حمل کیلئے

جس عورت کا حمل ضائع ہوجاتا ہو تو یہ آیات لکھ کر مریضہ کی ناف پر باندھیں حمل محفوظ رہے گا۔

فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِینَ ○ اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ أُنْثَىٰ وَمَا تَغِیضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ ○ یَا أَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّکُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیمٌ ○

لیکوریا کے لئے علاج

درج ذیل آیات روزانہ ۴۱ بار پانی پر دم کرکے پئیں اور گلے میں پہنیں مرض ختم ہو گا۔

وَقِیلَ یَا أَرْضُ ابْلَعِی مَاءَكِ وَیَا سَمَاءُ أَقْلِعِی وَغِیضَ الْمَاءُ وَقُضِیَ الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِیِّ وَقِیلَ بُعْدًا لِلْقَوْمِ الظَّالِمِینَ ○ 11:44 قُلْ أَرَأَیْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُکُمْ غَوْرًا فَمَنْ یَأْتِیکُمْ بِمَاءٍ مَعِینٍ ○ 67:30

کالکھ کر زیر ناف باندھنا اور پانی پر (اکتالیس بار) پڑھ کر پلانا نہایت مجرب ہے۔

استخارہ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے مَا خَابَ مَنِ اسْتَخَارَ وَمَا نَدِمَ مَنِ اسْتَشَارَ (جس نے استخارہ کیا وہ نقصان میں نہ ہوگا اور جس نے مشورہ کیا وہ پریشان نہ ہوگا)۔ کوئی بھی نیک اور مباح کام کرنے سے پہلے قابل مشورہ لوگوں سے مشورہ کرنا ضروری ہے اور ان کاموں سے پہلے استخارہ کرنا بھی سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے حضرت جابرؓ بن عبداللہ انصاری فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم استخارہ یوں سکھایا کرتے تھے جیسے قرآن سکھاتے تھے۔

عام طور پر لوگ استخارہ کیلئے عاملوں اور خطباء اور پیروں کی طرف رجوع کرتے ہیں ان کا گمان ہوتا ہے کہ ہم تو گنہگار ہیں یہ صحیح رہنمائی کریں گے مزید ظلم تو یہ ہوا کہ اکثر ٹی وی چینلز پر ٹیلی ویژن کے ذریعے استخارہ کرایا جاتا ہے اگر دوسروں سے استخارہ کرانا یا مقصد شخصیات سے استخارہ کرانا افضل ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم صحابہؓ کو استخارہ سکھانے کے بجائے فرماتے جسے استخارہ کرانا ہو تو مجھ سے رجوع کر لیا کرے یا صحابہ از راہِ عقیدت آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے استخارے کی استدعا فرماتے لیکن تاریخ اور حدیث میں کسی صحابیؓ کا بھی واقعہ ہمیں نہیں ملتا کہ اس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے استخارہ کرایا ہو نہ آپ کے بعد خلفاء راشدینؓ سے کسی صحابیؓ نے استخارہ کرایا ہو۔ اس لئے استخارہ ہمیشہ خود ہی کریں۔ ذیل میں مسنون استخارہ کے ساتھ ساتھ کچھ مجرب استخارہ بھی نقل کر رہے ہیں تاکہ لوگ خود ہی استخارہ کر کے اپنے معاملات میں مطمئن ہوں۔

نوافل کا استخارہ

شیخ حقیؒ نے خزینۃ الاسرار میں حضرت علیؓ سے روایت کیا ہے کہ تین سلاموں کے ساتھ چھ نفل پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ

الشمس ۷ بار، دوسری رکعت میں سورۃ اللیل سات بار، تیسری رکعت میں سورۃ الضحیٰ سات بار، چوتھی رکعت میں سورۃ الانشراح ۷ بار اور پانچویں رکعت میں سورۃ التین ۷ بار اور چھٹی رکعت میں سورۃ القدر ۷ بار پڑھیں پھر بعد میں ایک سو بار سبحان اللہِ وبحمدہٖ پڑھ کر یہ دعا کریں اور سوجائیں دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّرَبَّ اِبْرَاھِیْمَ وَ رَبَّ مُوْسٰی وَ رَبَّ اِسْحٰقَ وَ رَبَّ یَعْقُوْبَ وَرَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَرَبَّ مِیْکَائِیْلَ وَرَبَّ اِسْرَافِیْلَ وَرَبَّ عِزْرَائِیْلَ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ وَمُنْزِلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیَ اللَّیْلَۃَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ۔

ایمرجنسی استخارہ کا عمل

سورۃ الفاتحہ و سورۃ الاخلاص اور درود شریف اور تیسرا کلمہ گیارہ گیارہ بار پڑھیں پھر دورکعت نفل استخارہ کی نیت سے پڑھ کر پہلی رکعت میں اھدنا الصراط المستقیم پر پہنچیں تو اسے مسلسل پڑھیں کچھ دیر کے بعد ایک نادیدہ طاقت آپ کا چہرہ دائیں یا بائیں موڑ دے گی آپ سیدھا کھڑا ہو ہی نہ سکیں گے اگر دائیں مڑ جائیں تو ہاں اور بائیں مڑ جائیں تو نہ ہوگی۔

تین سورۃ استخارہ

امام یافعیؒ نے یہ استخارہ کا عمل بیان کیا ہے کہ سوتے وقت داہنی کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے یہ تین سورتیں سورۃ اللیل، سورۃ الضحیٰ اور سورۃ الانشراح سات سات بار تلاوت کر کے پھر یہ دعا (یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ) پڑھ کر سوجائیں ان شاء اللہ خواب میں ایک شخص آپ کو مطلع کرے گا۔

مختصر ترین عمل استخارہ

رات کو تازہ غسل کر کے صاف کپڑے پہنیں اور خوشبو لگا کر اول آخر ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر ۱۰۰ بار یہ وظیفہ پڑھ کر دعا کریں اور پھر سو جائیں ان شاء اللہ ضرور رہنمائی ہوگی۔ دعا یہ ہے۔ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَاکَاشِفَ الْغَرَائِبِ

سورۃ الاخلاص کا استخارہ

رات کو سونے سے پہلے ۴۵ بار سورۃ الاخلاص پڑھ کر بغیر بات کئے سوجائیں ان شاء اللہ رہنمائی ملے گی ۷ دن یہ عمل کریں۔

مسنون استخارہ

دو نفل استخارہ کی نیت سے پڑھیں پھر بعد میں یہ دعا پڑھیں ھٰذَاالْاَمْرَ پر پہنچ کر مقصد کا خیال کریں اور پھر قبلہ کی رخ سوجائیں:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ. اَللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ، فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ ارْضِنِيْ بِهٖ۔

مجرب ترین استخارہ

یہ استخارہ علماء دیوبند کا مجرب اور آزمودہ ہے سوتے وقت اول آخر سو بار دردِ ابراہیمی اور درمیان میں ۱۰۰۱ بار یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ پڑھ کر داہنی کروٹ قبلہ رخ سو جائیں اس عمل سے ان شاء اللہ بہت اہم رہنمائی ہوگی۔

تین دن کا یقینی استخارہ

یہ استخارہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو کرے وضو کر کے پہلے ۳۰۰ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اس کے بعد سورۃ الم نشرح ۷۰ بار پڑھ کر اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے پھر دعا کرے اور یہ درود شریف سو بار پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

اسمائے حسنیٰ کا استخارہ

درج ذیل پانچ اسماء الحسنیٰ کے ذریعے اللہ سے مدد حاصل کریں اور ان شاء اللہ بہترین رہنمائی ہو گی اول آخر ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر ۱۰۰ بار یہ کلمات پڑھ کر دعا کریں اور پھر سو جائیں۔

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ یَا ھَادِیْ اِھْدِنِیْ یَا مُبِیْنُ بَیِّنْ لِیْ

حضرت علیؓ کی دعا

حضرت علیؓ جب بارگاہِ الٰہی میں دعا فرماتے تو اس طرح دعا کرتے تھے:

یَا کٓھٰیٰعٓصٓ یَا حٰمٓ عٓسٓقٓ اِغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ

اور ارشاد فرماتے کہ جو شخص اس اسم کے ساتھ دعا کرے گا ان شاء اللہ اس کی دعا مقبول ہو گی اور اس کے مقاصد پورے ہوں گے (شمس المعارف)

پریشانی کے وقت سرورِ کائنات ﷺ کا وظیفہ

مفسرین نے لکھا ہے کہ جب آنحضرت ﷺ پر یہ آیت نازل ہوئی۔

حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ کَذٰلِکَ یُوْحِیْٓ اِلَیْکَ وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکَ اللّٰہُ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۝ 42:1-3

تو حضور ﷺ نے ہر سختی و شدت کے وقت اس کو اپنا وظیفہ بنالیا۔

خبریں اخبار کے ڈپٹی ایڈیٹر محبوب بٹ صاحب اور سینئر صحافی محمد عاصم جیلانی صاحب نے حافظ اقبال قریشی صاحب سے خصوصی طور پر انٹرویو لیا جو خبریں کے سنڈے میگزین میں بھی چھپ چکا ہے۔ نذر قارئین ہے۔

اسلام امن کا مذہب ہے اور امن اور انسانیت کی بھلائی کا درس دیتا ہے۔ دین اسلام سے دوری کی وجہ سے آج پوری دنیا میں مسلمان ذلیل و خوار ہو رہے ہیں۔ جب تک مسلمان اللہ کی رسی کو مضبوطی سے نہیں تھامیں گے تب تک مسلمان زوال کا شکار رہیں گے۔ سچے دل سے توبہ، نماز کی پابندی اور شریعت محمدی ﷺ پر کامل ایمان سے ہی مسلمان اقوام عالم میں سرخرو ہو سکتے ہیں۔ پورے ملک میں جعلی عامل سادہ لوح لوگوں کو جادو ٹونے، غیر اسلامی اور غیر شرعی طریقوں سے لوٹنے میں مصروف عمل ہیں۔ یہ ناسور اسلامی معاشرے میں تیزی سے پھیل رہا ہے جس کا حل صرف قرآنی آیات اور مسنون دعاؤں میں ہے۔ قرآنی آیات جسمانی بیماریوں، جادو اور جنات کے اثر کو ختم کر سکتی ہیں۔جادو برحق ہے اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا تاہم اس کا علاج موجود ہے۔ معروف روحانی معالج مولانا حافظ اقبال قریشی کو اللہ تعالیٰ نے کم عمری میں بہت سی نادر صلاحیتوں سے نوازا ہے، جو قرآنی آیات اور مسنون دعاؤں سے جسمانی بیماریوں، جادو اور جنات کے اثرات کو زائل کرنے میں کمال رکھتے ہیں۔ علماء کرام کی صحبت اور والدین کی دعاؤں نے ان کے عملیات کو پر تاثیر بنایا ہے جس کی وجہ سے ملک کے علاوہ بیرون ممالک کی ایک کثیر تعداد روحانی مسائل کے حل کیلئے ان سے رجوع کرتے ہیں۔ دنیا کی عظیم ہستیاں جن میں مہتمم دار العلوم دیوبند (بھارت) حضرت مولانا ابوالقاسم نعمانی دامت برکاتہم و ناظم مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور، حضرت مولانا شاہد الحسنی دامت برکاتہم(نواسہ شیخ الحدیث مولانا زکریا نور اللہ مرقدہ)، بیت اللہ شریف کے کنجی بردار حضرت عبدالرحمان الشیبی اور خانہ کعبہ کے مدرس شیخ حرم مولانا محمد مکی حجازی اور پاکستان کے معروف علماء کرام نے ان کے وظائف اور عملیات کی تقریظ اور ان کی سرپرستی فرمائی ہے۔نیز مولانا حافظ اقبال قریشی نے مولانا نذر الرحمٰن صاحب(مقیم رائیونڈ تبلیغی مرکز)، مفتی تقی عثمانی صاحب (مفتیٔ اعظم پاکستان)، مفتی حسن صاحب (جامعہ مدنیہ لاہور) سے اجازت، پیر بلال چشتی صاحب (گدی

نشین اجمیر شریف انڈیا) سے خلافت اور مولانا یونس پالن پوری(مؤلف بکھرے موتی)سے خلافت و اجازت حاصل کی۔ مولانا حافظ اقبال قریشی کو عملیات میں خاص مہارت حاصل ہے۔جنات کے اثرات زائل کرنے اور جادو، نظر بد اور ہر قسم کی بندش کو صرف قرآن و سنت کے علم کے مطابق ختم کرتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ جعلی عاملوں کے ستائے ہوئے مجبور لوگ ان کے آستانے سے شفایاب ہونے کے بعد دل سے دعائیں دیتے ہیں۔ جادو اور جنات کی حقیقت، اس کے علاج کے متعلق جاننے کے لیے ”روزنامہ خبریں“ نے فاضل وفاق المدارس العربیہ، خطیب جامع مسجد الشیبی مور گاہ، الشیبی ٹرسٹ کے بانی و معروف روحانی معالج مولانا حافظ اقبال قریشی کے ساتھ خصوصی نشست کا اہتمام کیا ہے جو قارئین کی نذر ہے۔

س: جادو، جنات کے اثرات کو زائل کرنے اور جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج کرنے کا علم کہاں سے سیکھا؟ اور جنات کے اثر سے بچنے کا آسان طریقہ کیا ہے؟

ج: حفظ قرآن اور عالم کورس کرنے کے بعد درس و تدریس کے سلسلہ کے ساتھ ساتھ اپنا کاروبار شروع کیا۔ میرے والد محترم کی خواہش تھی کہ میں عامل کا علم سیکھوں چنانچہ والد محترم کے اصرار پر میں نے مدرسہ نصرت العلوم گوجرانوالہ کے حضرت پیر مفتی عزیز الرحمان جو بعد میں جامعہ محمدیہ اسلام آباد میں حدیث کے معلم متعین ہوئے ان سے عمل سیکھنا شروع کیا انہوں نے مجھے پانچ چلے اور سورۃ المزمل کا چلہ کروایا اور اجازت بھی عطا فرمائی۔ اس کے علاوہ جاگام کے پہاڑوں میں مصروف عبادت ۱۳۲ سالہ عامل اور عالم حضرت مولانا شاہ محمود المعروف صندل بابا سے اجازت کا شرف حاصل ہوا انہوں نے مجھے حدیث کی سند عطا فرمائی۔ رومیٔ وقت حضرت چلاسی بابا مدظلہ اور رائیونڈ تبلیغی مرکز کے بزرگ حضرت مولانا نذرالرحمان مدظلہ نے بھی اعمالِ قرآنی کی اجازت عطا فرمائی ہے۔ جنات سے بچنے کیلئے صبح و شام کی دعائیں روزانہ پڑھیں، آیت الکرسی، سورۃ الفاتحہ اور چاروں قل سات بار روزانہ دم کر کے پئیں تو جنات کے شر سے بچ جائیں گے۔

س: عملیات کے علم کیلئے اجازت کی کیا اہمیت ہے؟

ج: کسی بھی کام کے سیکھنے کیلئے استاد کی ضرورت ہوتی ہے۔از خود چلہ کرنا خطرناک ہوسکتا ہے، روحانی سلسلہ میں بیعت ہونے کے بعد دوسرے لوگوں کی رہنمائی

کیلئے مرشد سے اجازت ملتی ہے۔اگر مرشد اجازت دے تو وہ مجاز اور خلیفہ کہلاتا ہے ورنہ نہیں۔یہی طریقہ کار عملیات کے میدان میں بھی رائج ہے۔ استاد کی اجازت کے بغیر کوئی ایک قدم نہیں اٹھا سکتالیکن آج کل کے نام نہاد عاملین سمجھتے ہیں کہ اب اس چیز کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ خود اپنے استاد بن جاتے ہیں۔ عملیات کی اصل بنیاد قرآن پاک اور احادیث کی دعائیں ہیں اور وہ موقوف استاد کی اجازت پر ہے۔

س: آپ کے پاس کون کون سے عمل کی اجازت ہے؟

ج: میرے اساتذہ اور عاملین نے ہر قسم کے جنات کے اثرات زائل کرنے کا حل اور جادو کا توڑ و نظر بد و شادی و کاروبار وغیرہ کی بندش کا توڑ، ہیپاٹائٹس، کینسر اور بے اولادی ختم کرنے کے اعمال کی بھی اجازت دی ہے۔

س: ملک بھر میں جعلی عامل سادہ لوح لوگوں کو لوٹ رہے ہیں جو جادو کے ذریعے عملیات کرتے ہیں، جادو کرنے اور کرانے والوں کے بارے میں قرآن پاک اور اسلام کیا کہتا ہے؟

ج: جادو کرنے اور کرانے والا دونوں دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتے ہیں ۔ اگر کسی پر جادو یا جنات کا اثر ہو جائے تو صرف قرآنی آیات اور مسنون دعاؤں سے ہی دور کروانا چاہیے۔ اس بارے میں اکابرین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، ابن تیمیہؒ، حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اور امام غزالیؒ کی کتب بھی موجود ہیں۔

س: بعض اوقات خواتین گھریلو (مریض)پریشانیوں اور الجھنوں کے حل کیلئے گھر سے باہر نہیں نکل سکتیں۔ایسی صورت میں آیا مریض کا سامنے ہونا ضروری ہے؟ اور کیا آپ نے وظائف کیلئے کوئی کتاب لکھی ہے جس سے لوگ مستفید ہو سکیں؟

ج: جناتی و دیگر اثرات ختم کرنے کیلئے مریض کا سامنے ہونا زیادہ بہتر ہے لیکن ضروری نہیں ہے۔ میرے بہت سے مریض بیرون ممالک سے تعلق رکھتے ہیں۔ میں ان کا علاج سامنے آئے بغیر ان کے نام، والدہ کا نام اور مکمل پتہ لے کر مرض کے بارے میں مکمل بتا دیتا ہوں اور پھر کوئی بھی اثر ہو اس کو ختم کر دیتا ہوں۔ مجھے

دکھی انسانیت کا روحانی علاج کر کے دلی سکون ملتا ہے۔ گھریلوں پریشانیوں، الجھنوں اور بیماریوں کیلئے مجربات کا نادر ذخیرہ "وظائف الصالحین" نامی کتاب لکھی جسے ملکی و بین الاقوامی سطح پر پذیرائی ملی اور بھارت، نیو دہلی میں آئی ایس بی کمپنی کو صدقہ جاریہ کے طور پر فری حقوق دیئے گئے جہاں اس کتاب کا اردو، عربی اور انگریزی زبانوں میں ترجمہ کیا جا رہا ہے۔

س: آیا یہ بات درست ہے کہ بیت اللہ کے کلید (چابی) بردار الشیخ عبد الرحمان الشیبی کے خاندان پر جنات کا اثر ہو گیا تھا جو آپ نے زائل کیا؟

ج: جی ہاں بیت اللہ کے کلید (چابی) بردار الشیخ عبدالرحمان الشیبی کے خاندان پر جنات کا اثر ہو گیا تھا جن کا روحانی علاج کرنے کیلئے سوڈان، مصر سمیت کئی ممالک کے عاملوں کو بلایا گیا لیکن کسی سے ان جنات کا اثر زائل نہ ہو سکا پھر مجھے پاکستان سے بلوایا گیا جہاں میں نے قرآن و سنت کے مطابق عملیات کیے جس کی بدولت جنات کا اثر زائل کرنے کے بعد شیخ عبدالرحمان الشیبی میری دعوت پر پاکستان تشریف لائے اور جامع مسجد الشیبی اور الشیبی ٹرسٹ کا افتتاح کیا اور اب اللہ کے فضل سے الشیبی ٹرسٹ سے نادار لوگوں کی مدد کی جاتی ہے۔

جنات کے علاج کیلئے غیر شرعی طریقے استعمال کرنا اور بدعتی اور غلط عقائد والے لوگوں سے رجوع کرنا اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سبب بنتا ہے۔ آج کل ہر گلی کوچے میں جعلی عامل بیٹھے ہوئے ہیں اور بعض اوقات یہ لوگ جہالت کی وجہ سے خدائی کا دعوی کر بیٹھتے ہیں اور لوگوں کو بے وقوف بناتے ہیں کہ مریض پر بیک وقت کئی جنات کا اثر ہے حالانکہ جن صرف ایک ہی ہوتا ہے اور اگر وہ بھی ان جاہل عاملوں کے سامنے آجائے تو ان کے ہوش اڑ جائیں۔ لہذا پریشانی اور دکھ تکلیف میں صرف قرآن و سنت کی دامن ہرگز نہ چھوڑیں۔

س: کیا جادو کے ذریعے رشتوں کی بندش ہو سکتی ہے؟

ج: جی ہاں جادو کے ذریعے رشتوں کی بندش کے علاوہ کاروبار اور مردانگی کی بندش بھی ہو سکتی ہے۔ اس بندش کے خاتمہ کیلئے سورۃ مریم روزانہ پڑھنا مجرب عمل ہے۔

س: اولاد دینا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ کیا اولاد کی بھی بندش کی جا سکتی ہے؟
ج: یہ بات درست ہے کہ اولاد دینا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے لیکن جادو وغیرہ سے اولاد کی بندش کی جا سکتی ہے۔ بعض اوقات میاں بیوی بغیر کسی طبعی مرض کے اولاد کی نعمت سے محروم ہوتے ہیں۔ اصل میں ان پر جادو یا جناتی اثرات ہوتے ہیں۔ جب ان اثرات کو ختم کر دیا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ان کو اولاد کی نعمت عطا کر دیتے ہیں۔ بے شمار گھرانوں کو اللہ تعالیٰ نے ہمارے مجربات سے اولاد کی نعمت سے نوازا ہے۔ اس کیلئے ۴۱ دن کا تعویذ پینے کا عمل ہوتا ہے۔
س: لا علاج بیماریوں کا علاج کس طرح کیا جاتا ہے؟
ج: جی میں لا علاج بیماریوں کا علاج بارش کے پانی سے کرتا ہوں۔ اس پر ۷۰ مرتبہ سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی، چہار قل دم کر کے مریضوں کو گیارہ دن تک پلایا اور نہلایا جاتا ہے اور مریض کے سرہانے سورۃ الانعام کی گیارہ دن تک تلاوت کی جاتی ہے۔ اس طرح کینسر، ہیپاٹائٹس اور دوسری بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں۔
س: انسان کو ہر حال میں اللہ تعالیٰ پر یقین رکھنا چاہیے۔ کیا تعویذ و عملیات کروانے سے انسان کا عقیدہ خراب نہیں ہوتا؟
ج: ہر حال میں اللہ تعالیٰ کو پکارنا چاہیے لیکن یہ خیال تاثر غلط ہے کہ تعویذ و عملیات کرانے سے لوگوں کا عقیدہ خراب ہو جاتا ہے۔ ہماری پریشانی کی اصل وجہ اللہ سے دوری ہے اور اگر تعویذ و عملیات قرآنی آیات اور مسنون دعاؤں سے ماخوذ ہوں تو ان کے برحق ہونے کی دلیل حدیث سے بھی ملتی ہے۔ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے مایہ ناز شاگرد شیخ الاسلام علامہ ابن القیم نے اپنی کتاب "زادالمعادفی ھدی خیرالعباد" میں ایک حدیث بیان فرمائی ہے کہ حضرت ابو خزامہؓ سے مروی ہے کہ میں نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ آپ کی رائے جھاڑ پھونک، دوا اور بیماری سے بچنے کی دوسری تدبیروں کے بارے میں کیا ہے؟ کیا ان سے خدا کی تقدیر ٹل سکتی ہے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا یہ بھی تو خدا کی تقدیر ہے۔ میں ہر مرض کو صرف قرآنی آیات دم کر کے پینے اور پڑھنے کو دیتا ہوں۔ اس کے علاوہ اللہ پر یقین رکھنے، نماز، فرائض و واجبات کی پابندی کی تلقین کرتا ہوں۔ اگر عملیات قرآن و سنت اور مسنون دعاؤں سے ماخوذ ہوں تو ان کے برحق ہونے کی دلیل احادیث سے بھی ملتی ہے۔

س:روحانی علاج کروانے کیلئے کسی خاص مسلک کے، عقیدے سے تعلق رکھنے والے لوگ آپ سے رابطہ کرتے ہیں یا ہر کوئی آپ سے روحانی علاج کروانے کیلئے رابطہ کرتا ہے؟

ج: روحانی علاج کروانے کیلئے میرے پاس ہر مسلک، عقیدے اور مذہب کے لوگ آتے ہیں اور کئی ایسے مریض بھی ہیں جو بیرون ممالک سے علاج کیلئے آتے ہیں۔ جڑواں شہروں میں کئی ایسے سرکاری و پرائیویٹ ہسپتال ہیں جن کے سربراہان لاعلاج مریضوں کو میرے پاس بھجوادیتے ہیں جو اللہ کے فضل سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

س: آپ کے شاگرد اس علم میں کتنے ہیں؟

ج: الحمد للہ بے شمار علماء کرام اور عام مرد و عورتوں نے مجھ سے اس کتاب کی باقاعدہ اجازت حاصل کی ہے لیکن باضابطہ طور پر تقریباً ۸ لوگوں کو میں نے سکھانا شروع کیا ہے۔ ان شاء اللہ عنقریب الشیبی مسجد میں اس کی کلاس کا اہتمام کیا جائے گا۔

جو احباب اپنے روحانی شرعی مسائل (جادو، نظر بد و بندش اور جناتی اثرات) کیلئے پیر حافظ اقبال قریشی صاحب سے ملاقات کرنا چاہتے ہوں وہ درج ذیل مقامات پر طے شدہ اوقات میں رابطہ کر سکتے ہیں۔

1۔ جامع مسجد الشیبی، نیو روڈ، بالمقابل اٹک آئل ہسپتال، مور گاہ، راولپنڈی بروز جمعہ و اتوار
2۔ ہر ماہ کی پہلی تاریخ لاہور
3۔ ہر ماہ کی آخری تاریخ کراچی
اسکے علاوہ عرب اور یورپ کے ممالک میں بھی ملاقاتوں کا اہتمام ہوتا ہے۔ Website: www.alshaibitrust.org Cell: 0300-5802404 Website: www.alshaibitrust.com

جائز تعویذ اور ناجائز تمیمہ

شیخ العالمین پیر حافظ اقبال قریشی حفظہ اللہ

امام بخاریؒ کے شیخ الحدیث امام ابو بکر بن ابی شیبہؒ کی کتاب "المصنف" کی کتاب "الطب" کے باب: جس نے اجازت دی تعویذ لٹکانے کی احادیث ملاحظہ ہوں:

حضرت مجاہدؒ بچوں کے لئے تعویذ لکھتے تھے پھر وہ ان پر اسے لٹکاتے تھے۔

۲۳۸۹۳- ..... حضرت جعفرؒ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ تعویذاتِ قرآنیہ کو چمڑے میں ڈال کر گلے وغیرہ میں لٹکانے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

۲۳۸۹۴- .... حضرت عمرو بن شعیبؒ اپنے والد سے اور وہ ان کے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی نیند میں ڈر جائے تو یہ دعا پڑھے:

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ

(یعنی۔ میں اللہ کے غضب، عتاب، اسکے بندوں کے فساد، شیطانی وساوس اور ان (شیطانوں) کے ہمارے پاس آنے سے اللہ کے پورے کلمات کی پناہ مانگتا ہوں) اگر وہ یہ دعا پڑھے گا تو وہ خواب اسے ضرر نہیں پہنچا سکے گا۔ عبد اللہؓ بن عمرو(بن العاص) یہ دعا اپنے بالغ بچوں کو سکھایا کرتے تھے اور نابالغ بچوں کے لیے لکھ کر ان کے گلے میں ڈال دیا کرتے تھے۔[جامع الترمذي » كِتَاب الدَّعَوَاتِ» بَاب مَا جَاءَ فِي عَقْدِ التَّسْبِيحِ بِالْيَدِ۔۔۔ رقم الحدیث: 3475 (3528)

سنن أبي داود » كِتَاب الطِّبِّ » بَاب كَيْفَ الرُّقَى۔ رقم الحدیث: 3397 (3893)]

۲۳۸۹۵- ..... حضرت ابن سیرینؒ تعویذاتِ قرآنیہ میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

۲۳۸۹۶- ..... حضرت ایوبؒ نے حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمرؒ کے بازو میں ایک دھاگہ دیکھا۔

۲۳۸۹۷- ..... حضرت عطاءؒ(تابعی ومفتی مکہ) نے فرمایا: نہیں ہے کوئی حرج کہ (گلے میں) لٹکایا جائے قرآن۔

۲۳۸۹۸- .....یونس بن حبابؒ سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت ابو جعفرؒ سے سوال کیا گیا تعویذات بچوں پر لٹکانے کے بارے میں؟ تو انہوں نے رخصت (اجازت) دی۔

تمائم و تعویذات میں فرق:

التميمة :وهي خرزات كانت العرب تعلقها على أولادهم ,يتقون بها العين في زعمهم (النهاية لابن الأثير: ج ١، ص ١٩٧)

"تمیمۃ : "یہ خرزات (پتھر، منکے اور کوڑیوں کی مالا) کو کہتے ہیں جنہیں (زمانہ جاہلیت میں) عرب لوگ (موثر بالذات سمجھ کر) بچوں کو اس کے ذریعہ سے نظر بد سے بچانے کے زعم (عقیدہ و نظریہ) سے پہناتے تھے".

یہی بات غیر مقلد اہل حدیث بھی لکھتے ہیں:

نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی زوجہ محترمہ حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہا) فرماتی ہیں کہ:

(لَيْسَتِ التَّمِيْمَةُ مَا تَعَلَّقَ بِهِ بَعْدَ الْبَلَاءِ إِنَّمَا التَّمِيْمَةُ مَا تَعَلَّقَ بِهِ قَبْلَ الْبَلَاءِ)،

"تمیمہ وہ نہیں جو بلاء (مرض) کے بعد لٹکایا جائے، تمیمہ تو وہ ہے جو بلاء سے پہلے لٹکایا جائے۔"

(المستدرک للحاکم :۲۱۷/۴, الترغیب: ج۵ ص۲۷؛ طحاوی: ۲/ ۳۶۰) (البیہقی: 9/351)

امام أحمد بن حنبل رحمہ اللہ سے جب کسی بلاء (بیماری وغیرہ) آنے کے بعد تعویذات لٹکانے کے بارے پوچھا گیا؟ تو انھوں نے فرمایا (أرجو أن لا يكون به بأس) میں یہ امید کرتا ہوں کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے، اور امام أحمد بن حنبل رحمہ اللہ بخار وغیرہ امراض میں تعویذ لکھتے تھے۔

جہاں تک ان احادیث کا تعلق ہے جس میں آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے تعویذ لٹکانے سے منع فرمایا ہے تو یہ اس صورت پر محمول ہیں۔

(۱) جب کہ اس میں غیر اللہ سے استمداد چاہی گئی ہو، جس میں شرکیہ و کفریہ کلمات لکھے ہوں۔

(۲) یا تعویذ کو مؤثر بالذات (ذاتی طور اثر رکھنے والا)، نافع (نفع دینے والا) اور ضار (نقصان دینے والا) سمجھا جائے جیسا کہ لوگ زمانۂ جاہلیت میں اعتقاد رکھتے تھے۔

(۳) یا وہ عجمی زبان میں لکھے ہوں تو ان کے معنی معلوم نہ ہوں۔

علمی شجرہ
یعنی تفسیر و حدیث کی سند
(ہمارے سلسلہ سند کے تین حصے ہیں)

حصہ اوّل:
ہم سے لے کر حضرت شاہ ولی اللہؒ تک ہے جو ہم نے نقشہ میں لکھ دیا ہے۔

حصہ دوم:
حضرت شاہ ولی اللہؒ سے لے کر اصحاب صحاح ستہ تک ہے۔ جس کو شاہ عبدالعزیزؒ نے اپنے رسالہ عجالۂ نافعہ میں ذکر کیا ہے۔ہم نے صرف شاہ ولی اللہؒ کی بخاری کی سند ذکر کردی ہے۔

حصہ سوم:
ائمہ صحاح ستہ والوں سے لے کر حضور ﷺ تک یہ حصہ ان کتابوں میں لکھا ہوا ہے۔ ہر روایت کے ساتھ پوری سند ذکر کر دیتے ہیں۔ ہم نے بطور نمونہ صرف حدیث نیت کی سند بیان کر دی ہے تا کہ سلسلۂ سند حضور ﷺ تک پہنچے۔

سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ
عمر بن الخطابؓ
علقمہ بن وقاص اللیثیؓ
محمد بن ابراہیم التمیمیؒ
یحییٰ بن سعید انصاریؒ
سفیان بن عیینہ مکیؒ
شیخ عبداللہ بن زبیر الحمیدیؒ
امیر المؤمنین فی الحدیث شیخ ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم البخاری
ابو عبداللہ محمد بن یوسف الفربری
ابو عبداللہ محمد بن احمد السرخسیؒ
شیخ ابو الحسن عبدالرحمٰن بن مظفر الطاؤسؒ
شیخ ابو الوقت عبدالاوّل بن عیسیٰ بن شعیب السجزی الھرویؒ
سراج الدین حسین بن مبارک زبیدیؒ
ابوالعیاض احمد بن ابی طالب الحجارؒ
ابراہیم بن احمد التنوخیؒ
شیخ الحافظ ابوالفضل شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانیؒ
شیخ احمد زکریا بن محمد ابو یحییٰ انصاریؒ
شیخ شمس الدین محمد بن احمد الرملیؒ

احمد بن عبدالقدوس ابوالمواہب الشناویؒ
شیخ احمد قشاشیؒ
شیخ ابراہیم کردی مدنیؒ
شیخ ابو طاہر محمد بن ابراہیم کردی مدنیؒ
شاہ ولی اللہؒ
شاہ عبد العزیزؒ
شاہ محمد اسحاقؒ
شاہ عبدالغنیؒ
فقیہہ العصر مولانا رشید احمد گنگوہی
حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم نانوتوی
حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن دیوبندی
شیخ العرب والعجم مولانا سید حسین احمد مدنی
حضرت مولانا انور شاہ کشمیری
حضرت مولانا ضیاء الحق نورپوری
حضرت مولانا خیر محمد جالندھری
حضرت مولانا زین العابدین مدظلہ
حضرت مولانا عبدالقیوم ہزاروی
حضرت مولانا حافظ اقبال قریشی صاحب

حضرت شیخ صندل بابا کی طرف سے حافظ اقبال کا شجرہ نسب برائے تصوف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شجرۂ مبارکہ عالیہ قادریہ غفوریہ محمودیہ

اللھم بجاہ سیدنا و مرشدنا حضرت الشیخ السید محمود صاحب دامت برکاتہم (صندل بابا)
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشیخ ولی احمد قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ نجم الدین قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت اخوند شاہ عبدالغفور قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت حافظ محمد قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ صدیق پشونزی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشیخ جنید پشاوری قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ احمد ملتانی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ عالم دہلوی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ منور قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت شاہ دولہ قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الغوث الاعظم السید محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ ابو سعید مخزومی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ ابو الحسن علی الھنکاری قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت خواجہ ابوالفرح الطرطوسی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت خواجہ عبدالواحد زید تمیمی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت خواجہ ابو بکر شبلی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشیخ جنید بغدادی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشیخ عبداللہ سری سقطی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت معروف کرخی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت داؤد الطائی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت حبیب عجمی قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت حسن البصری قدس اللہ سرہ
وبجاہ شیخ المشائخ حضرت سیدنا امیر المؤمنین علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ
وبجاہ حضرت سیدنا ومولانا سیدالمرسلین خاتم النبیین احمد المجتبیٰ محمد المصطفیٰ ﷺ

طهر قلبي عمن سواك ونوره بانوار معرفتك ووفقني لما تحبه وترضاه واجعلني من عبادك الصالحين۔(آمین)

بیعت کی شرعی حقیقت

امام ربانی مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں

الطریقۃ والمعرفۃ کلاھما وزیران للشریعۃ

طریقت و معرفت دونوں شریعت کے وزیر ہیں اور فرمایا۔

الطریقۃ خلاف الشریعۃ زندقۃ

جو طریقت شریعت کے خلاف ہے وہ بے دینی ہے۔

تصوف سے باطن کو درست کرے گا تو ظاہر بھی درست ہوجائے گا۔ اس لئے تصوف ظاہر اور باطن کی اصلاح کا ذریعہ ہے جو شخص طریقت کو شریعت اور شریعت کو طریقت سے الگ جانے وہ در حقیقت جاہل ہے حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں۔

التصوف ذکر مع اجتماع ووجد مع سماع و عمل مع اتباع

ترجمہ: تصوف تین چیزوں کا نام ہے(۱)اجتماع میں ذکر اللہ کو نہ چھوڑے(۲) اللہ تعالیٰ کا نام سنے تو وجد میں آجائے(۳) عمل میں اتباع سنت کا خیال رکھے۔

ان تینوں نعمتوں کو حاصل کرنے کے لیے مراقبات و ریاضات اور وظائف اور بیعت کرنا ایسے ہے جیسے جہاد کے لئے آلاتِ جدیدہ کا استعمال کرنا۔ جیسے حدیث و قرآن میں ٹینک و توپ کا ذکر نہیں لیکن یہ سب کوئی بدعت نہیں کہتا اسی طرح مراقبہ اور وظائف بھی قرب الٰہی کا ذریعہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے کہ کسی فن میں کمال بغیر استاد کے حاصل نہیں ہوتا۔جس طرح انسان ظاہری امور میں کسی کی شاگردی حاصل کر کے ان امور کو حاصل کرنے کے طریقے سیکھتا ہے اسی طرح باطنی امور میں کمال حاصل کرنے کے لئے مرشدِ کامل کی بیعت کے بغیر چارہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے لئے سب سے آسان راستہ کسی مرشد متبع سنت کا دامن مضبوطی سے تھامنا ہے۔

مرشد کامل ولی کامل پانچ زبانوں(عربی، اردو، فارسی، پشتو اور چلاسی) کے شاعر اور علم لدنی کے مالک حضرت اقدس مولانا غلام نصیر المعروف چلاسی بابا دامت برکاتہم نے مولانا حافظ اقبال قریشی مدظلہ کو سلاسل اربعہ (نقشبندی و سہروردی و قادری اور چشتی) میں خلافت اور بیعت کی اجازت عطا فرمائی تاکہ لوگ گمراہی سے نکل کر ہدایت کے راستے پر آئیں۔ اس سے قبل دنیا کے اکابرین علماء جن میں خاص طور پر شیخ حرم مولانا محمد مکی حجازی مدظلہ نے حرم کعبہ میں بخاری شریف کے اسباق پڑھا کر وہ عالی اجازت عطا فرمائی جس میں چار واسطوں کے بعدسندِ اجازت حضورِ اقدس تک پہنچتی ہے۔ مولانا حافظ محمد اقبال قریشی صاحب نے اجازت حاصل کی مولانا محمد مکی مدظلہ سے انہوں نے مولانا خیر محمدؒ انہوں نے امۃ الرؤف (شاہ اسماعیل شہیدؒ کی بہن) انہوں نے شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، انہوں نے شیخ جنی (جن صحابی ہے) انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت لی۔

نوٹ:۔

۱۔پیر مولانا حافظ اقبال قریشی صاحب سے بیعت کیلئے صرف بروز جمعۃ المبارک کو رابطہ کریں۔

۲۔ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو درس قرآن حکیم اور مجلس مراقبہ کا اہتمام جامع مسجد الشیبی میں ہوگا۔

محترم ومکرم: السلام علیکم

کتاب وظائف الصالحین کا ہدیہ پیش خدمت ہے۔اس قیمتی کتاب میں اسماء الحسنیٰ کے فضائل، منزل (آسیب وسحر سے حفاظت کے لئے قرآنی آیات)، درود شریف سے مشکلات کا حل، متفرق دعائیں، رحمتوں والے اعمال، رزق میں برکت کے اعمال، قرآنی دعائیں، دعاؤں سے بیماریوں کا علاج، سحر وجادو سے حفاظت، قرآنی سورتوں کے فضائل وغیرہ قلمبند کئے گئے ہیں۔

روزمرہ کی عام مشکلات اور روحانی بیماریوں کے حل کے لئے زیر نظر کتاب آج کل کے دور میں ایک اکسیر کا درجہ رکھتی ہے کیونکہ اس میں موجود مواد قرآن وسنت سے ماخوذ ہے اور اکابرین کی تعلیمات کو سامنے رکھتے ہوئے روزمرہ کے اوراد و وظائف پر ایک بہترین مجموعہ ہے۔ اپنی مشکلات اور مسائل کے (عند اللہ) پسندیدہ حل کے لئے ہمیشہ قرآن وسنت سے رجوع فرمائیں۔ اس مجموعہ سے جتنی دعائیں بآسانی یاد ہوسکیں کوشش کریں اور فرصت کے لمحات مثلاً سفر میں انتظار کرتے ہوئے پڑھنے کی عادت بنائیں اور دوست احباب کو بھی ترغیب دیں۔ اور اپنے لئے اور پوری امت کے لئے خصوصی دعا کا اہتمام فرمائیں۔